مجرّبات صدّیق
مفید ومؤثر اور آسان عملیات وتعویذات جن کو کرنے کی ہر شخص کو اجازت ہے
ازافادات
حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد صاحب باندوی رحمۃ اللہ علیہ
جمع وترتیب
محمد زید مظاہری ندوی
استاذ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
کتب خانہ نعیمیہ دیوبند

تفصیلات

نام کتاب:۔۔۔۔۔ مجربات صدیق
عملیات و تعویذات:۔۔۔۔۔ حضرت مولانا صدیق احمد صاحب باندویؒ
جمع و ترتیب:۔۔۔۔۔ محمد زید مظاہری ندوی

یا جلیل - زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا گھول کر پیئے تو ہر ایک شخص اسکے دل میں اسکی جلالت پیدا ہوگی

اجمالی فہرست مجربات صدیق

Scanned by CamScanner

فہرست مجربات صدیق

باب۳ تعویذ سے متعلق ضروری ہدایات

صفحات

صفحات

باب۴ حفاظت کے عملیات

باب۵ آسیب بھوت پریت جنات و شیاطین کا علاج

صفحات

باب ۶ سحر جادو اور سفلی عمل کی کاٹ

صفحات

باب ۷ مختلف بیماریوں اور عوارض کے لئے

صفحات

صفحات

باب ۸ قوت حافظہ اور زبان کی لکنت دور کرنے کے عملیات

صفحات

باب ۹ رشتے کے لئے

باب ۱۰ میاں بیوی میں الفت و محبت کے لئے

صفحات

باب ۱۱ استقرار حمل او حصول اولاد اور اصلاح اولاد کے لیئے

صفحات

باب ۱۲ ملازمت، کاروبار میں برکت اور ادائیگی قرض کے لیئے

صفحات

باب ۱۳ مختلف پریشانیاں اور ان کا حل

باب ۱۴ مقدمہ امتحان اور الیکشن میں کامیابی کے لئے

صفحات

باب ۱۵ گم شدہ سامان اور بھاگے شخص کی واپسی کے لئے

باب ۱۶ متفرق عملیات

صفحات

باب ۱۷ حکومت کے مظالم اور اس کا علاج

عرض مرتب

حضرت اقدس مولانا سید صدیق احمد صاحب باندویؒ اللہ تعالیٰ کے ان خوش نصیب بندوں میں سے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے مختلف جہتوں سے مخلوق کو نفع پہنچایا، مخلوق کی خدمت وراحت رسانی آپ کے خصوصی اوصاف میں سے تھی، خدمت خلق کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں، منجملہ ان کے رقیہ یعنی عملیات و تعویذات کے ذریعہ اللہ کی مخلوق کو مصائب سے خلاصی دلانا بھی ہے، رسول اللہ ﷺ کے فرمان سے اس راہ سے بھی مخلوق کو نفع پہنچانے کی ترغیب معلوم ہوتی ہے۔

مسلم شریف کی روایت ہے حضرت جابرؓ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ہم کو رقیہ (جھاڑ پھونک) سے منع فرمادیا، عمر بن حزم حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم بچھو وغیرہ کے لئے رقیہ (یعنی جھاڑ پھونک) کرتے تھے اور آپ نے اس سے منع فرمایا ہے، عمر بن حزم نے اپنے رقیہ کو حضور ﷺ کے سامنے پیش کیا کہ میں یہ کرتا ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور فرمایا من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلیفعل یعنی اپنے بھائی کو جو نفع پہنچا سکتا ہو اسکو نفع پہنچانا چاہئے۔ (مسلم شریف ۲/۲۲۴)

شیخ الاسلام حافظ ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ میں مجنون، مصروع، آسیب زدہ، مصیبت زدہ کے علاج کی بڑی ترغیب فرمائی ہے اور لکھا ہے کہ انبیاء وصلحاء کا معمول رہا ہے (فتاویٰ ابن تیمیہ ص ۵۶ ج ۱۹) اور رقیہ کی بابت یہاں تک تحریر فرمایا ہے۔ یجوز بل یستحب وقد یجب ان یذ ب عن المظلوم وان ینصرفان نصر المظلوم مامور بہ بحسب الامکان (فتاویٰ ابن تیمیہ ۱۹/۴۹)

یعنی رقیہ کرنا جائز بلکہ مستحب اور بسا اوقات مظلوم بے کس کی مدد کرنا واجب تک ہوتا ہے کیونکہ حتی الامکان مظلوم کی مدد کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اس کے بعد شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے بطور دلائل کے مختلف احادیث ذکر فرما کر اخیر میں حضرت جابرؓ کی مذکورہ حدیث ذکر کی ہے۔ وفی صحیح مسلم ایضاً عن جابر ان رسول اللہ ﷺ لماسئل عن الرقی قال من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلیفعل لکن

ینصر بالعدل کما امر اللہ ورسولہ مثلا الادعیۃ والاذکار الشرعیۃ۔ (فتاویٰ ابن تیمیہ ۱۹/۵۰)

یعنی رسول اللہ ﷺ سے جب رقیہ کی بابت سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا جو اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہو اسکو کرنا چاہئے لیکن حدود شرع میں رہتے ہوئے یعنی ماثور دعاؤں اور مشروع اذکار کے ذریعہ، یہی وجہ ہے کہ برابر اسلاف وصلحاء کا معمول رہا ہے کہ آیات قرآنیہ ادعیہ ماثورہ، اذکار مشروعہ اور اسماء الٰہیہ کے ذریعہ رقیہ کر کے مخلوق کو فائدہ پہنچاتے رہے ہیں۔ شیخ الاسلام نے بعض تعویذات اپنے فتاویٰ میں نقل فرمائے ہیں اور کاغذ پر روشنائی سے لکھ کر گھول کر پینے اور باندھنے کا جواز تحریر فرمایا ہے۔ (ص ۶۴ ج ۱۹)

احقر کے پیر و مرشد حضرت اقدس مولانا سید صدیق احمد صاحب باندویؒ باقاعدہ عامل تو نہیں تھے نہ ہی اس فن سے مناسبت تھی لیکن لوگوں کی ضرورت وحاجت کے پیش نظر مخلوق کو نفع پہنچانے کے لئے اپنے شیخ حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ کے حکم سے حسب ضرورت لوگوں کو آیات قرآنیہ وغیرہ لکھ کر دے دیا کرتے تھے لیکن اللہ کی شان کہ حضرت کے اخلاص وللّٰہیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے آپ کے دیئے ہوئے تعویذات اور بتلائے ہوئے عملیات میں بڑی تاثیر رکھی تھی، سیکڑوں نہیں ہزاروں آپ کے مجربات سے شفایاب اور بامراد ہوئے یہ رسالہ دراصل حضرت کے انہیں مجرب عملیات ووظائف کا مجموعہ ہے۔

حضرت اقدس جو بھی وظائف اور عملیات بتایا کرتے تھے ان میں خاص بات یہ ہے کہ وہ آسان بہت ہیں ہر ایک کو ان کا کرنا آسان ہے اور ہر ایک کو ان کے کرنے کی اجازت بھی ہے اور ان میں بکثرت تو وہ ہیں جو حدیث پاک سے ثابت ہیں یا آیات قرآنیہ پر مشتمل اور اسماء الٰہیہ ادعیہ ماثورہ سے ماخوذ ہیں خاص طور پر معوذتین اور سورہ فاتحہ کہ احادیث پاک میں ان کے ذریعہ رقیہ کرنے کا حکم آیا ہے، سورہ فاتحہ کو رسول اللہ ﷺ نے ہر بیماری سے شفاء بتلایا ہے۔ (بیہقی معارف القران) اسلئے حضرت کے عملیات میں بھی اسکا استعمال بکثرت ہے۔

وظائف و عملیات اور تعویذات کے سلسلہ میں حضرت اقدسؒ اس بات کو بھی ملحوظ رکھتے تھے کہ

لوگ اسی کو مقصود اور کافی سمجھ کر دعاء اور اللہ کی طرف سے غفلت کا شکار نہ ہو جائیں، حضرت کی کوشش یہ ہوتی تھی کہ یہ عملیات ووظائف تعلق مع اللہ اور انابت الی اللہ کا بھی ذریعہ بن جائیں، اسی بہانہ سے لوگ اللہ کی طرف جھکیں، چنانچہ اگر کسی کو وظیفہ بتلاتے تو اس میں یہ شرط لگاتے کہ نماز کے بعد یہ دعا یا وظیفہ اتنے مرتبہ پڑھ کر دعاء کرنا تو فائدہ ہوگا۔ خصوصاً نماز کی شرط تو ضرور لگادیتے، ڈاک لکھواتے وقت فرماتے تھے کہ ہر خط میں وظیفہ کے ساتھ نماز کی قید ضرور لگادو، اسی بہانے نماز پڑھیں۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ فرماتے ہیں

مجھ سے تو اگر کوئی بے نمازی دنیا کا وظیفہ پوچھتا ہے تو میں ایسا وظیفہ تجویز کرتا ہوں جس میں پانچوں نمازوں کے پڑھنے کی قید ہو تاکہ اسی بہانے سے نماز کی پابندی نصیب ہو جائے، اور دنیا ہی کے طفیل آخرت کی طرف توجہ ہو جائے (وعظ راحت القلوب ملحقہ ذکر و فکر ص ۷۲۲ مطبوعہ پاکستان)

بس یہی نظریہ حضرت اقدسؒ کا بھی تھا کہ عملیات ووظائف کے ذریعہ بھی لوگوں میں تعلق مع اللہ اور انابت الی اللہ کی صفت پیدا ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے احقر کو حضرت اقدس کی خدمت میں تقریباً بیس برس رہنے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ حضرت اقدسؒ کی علمی تصنیفی تالیفی خدمات، ڈاک لکھوانا، آنے والے مہمانوں کا کام کرانا احقر سے متعلق تھا، ڈاک میں جو خطوط آتے اور حضرت ان کے جواب لکھواتے ان میں جو امت کے لئے مفید ہوتے اور علمی و عملی اور اصلاحی و تبلیغی اعتبار سے کوئی مفید پہلو ہوتا احقر اسکو نقل کرتا رہتا تھا بعد میں حضرت سے نظر ثانی بھی کرالیتا۔ منجملہ ان کے ڈاک میں آئے ہوئے وہ خطوط بھی تھے جو عملیات ووظائف سے متعلق ہوتے تھے۔ یہ رسالہ دراصل ان ہی خطوط کا مجموعہ ہے۔ یوں کہنا چاہئے کہ حضرت کے جتنے عملیات و مجربات تھے خطوط کے واسطے سے وہ سب جمع ہو گئے۔ نیز حضرتؒ کی بیاض خاص میں بعض عملیات و تعویذات ملے وہ بھی اس میں شامل کر دیئے گئے اللہ تعالیٰ اس حقیر کوشش کو قبول فرمائے۔

محمد زید مظاہری ندوی
استاد دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
۱۰ ربیع الاول ۱۴۲۳ھ

تقریظ نفیس

حضرت مولانا نفیس اکبر صاحب مدظلہ شیخ الحدیث و صدر المدرسین جامعہ عربیہ ہتورا۔ باندہ

حمداً وصلاۃً وسلاماً۔ عزیزم مولانا مفتی محمد زید صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ سابق استاذ جامعہ عربیہ ہتورا ضلع باندہ، اور فی الوقت استاد کلیۃ الشریعۃ ندوۃ العلماء، لکھنؤ نے پہلے حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے مواعظ و ملفوظات کو بڑی محنت و جانفشانی سے شہ پاروں کو نہایت سلیقہ سے ترتیب دیا۔ اور افادات اشرفیہ کو امت کے سامنے بڑے اچھے انداز سے پیش کیا، جس پر اکابر علماء اور ائمہ ہدایت سے داد تحسین حاصل کی، اب وہ عالم ربانی عارف باللہ حضرت مولانا سید صدیق احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے علوم و معارف پر کام کرنے کی جانب متوجہ ہیں، حیات صدیق اور افادات صدیق لکھنے کے بعد حضرتؒ کے دوسرے تبرکات کی اشاعت میں مصروف ہیں، ان تبرکات میں مجربات صدیق پر کام کر رہے ہیں۔

مجربات صدیق حضرت باندوی رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عملیات کا مجموعہ ہے، حضرتؒ کو شروع میں تعویذ گنڈہ کے کام سے بہت پرہیز تھا، لیکن جب حضرت کو یہ تجربہ ہوا کہ جاہل قسم کے لوگ عملیات کے ذریعہ عوام المسلمین کا استحصال کرتے ہیں تو حضرت نے عملیات کو اختیار کیا، اور بلا معاوضہ خدمت خلق کے طور پر اس کو شروع کر دیا۔ اور اس سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ امت کا ایک بڑا طبقہ اہل حق سے جڑا۔ بہر حال نہ چاہتے ہوئے بھی حضرت اس کام کو کرتے رہے اور اہل حاجت کو بڑا نفع ہوتا رہا۔ مفتی زید صاحب کے ذریعہ جو کام ہو رہا ہے وہ بھی ایک مفید کام ہے اللہ تعالیٰ اس کو جلد تکمیل تک پہنچائے۔ آمین

نفیس اکبر۔ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا عبداللہ حسنی ندوی مدظلہ العالی استاد کلیۃ الشریعۃ ندوۃ العلماء، لکھنؤ

الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد بن عبد اللہ الامین وعلیٰ آلہ و صحبہ اجمعین۔۔

آج اس دنیا کا تھکا ماندا انسان سکون کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا ہے۔ اس کی اس بیکسی سے فائدہ اٹھا کر بہت سے شاطر مزاج لوگ اس کے بچے کھچے دین وایمان کا سودا بھی کر لیتے ہیں اور اسکو نیند کی ایک گولی دے کر اس کا سرمایہ بھی لوٹ لیتے ہیں۔ یہ سلسلہ کم وبیش ہر جگہ ہے لیکن برصغیر اس کی خاص منڈی ہے جہاں عملیات کا نہ ختم ہونے والا ایک سلسلہ ہے جس میں جائز ناجائز یہاں تک کہ شرکیات سے بھی احتیاط نہیں۔ ہمارے علماحق نے اس کے توڑ کے لئے اور غیروں کو حق آشنا کرنے اور اسکو قبول کرانے کے لئے نہایت محتاط اور صاف ستھرے طریقہ سے پھونک جھاڑ کا وہ شرعی طریقہ اختیار کیا جس کا ثبوت صحیح احادیث سے ہے اور جس میں کسی کو کلام نہیں ہوا۔ اپنے اپنے زمانہ میں اس کے ذریعہ بندگان خدا کو نفع پہنچانے کی کوششیں کی جاتی رہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے اچھے نتائج بھی سامنے آتے رہے۔ لیکن اس کو آڑ بنا کر بہت سے ایسے لوگ اس میدان میں آگئے جو کسی طرح اس کے اہل نہیں تھے اور ہمارے ملک کی زود اعتقادی اور توہم پرستی نے اس کو بہت بڑھاوا دے دیا اور ہر شخص اس جال میں پھنسا نظر آنے لگا۔ اس طرح جعلسازوں اور جھوٹے عاملوں کی ایسی گرم بازاری ہوئی کہ ایسے لوگ بھی اس بازار میں پہونچ گئے جن کو اس کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھنا چاہیے تھا۔

صحیح حدیث میں یہ بھی آتا ہے جو پھونک جھاڑ نہیں کراتے اور اللہ پر بھروسہ رکھتے ہیں وہ بغیر حساب وکتاب کے جنت میں جائیں گے، انہی علماء حق کے اس آخری دور میں مقبول و مبارک ہستی عارف باللہ حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد صاحب باندوی کی تھی جنہوں نے اپنے ذوق کے خلاف اس کو شروع کیا اور بہت جلد مقبول خاص وعام ہو گئے اور نہ جانے کتنے بندگان خدا کو ان سے فائدہ پہنچا۔

بڑی خوشی کی بات ہے کہ حضرت کے خادم وصحبت یافتہ مولانا مفتی زید صاحب مظاہری ندوی استاد دار العلوم ندوۃ العلماء نے حضرت کے ان مکاتیب کو شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے جو عملیات سے تعلق رکھتے ہیں جو نہایت ہی چشم کشا ہیں کہ حضرت نے کس قدر اہتمام قرآن وحدیث کی دعاؤں اور الفاظ کا کیا ہے۔ اور ہر اس چیز کی شدت سے نفی کی ہے جس سے کسی کا عقیدہ خراب ہو یا وہ توہم پرستی کا شکار ہو، اور اس کا تعلق اس مالک حقیقی سے جوڑنے کی کوشش کی جس کے دست قدرت میں سارا نظام ہے۔

انشاءاللہ یہ مکاتیب ان تمام لوگوں کے لیے مشکلات و پریشانیوں سے نجات کا ذریعہ بنیں گے جو ان کے علاج کے لئے دربدر ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں، اور صحیح طریقہ نہ جاننے کی وجہ سے ہمیشہ پریشانیوں کا شکار رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو جنت الفردوس میں مقام عطا فرمائے اور درجات بلند فرمائے اور ہم سب کو ہدایت عطا فرمائے۔

اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم.

☆☆☆

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کا مکتوب گرامی

حضرت مولانا سید صدیق احمد صاحب باندوی کے نام

۲۰ر شوال المکرم ۱۴۰۶ھ

محبی و مخدومی جناب مولانا قاری صدیق صاحب نفع الله به الخلائق و ادام فیضه

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوگا۔

آپ کے دو مرتبہ کانپور بغرض علاج و معائنہ کی اطلاع ملی تھی، خود ہماری صحت اس قدر کمزور و متاثر چل رہی ہے کہ ہم کانپور حاضر ہونے کی ہمت نہ کر سکے اور مزاج پرسی کی سعادت حاصل نہ کر سکے۔ خدا کرے اب صحت اور طبیعت اعتدال پر ہو۔ آپ کا تعزیت نامہ پہنچا تھا آپ کی دعاء اور ایصال ثواب ہی بڑی دولت ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں مرحومات کی مغفرت فرمائے اور درجے بلند کرے۔ بہت تھوڑے فصل سے دونوں واقعات پیش آئے۔ اس لئے طبیعتوں پر بہت اثر ہے۔ ہمشیرہ صاحبہ مرحومہ بالکل ماں کے قائم مقام تھیں۔ اب خاندان میں ایسا کوئی شفیق و مشفق اور بزرگ ہستی نہیں رہی۔

یہ خط اس ضرورت سے لکھا جارہا ہے کہ ہمارے ایک کرم فرما............ صاحب جو تمباکو کا کاروبار کرتے ہیں وہ آج کل بہت پریشان ہیں ان کی صحت پر بھی اثر ہے اور ان کے پوتے پر بھی۔ معلوم ہوا ہے کہ عمل سفلی کیا گیا ہے۔ آپ کے تلقین کئے ہوئے اوراد اور تسبیحات پڑھتے ہیں وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہے ہیں مزید توجہ کے طالب ہیں امید ہے کہ خصوصی توجہ فرمائی جائے گی اور ان کی یہ پریشانی دور ہوگی۔ وہ آپ سے بہت عقیدت رکھتے ہیں امید ہے کہ آپ دعاء و دوا دونوں کی کوشش کریں گے اور ان کی پریشانی دور ہو۔

راقم دو ہفتہ سے تقریباً لکھنؤ میں تھا اب رائے بریلی جارہا ہے وہاں ڈیڑھ دو ہفتے قیام کا ارادہ ہے اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و قوت کے ساتھ رکھے اور آپ کا فیض جاری رہے۔

والسلام دعاء گو و طالب دعا۔

ابوالحسن علی ندوی ۱۱ر مارچ ۹۶۔

تعویذ کے لئے سفارشی خط لکھانے پر تنبیہ

ایک صاحب نے حضرت سے تعویذ لینے کے لئے مولانا علی میاں صاحب سے سفارشی پرچہ لکھوایا حضرت نے ان کو تعویذ ارسال فرمایا اور مندرجہ ذیل خط تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

میں تو ہر ایک کا کام کر دیتا ہوں۔ آپ نے تعویذ کے لئے حضرت والا کو زحمت دی اور ان سے تحریر لی۔ میرے لئے کتنی شرمندگی کی بات ہے آئندہ ایسا نہ کیجئے۔ میں اگر کام نہ کرتا تب آپ ایسا کرتے۔ تعویذ بھیج رہا ہوں۔ صدیق احمد

تعویز سے متعلق ضروری احکام

(۱) تعویذ اگر قرآنی آیت کا ہو اس کا بے وضو لکھنا جائز نہیں۔

(۲) ایسے تعویذوں کو بے وضو ہاتھ لگانا بھی جائز نہیں۔ مگر عاملین اس طرف توجہ نہیں کرتے اور آیات قرآنیہ بے وضو لکھ دیتے ہیں۔ اسی طرح بے وضو آدمی کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں حالانکہ بے وضو اس کا لکھنا اور چھونا دونوں ناجائز ہے۔ (التقی فی احکام الرقی ص ۳۴)

(۳) اگر کسی کافر کو تعویذ دینا ہو تو بہتر ہے کہ قرآنی آیات نہ لکھے بلکہ یا تو حروف جدا جدا لکھ دے یا ان حروف کے ہندسے لکھ دے یا اور کچھ جائز عبارت لکھ دے۔

(۴) تعویذ جب کپڑے میں لپٹا ہو بیت الخلاء میں جانا جائز ہے۔ (اغلاط العوام، ص ۴۷)

(۵) اگر قرآنی آیت تشتری پر لکھی جائیں تو ان کے لکھنے اور چھونے کے لئے بھی وضو شرط ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ اگر طالب (یعنی تعویذ لینے والا) باوضو نہ ہو تو خود عامل ا... لکھ کر پانی سے دھو کر اس کو دے دے۔

(۶) جب تعویذ کی ضرورت نہ رہے بہتر ہے کہ اس تعویذ کو دھو کر وہ پانی کسی پاک جگہ چھوڑ دے۔ (التقی فی احکام الرقی ص ۳۴)

(۷) جب تعویذ سے کام ہو چکے اس کو قبرستان میں کسی احتیاط کی جگہ دفن کر دے۔

(اعمال قرآنی ص ۳)

باب ۱

قرآنی آیات، عملیات و تعویذات سے فائدہ نہ ہونے کی ایک وجہ

ایک صاحب نے لکھا کہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ کے تحت مفسرین نے لکھا ہے کہ اس میں دعاء تعویذ بھی داخل ہے۔ اور تبلیغی نصاب میں لکھا ہے کہ سورۂ فاتحہ میں ہر مرض سے شفا ہے اور بھی حدیثوں میں اس طرح کی دعائیں منقول ہیں جن میں شفاء کا تذکرہ ہے لیکن جب ان کو آزمایا گیا اور اس کے مطابق عمل کیا تو فائدہ نہیں ہوا۔ کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا۔ اس کی کیا وجہ ہے اس کے برخلاف اگر کوئی کسی کو گالی دے تو اس کا اثر فوراً ظاہر ہو جاتا ہے۔ قرآن تو اللہ کا کلام ہے اس کا اثر کیوں نہیں ہوتا۔ الحمد للہ میرا ایمان تو اس پر ہے لیکن یہ اشکال ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

اعتقاد اور یقین کی کمی، اللہ پاک کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کی کمی کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔

صدیق احمد

وظائف و عملیات سے فائدہ نہ ہونے پر اشکال اور حضرت اقدس کا جواب

ایک صاحب نے اپنی متعدد پریشانیاں لکھیں اور لکھا کہ میں تو پریشان ہی ہوں گھر کا ہر فرد بچہ بچہ پریشان ہے۔ بہت سے مسائل میں الجھا ہوا ہوں۔

آپ نے اس سے پہلے یا فتاح والا وظیفہ پڑھنے کا حکم فرمایا اس کو پابندی سے پڑھتا ہوں

جد و جہد بھی کرتا ہوں لیکن کوئی فائدہ نظر نہیں آیا۔

حضرت اقدس دامت برکاتہم نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ کیسے معلوم ہوا کہ فائدہ نہیں ہوا۔ فائدہ کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں کبھی اس طرح فائدہ ہوتا ہے کہ آنے والی بڑی مصیبت ٹل جاتی ہے۔

درود شریف کی کثرت رکھیں جلد بازی سے کام نہ لیجئے۔

دعاء کرنا درخواست ہے۔ بندے کے حق میں جو بہتر ہوتا ہے اللہ پاک اس کا فیصلہ فرما ہیں بندے کو اس پر یقین کرنا چاہئے اور اس پر راضی رہنا چاہئے۔ انشاء اللہ مشکلات دور ہوں گ

صدیق احمد

عمل سے فائدہ نہ ہونے پر اشکال و جواب

علاج و تدبیر کے بعد اللہ کے فیصلہ پر راضی رہنا چاہئے

ایک صاحب کی اہلیہ عرصۂ دراز سے بیمار تھیں، انہوں نے بہت علاج کیا لیکن فائدہ نہیں ان صاحب کو یہ اشکال تھا کہ اگر یہ سحر یا آسیب کا اثر ہے تو آیات قرآنیہ سے فائدہ کیوں نہیں پورا خط طرح طرح کے وساوس اور اشکالات سے بھرا ہوا تھا حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

آپ وسوسہ نہ کریں، علاج کریں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا لکل داء دواء ہر مرض کا علاج بندہ کا کام یہ ہے کہ شرعی تدبیر پر عمل کرے اس کے بعد اللہ پاک کی طرف سے جو فیصلہ ہو راضی رہے، بندہ کا یہ کام نہیں کہ اپنی مرضی کے مطابق اللہ پاک سے فیصلہ کرائے، ان کے فیصلہ پر راضی رہنا بندہ کا وظیفہ ہے، معوذتین اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا کریں انشاء اللہ نفع ہوگا۔ صدیق

وظیفہ اور عمل سے فائدہ نہ ہونے کا شبہ اور اس کا جواب

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ اس وقت میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ چاروں طرف سے دروازے بند ہیں' آمدنی کا ذریعہ کوئی نہیں' آپ نے یافتاح کا وظیفہ پڑھنے کے لئے فرمایا تھا اس کو پڑھا اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اب تک کوئی دروازہ نہیں کھلا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فائدہ آپ کس کو سمجھتے ہیں۔ خدا کا نام لیا جائے اور پھر فائدہ نہ ہو۔ معلوم نہیں کیا کیا مصائب دور ہوئے ہوں گے۔ عزت و آبرو کے ساتھ آپ موجود ہیں یہ فائدہ نہیں ہے۔ جو آپ چاہیں وہی ہو جائے تو فائدہ۔ اللہ پاک آپ کے حق میں جو بہتر سمجھیں وہ معاملہ کریں تو اس میں فائدہ نہیں۔ آپ دل کے یقین کے ساتھ عمل کریں اور خدا پر بھروسہ رکھیں۔ صدیق احمد

وظیفہ اور تعویذ سے فائدہ نہ ہونے کی شکایت

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ آپ نے دو تعویذ دیئے تھے دونوں استعمال کئے یا لطیف والا ورد بھی کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ اور آمدنی کم ہو گئی' اس طرح کی شکایتیں لکھی تھیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

وظیفہ سے فائدہ ہوتا ہے بشرطیکہ اعتقاد ہو۔ بڑی مصیبت آنے والی ہو وہ ٹل جائے یہ فائدہ نہیں ہے۔ خدا سے مانگا جائے اور پھر یہ ذہن میں ہو کہ اس سے کوئی فائدہ نہیں یہ عقیدہ کیسا ہے؟ آپ کو خدا پر اعتماد نہیں تو کیا فائدہ ہوگا۔ صدیق احمد

دعاء اور ظیفہ سے فائدہ نہ ہونے کی شکایت

ایک عورت نے اپنے گھر کا اجمالی تذکرہ کیا اور لکھا کہ آپ نے جو وظیفہ بتلایا تھا میں نے پورا چلہ کیا گھر میں سورہ بقرہ بھی پڑھوائی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ زید مجدہا السلام علیکم

گھر کے حالات پھر لکھ کر بھیجئے۔ میرے ذہن میں وہ حالات نہیں رہے۔ اللہ کے کلام میں تو بہت اثر ہے۔ معلوم نہیں کون سی مصیبتیں دور ہوئیں اگر ان مصائب سے نجات حاصل ہوئی اور نہیں نازل ہوئیں تو کیا یہ فائدہ نہیں۔ آپ خدا پر بھروسہ کیجئے۔ اور شریعت کے مطابق عمل کرتی رہیں اس سے سب کو فائدہ ہوتا ہے انشاء اللہ آپ کو بھی ہوگا۔ صدیق احمد

یہ خیال غلط ہے کہ ذکر اور وظیفہ سے فائدہ نہیں ہوا

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ حضرت والا نے جو وظیفہ اور ذکر بتلایا تھا پابندی سے اس کو کرتا ہوں۔ سارے معمولات پورے ہو رہے ہیں لیکن ابتک کوئی فائدہ نظر نہیں آیا۔ حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

فائدہ کا کیا مطلب ہے۔ اگر یہ مطلب ہے کہ جو آپ چاہتے تھے نہیں ہوا۔ ہو سکتا ہے یہ فائدہ نہ ہوا ہو۔

اللہ کا نام ہے اس کے ذکر کرنے سے ثواب ملا۔ جنت میں جانے کا سامان ہوا۔ کوئی آفت آنے والی دور ہو گئی ہو آپ کے نزدیک یہ فائدہ نہیں ہے۔ صدیق احمد

ایک اور صاحب کو تحریر فرمایا:-

مکرمی السلام علیکم
یہ اللہ کا نام ہے۔ اس کے پڑھنے سے نفع ہوتا ہے۔ معلوم نہیں کیا کیا مصائب دور ہوں۔ آپ کہتے ہیں کوئی اثر نہیں ہو رہا ہے۔

صدیق احمد

ذکر اور وظیفہ کے فوائد

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں عرصہ سے پریشان ہوں۔ روزی میں بالکل برکت نہیں کوئی نوکری نہیں ملتی۔ جس عالم نے جو پڑھنے کو بتلایا اس کو پڑھا لیکن کسی چیز کا نفع محسوس نہیں ہوا۔ کچھ بھی اثر نہیں دیکھا۔ آپ کوئی وظیفہ یا ذکر پڑھنے کو بتلائیں انشاء اللہ اس کو پڑھوں گا دعاء فرمایئے اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب فرمائے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ پاک کا جب ذکر کیا جاتا ہے۔ اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔ اعمال صالحہ کی توفیق ہوتی ہے۔ کیا یہ نفع نہیں ہے؟ مال و دولت ہی صرف نفع کی چیز ہے۔

آپ اس یقین کے ساتھ ذکر کیجئے کہ میرا پروردگار مجھ کو محروم نہ فرمائے گا۔

نماز کے بعد یَافَتَّاحُ بھی ۱۲۵ بار پڑھ لیا کیجئے انشاء اللہ روزی میں برکت ہو گی۔

صدیق احمد

دعا وظیفہ سے فائدہ ہوتا ہے
اللہ تعالیٰ سے بدگمانی نہیں کرنا چاہیے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں بہت پریشان ہوں۔ عرصہ سے بیمار ہوں۔ ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتا ہوں تب بھی فائدہ نہیں ہوا۔ قرض بھی کافی ہے۔ آپ کا دیا ہوا وظیفہ پڑھ کر دعا کرتا ہوں اس سے بھی فائدہ نہیں ہوا اللہ سے دعا کر دیجئے کہ میرا کاروبار ٹھیک ہو جائے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:-

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہاں ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔

اللہ کا نام لے اور فائدہ نہ ہو؟ آپ نے فائدہ صرف اس میں سمجھا ہے کہ جو بھی مانگا جائے وہ مل جائے۔ اگر کوئی مصیبت دور ہو رہی ہے تو کیا وہ فائدہ نہیں ہے؟ اللہ پاک کے ساتھ بدگمانی کرنے سے آدمی کا نقصان ہوتا ہے۔ کبھی ایسا خیال نہ کیجئے۔

صدیق احمد

کسی کام میں تاخیر ہوتی ہے اس میں مصیبت ہوتی ہے بندہ جب یہ گمان کرتا ہے کہ میری دعاء نہیں قبول ہو رہی یا وظیفہ سے مجھ کو فائدہ نہیں ہو رہا تو پھر اللہ کی رحمت کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اللہ کا نام لیا جائے اور فائدہ نہ ہو؟ مؤمن کو ان باتوں کا لحاظ رکھنا چاہیے کوئی بات ایسی نہ ہو جو اللہ پاک کو ناگوار ہو۔

صدیق احمد

عملیات سے فائدہ نہیں ہوا اب صرف دعاء کیجئے

ایک غیر مسلم باوقار شخص نے خط میں اپنی مختلف پریشانیاں لکھیں اور اس سے قبل غالبًا وہ حضرت سے عملیات تعویذات کرا چکے تھے لیکن ان کو فائدہ نہیں ہوا اس لئے مکرر لکھا حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی آداب

حالات کا علم ہوا۔ آپ نے عمل کر لیا اب تو دعاء ہی کا ایک سہارا ہے۔ آپ بھی دعاء کریں ہم لوگ بھی دعاء کریں گے۔ مالک آپ کی پریشانی دور کر دے۔ آپ ہندی میں خط لکھ دیا کریں دوسرے سے لکھانے کی کیا ضرورت ہے۔ ہندی میں جواب بھی آپ کو پہنچ جائے گا۔

صدیق احمد

تعویذ نہیں اصل دعاء ہے

ایک صاحب نے خط میں اپنی پریشانیوں کی فہرست لکھی اور دعاء کی درخواست کے بعد تعویذ بھی طلب فرمایا حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔ آپ بھی دعاء کیا کریں، تعویذ بھیج رہا ہوں، بازو میں باندھ دیا جائے، اصل تو دعاء ہی ہے اسی سے انشاءاللہ بر آری ہو گی۔ صدیق احمد

دعاء تعویذ سے فائدہ نہیں ہوا

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ آپ نے تعویذ دیا تھا اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ برابر دعاء کر رہا ہوں لیکن پریشانی کم نہیں ہو رہی۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم

بندہ کا کام دعاء ہے۔ خدا کے فیصلہ پر راضی رہنا یہی بندہ کا مقام ہے۔ دعاء میں اللہ پاک نے بڑی برکت رکھی ہے۔ کبھی وہی چیز مل جاتی ہے، کبھی کوئی بڑی آفت دور ہو جاتی ہے۔ کبھی آخرت کے لئے ذخیرہ ہوتی ہے۔ مایوس نہ ہونا چاہئے۔ صدیق احمد

تعویذات و عملیات کے چکر میں نہ پڑنا بہتر ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ میں نے عمل کیا حاضرات سامنے آجاتے ہیں اور قابو ہونے سے کتراتے ہیں آپ دعاء کر دیں گے تو قابو میں آجائیں گے۔ میرا استخارہ بھی یہی بتلاتا ہے کہ آپ کی کوشش سے وہ مسخر ہو جائیں گے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں آپ اس چکر میں نہ پڑیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس میں خطرات بہت ہیں۔ اعمال قرآنی میں جو تعویذیں لکھی ہیں ان کو دیکھ کر لکھ دیا کیجئے۔ صدیق احمد

صرف تعویذ پر قناعت نہ کیجئے علاج بھی کرائیے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا عرصہ سے بیمار چل رہا ہوں۔ آپ نے جو تعویذ دیا تھا اس سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

علاج کرائیے۔ صرف تعویذ پر قناعت کیوں کئے ہوئے ہیں۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ صدیق احمد

باب۲ عملیات کے چکر میں نہ پڑیئے

ایک صاحب نے حضرت مولانا محمد غوث کی کتاب جواہر خمسہ سے بہت سے عملیات اور اسماء الہیہ اور ان کے خواص تحریر کئے اس کا نصاب اور طریقہ زکوۃ بھی تحریر کیا۔ اور حضرت والا سے مشورہ لیا اور لکھا کہ مجھ کو سمجھائیے کہ کس طرح اس کو کروں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔ آپ اس چکر میں نہ پڑیں۔ مناسب یہی ہے۔ صدیق احمد

زعفرانی جنات

ایک صاحب نے تحریر فرمایا ہمارے یہاں ایک پاگل ہے لوگ کہتے ہیں کہ اگر زعفرانی جنات آکر ٹھیک کر دے تو درست ہو جائے گا اور یہ کام صرف مولانا صدیق احمد صاحب کر سکتے ہیں براہ کرم زعفرانی جنات بھیج کر اس کو صحیح کر دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم
سورۂ فاتحہ پانی پر سات دفعہ دم کر کے پلا دیجئے انشاء اللہ شفاء ہو گی۔ صدیق احمد

اس چکر میں نہ پڑیئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میں الف سے ی تک بہ ترتیب حروف ابجد کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ آپ ضرور لکھ کر جواب دیں گے۔ مہربانی ہو گی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اس بارے میں مجھے کچھ علم نہیں۔ آپ کیوں اس چکر میں پڑ رہے ہیں۔ کام کی بات کیجئے۔
صدیق احمد

مشتری اور مریخ جنات میرے قبضہ میں کرا دیجئے

مہاراشٹر سے ایک صاحب تشریف لائے حضرت نے ان کی میزبانی فرمائی احقر سے ان کی بے تکلفانہ باتیں ہوئیں ان کا کہنا تھا کہ جناتوں کی ایک قسم ہوتی ہے جن کو سلطان الجنات کہا چاہئے جن کا نام مشتری اور مریخ ہے وہ عمل وغیرہ کے ذریعہ کسی کے قبضہ میں نہیں آتے لیکن حضرت کی بزرگی کی وجہ سے حضرت کے زیر تصرف اور حضرت کے قبضہ میں ہیں اور حضرت جس کے لئے ان کو اجازت دے دیں گے ان کے بھی قبضہ میں ہو جائیں گے۔ وہ صرف اولیاء اللہ کے قبضے میں ہوتے ہیں۔ میں حضرت کے پاس اسی غرض سے اتنا لمبا سفر کر کے آیا ہوں اور انہوں نے بہت سے عجائبات بتائے اور دکھلائے۔

حضرت اقدس سے بیعت ہوئے لیکن اس درخواست کا حضرت سے صراحۃً تذکرہ کرنے کی ہمت نہ پڑی گھر جا کر حضرت کی خدمت میں جو خط لکھا اس میں اس کا اظہار کیا اور لکھا کہ جب سے آپ سے بیعت ہوا ہوں۔ عجیب راحت پاتا ہوں چالیس سال کا مجاہدہ بے کار معلوم ہوتا ہے۔ ایک درخواست پیش خدمت ہے کہ مشتری و مریخ دونوں رسول اکرم کا واسطہ ہیں مجھے کم از کم مشتری مستعار عطاء کیجئے۔ مشتری حکم کے منتظر ہیں آپ میرے لئے اجازت مرحمت فرما دیجئے۔ ناگود کے راجہ نے ولی عصر عبد القادر صاحب کو جب حد درجہ تنگ کیا تو حضرت نے اپنے شیخ سے رجوع کیا شیخ کی جانب سے مشتری کی عطایا ہوئی پھر فتوحات کا یہ عالم ہوا کہ راجہ بھی مشرف بہ اسلام ہوا۔

حضرت نے فرمایا کیا اسی غرض کے لئے یہ مجھ سے بیعت ہوئے تھے اور مندرجہ ذیل جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
خط ملا۔ مجھے اس قسم کی چیزیں کچھ نہیں معلوم۔ میں خود اتباع سنت کی خواہش رکھتا ہوں اور دوسروں کے لئے بھی یہی پسند کرتا ہوں۔ دنیا میں آنے کی یہی غرض ہے کہ آدمی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں اپنی ساری زندگی گذار دے۔ یہی کامیابی کا راستہ ہے۔ آپ نے جو حکایات لکھی ہیں یہ سب بے سند باتیں ہیں۔

خدا کا بندہ بنئے۔ اس کی بندگی کیجئے ان سب چکروں میں نہ پڑیئے اس میں سراسر نقصان ہی نقصان ہے۔ میرا حال یہ ہے،

نہ شبنم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم
جو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

صدیق احمد

احقر نے حضرت سے عرض کیا کہ مشتری و مریخ جنات کی بابت جو انہوں نے بتایا ہے کہ وہ آپ کے زیر تصرف ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ حضرت نے فرمایا مجھے تو کچھ معلوم نہیں۔

مجھے اس فن سے مناسبت نہیں

ایک صاحب نے ایک تعویذ نقل کر کے بھیجا اور لکھا کہ اس تعویذ کے لئے صور امیر کی نماز سو بار پڑھیں، لوبان کی دھونی دیں پھر تعویذ باندھیں۔ تو صور امیر کی نماز کس طرح پڑھی جاتی ہے؟ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
میں تعویذ اپنے حضرت کے حکم کی بنا پر لکھ دیا کرتا ہوں۔ اس فن سے مناسبت نہیں ہے۔ کسی جاننے والے کے پاس آپ خط لکھیں۔ میری رائے تو یہ ہے کہ آپ اس چکر میں نہ پڑیں۔ صدیق احمد

اس چکر میں نہ پڑیئے ورنہ جان کا خطرہ ہے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ احقر کو جن اور بھوت اور چڑیل دیو آسیب کا عمل مرحمت فرمائیں تاکہ وقت پر ان سب کا ضابط کر سکوں اور کوئی پریشانی نہ ہو میں جہاں قیام پذیر ہوں کفار مشرکین کی تعداد زیادہ ہے۔ ناپاک رہنے کی وجہ سے بھوت آسیب ان کو زیادہ پکڑتا ہے اس لئے حضرت والا سے گذارش ہے کہ احقر کو آسان عمل مرحمت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم
مجھے کچھ نہیں آتا۔ اللہ کے بندے آتے ہیں اللہ پاک جو کچھ دل میں ڈال دیتا ہے لکھ دیتا ہوں۔ آپ اس چکر میں نہ پڑیئے ورنہ جان کا خطرہ ہے۔ صدیق احمد

میرے قبضہ میں جنّات نہیں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں دس سال سے پریشان ہوں۔ عمل کر رہا ہوں کہ کوئی جنات میرے قبضہ میں آجائے لیکن اب تک مجھ کو اس میں کامیابی نہ ہو سکی آپ سے گذارش ہے کہ آپ کوئی ایسا عمل بتلا دیجئے جس سے جنات قبضہ میں ہو جائیں اور ہو سکے تو ایک جنات اپنے پاس سے مجھے دے دیجئے۔ آپ تو ولی اللہ ہیں سب کچھ کر سکتے ہیں میں کسی سے نہ کہوں گا۔
حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

مجھے اس قسم کا کوئی عمل نہیں معلوم۔ میں نے کبھی نہیں کیا۔نہ جنات میرے قبضہ میں ہیں۔

اسی طرح کی درخواست پر ایک صاحب کو تحریر فرمایا

صدیق احمد

مکرمی السلام علیکم

آپ اس قصہ میں نہ پڑیں ورنہ نقصان ہوگا۔ شریعت پر عمل کرتے رہئے۔ مؤکل کو تابع کرنا ناجائز ہے۔ آپ کو کس نے یہ بتایا ہے۔

صدیق احمد

جناتوں کو تابع کرنا جائز نہیں

جناتوں کو بلانے سے کیا فائدہ فرشتوں کو بلایئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ آپ کے قبضہ میں بہت سے جنات ہیں خدارا آپ میرے یہاں ایک جنات جو بہت بڑا ہو بھیج دیجئے۔ یہاں بہت بڑے طاقت ور جنات کی ضرورت ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زیدکرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایسا نہیں ہے جیسا آپ سمجھ رہے ہیں۔ میں نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا کہ جس سے جنات تابع ہوں ہم لوگوں کے لئے یہ جائز بھی نہیں۔

آپ تو ایسے عمل کی کوشش کریں کہ جس سے فرشتے آئیں جناتوں کے آنے سے کیا فائدہ۔

صدیق احمد

گھر میں برکت کے فرشتے آنے کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرے والد صاحب کا انتقال ہو چکا ہے۔ گھر میں بے برکتی ہے اپنی ذات مبارک سے کچھ دعاء کر دیجئے اور کوئی ایسی چیز بتلایئے کہ گھر میں برکت کے فرشتے آنے لگیں۔ اور ہم سب کے لئے دعاء کیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک تمام مقاصد حسنہ میں کامیاب فرمائے۔

نماز اور تلاوت کا گھر میں اہتمام کیجئے انشاء اللہ فرشتے آئیں گے۔ صدیق احمد

عاملوں کے چکر میں نہ پڑیئے

ایک صاحب نے خط میں بہت سے وظائف' مختلف قسم کی دعائیں اور بے جوڑ عربی عبارتیں تحریر فرمائیں کہ میں ان سب کو بہت پابندی سے پڑھتا ہوں' الحمد للہ بہت سے عاملوں سے ہماری ملاقات ہے سب سے استفادہ کیا ان سب کے بتلائے ہوئے وظیفے پڑھ رہا ہوں حضرت بھی کچھ تحریر فرمائیں۔ الحمد للہ مجھ کو وظائف سے فائدہ ہے البتہ مکان میں شئی کا چکر معلوم ہوتا ہے آپ کی ہدایت کا محتاج ہوں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی زیدکرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔ آپ جو کچھ پڑھتے ہیں اس کو کس نے تجویز کیا ہے؟ نماز' تلاوت' درود شریف استغفار کا اہتمام کیجئے۔ گھر پر سورۂ بقرہ پڑھ دیا کیجئے۔

عاملوں کے چکر میں نہ رہئے۔ صدیق احمد

عاملین کا دھوکہ

ایک طالب علم نے تحریر فرمایا کہ مجھ پر کچھ اثرات معلوم ہوتے ہیں۔ ایک عامل صاحب کو دکھلایا تھا انہوں نے بتلایا کہ تم پر سحر کا اثر ہے۔ اور تمہاری تعلیم اب چھوٹ جائے گی آئندہ سال تعلیم بند کرنا پڑے گی۔ تم پڑھ نہ سکو گے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

آپ تعلیم جاری رکھئے۔ اس قسم کی باتوں میں نہ آیئے۔ لوگ ایسی باتیں کر کے گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔

صدیق احمد

عاملین کا فریب

کیا جنات دکان سے مال چوری کر لیتے ہیں؟

ایک صاحب نے تحریر کیا کہ کپڑے کی شرکت میں دوکان کی ہے کچھ دنوں سے نہ معلوم کیا ہوتا ہے کہ دوکان سے تھان کے تھان غائب ہو جاتے ہیں اور کچھ پتہ نہیں چلتا۔ ایک مرتبہ دوکان میں خون کے دھبے نظر آئے۔ طبیعت میں الجھن رہتی ہے۔ دوکان میں گھاٹا ہی نظر آتا ہے۔ آسیبی اثر معلوم ہوتا ہے جنات کپڑے غائب کر دیتا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کو کوئی فریب میں مبتلا کر کے آپ کا نقصان کر رہا ہے۔ یہ انسان کی حرکت ہے۔ جنات کی نہیں آپ تحقیق کریں خود پتہ چل جائے گا۔ آپ کو مضاربت (شرکت) کرنی ہو تو کسی دوسرے شخص سے کیجئے۔

صدیق احمد

گھروں سے سامان اور پیسے جنات غائب کرتے ہیں یا انسان

ایک صاحب جو دینی مدرسہ کے ناظم یا مہتمم اور عالم تھے انہوں نے تحریر فرمایا کہ مکان میں کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ بالکل محفوظ جگہ پیسے رکھے گئے اور وہاں سے پیسے غائب ہو گئے بڑی حیرت ہے کہ پیسے کہاں گئے؟ مجھے پوچھنا یہ ہے کہ یہ جنات کی حرکت ہے یا انسانوں کی براہ کرم رہنمائی فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چیزوں کے غائب ہونے میں اکثر تو انسانوں ہی کا ہاتھ ہوتا ہے جنات کی حرکت ہوتی ہے تو وہ چیز کچھ دن کے بعد مل جاتی ہے تاہم آپ سورۂ بقرہ گھر میں پڑھ دیں۔

صدیق احمد غفرلہ

عورتوں میں عموماً دماغی خلل واثر نہیں ہوتا بلکہ مکاری زیادہ ہوتی ہے

حضرت کے ملنے والوں میں سے ایک صاحب بمبئی سے اپنی رشتہ دار عورت کو تعویذ کی غرض سے لے کر آئے اور سحر وغیرہ کا اثر بتا کر عجیب حالات بتائے' واپسی کے بعد دوبارہ' سہ بارہ پھر اسی مضمون کا خط آیا جس کا حاصل یہ تھا کہ ان پر کسی شئی کا زبردست اثر ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

میں نے تعویذ بھیج دی ہیں میرے خیال میں ان پر اثر نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کوئی بیماری ہو۔

یا آج کل کی عورتوں کی جو عام بیماری کمر کی چل رہی ہے وہی ہو۔ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ آپ کیا کر رہے ہیں کچھ کام شروع کیا یا نہیں۔

صدیق احمد

بیماری یا وہم

ایک صاحب نے اپنی اہلیہ کی بیماری کی شکایت کی کہ تعویذ سے بھی اور علاج سے بھی کوئی فائدہ نہیں۔ میری بیوی کہتی ہیں کہ میری عمر اب بہت کم ہے۔ مجھے سخت پریشانی ہوتی ہے حضرت کے پاس تسلی کے لئے خط لکھا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کیجئے۔ ہر بیماری کا علاج ہے وہم کا علاج نہیں۔ ان سے کہئے کہ اس قسم کے وہم میں مبتلا نہ ہوں۔

صدیق احمد

اسی طرح کے ایک اور خط کے جواب میں تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سورۂ فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا کیجئے اور بیوی پر دم بھی کر دیا کیجئے۔ یہ شیطانی وسوسہ ہے۔

صدیق احمد

کسی عامل کو گھر نہ لے جایئے

مکرم بندہ جناب حاجی صاحب دام کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک سب گھر کے افراد کو عافیت نصیب فرمائے۔ آپ صرف سورۂ بقرہ

کی تلاوت گھر میں کرتے رہیں۔ کسی عامل کو آپ گھر نہ لے جائیں۔ کوئی فائدہ نہیں۔ اس سورۂ کا اثر انشاء اللہ ہو گا۔

میں ہر خط کا جواب دیتا ہوں۔ دیر ہو جاتی ہے مصروف بہت رہتا ہوں کئی ماہ سے لڑکے کی بیماری میں پریشان ہوں۔

مبلغ دس ہزار روپے موصول ہوئے حسب ہدایت انشاء اللہ تقسیم کر دوں گا۔ دو دو ہزار دے دیئے ہیں اللہ پاک اس کا بہتر اجر عطا فرمائے۔

صدیق احمد

عاملوں کے چکر میں نہ پڑیئے لوٹ لیں گے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں اپنی لڑکی کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ اس پر آسیبی اثر ہے جنات آکر سوار ہو جاتا ہے وہ بے ہوش پڑی رہتی ہے۔ آپ تعویذ عنایت فرمائیں اور یہاں بمبئی میں فلاں عامل صاحب ہیں ان کے نام ایک رقعہ تحریر فرما دیں کہ وہ اس کو اچھی طرح دیکھ کر علاج کر دیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرم بندہ زیدہ کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعویذ بھیج رہا ہوں ایک تعویذ اس کے گلے یا بازو میں باندھ دیجئے۔ باقی تعویذ پلانے کے لئے ہیں ایک تعویذ کا پانی پانچ یوم پلائیں۔ اس کے بعد جو حال ہو مطلع کریں۔

آپ وہاں کسی عامل کے چکر میں نہ پڑیئے ورنہ وہ آپ کو لوٹ لیں گے۔ سب پیشہ ور لوگ ہیں۔ آپ کا پیچھا چھڑانا مشکل ہو گا۔ آپ بڑی پریشانی میں پڑ جائیں گے۔ یوں آپ کو اختیار ہے جو چاہے کیجئے۔

صدیق احمد

حضرت نے جو تعویذ لکھ کر دیئے تھے وہ یہ تھے۔ ان میں ایک تعویذ باندھنے کا تھا باقی سب پینے کے تھے۔

۲۱۵۶۹	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۷
۲۱۵۶۴	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۸
۲۱۵۶۵	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۳

اللھم انی اعوذبك من الخبث والخبائث

رب الناس اذھب البأس اشف انت الشافی

اگر دکھلاناہی ہے تودیانت دار عامل کودکھلایئے جولالچی نہ ہو

ایک صاحب نے تحریر فرمایاکہ مجھ پر کسی نے سحر کر دیا ہے۔ حضرت کی طرف رجوع کر کے علاج کرناچاہتاہوں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کسی عامل کودکھایئے میں عامل نہیں ہوں۔ تعویذ لکھ دیتاہوں شفاء دینے والااللہ پاک ہے۔ آپ کسی دیانت دار عامل کودکھلایئے جولالچی نہ ہو۔

صدیق احمد

باب۳

تعویذ کس نیت سے لکھناچاہئے

ایک صاحب نے لکھاکہ میں صرف اللہ کوراضی کرنے کے واسطے لوگوں کو تعویذ لکھ کر دیتا ہوں۔ مجھے کوئی خاص نصیحت کیجئے اور میرے لئے دعاء کیجئے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اللہ پاک آپ کواجر عطافرمائے اور مخلوق کو نفع پہونچائے کام کرنے سے پہلے یہ نیت کرلیا کیجئے میں اس کام کو خدا کاحکم سمجھ کر کر رہاہوں۔

صدیق احمد

تعویذدینے پر ایک صاحب کااشکال اور حضرت کاجواب

ایک صاحب نے تحریر فرمایاکہ اکثر عوام وخواص کے دل میں یہ بات یقین کے ساتھ پیدا ہورہی ہے کہ آپ کی تعویذ اور آپ کی پھونک اور آپ کامصافحہ بڑابابرکت ہے جس کو اپنی کسی قسم کی بگڑی بنوانی ہو تو آپ سے تعویذ یا پھونک چھڑوالے تو بے شک اس کی حاجت روائی ہوجائے گی۔ جس کانتیجہ ومشاہدہ یہ ظاہر ہورہاہے کہ چاروں طرف آپ کے نام اور آپ کی ذات کی دھوم مچی ہے عوام وخواص اسی غرض سے کاروبار بند کر کے جوق درجوق آپ کی آمد کے منتظر رہتے ہیں۔ باقاعدہ اعلان کرتے ہیں روحانی اصلاح قطعی نہیں ہوتی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

آپ صحیح فرماتے ہیں۔ میری خود ہی اصلاح نہیں تو میرے ذریعہ دوسرے کی کیااصلاح ہوگی۔ میں تو تعویذ کا بھی اہل نہیں اور نہ میرا امزاج ہے۔ لوگ مجبور کرتے ہیں تو کر دیتاہوں۔ ایک بزرگ نے فرمایاتھاکہ خدا کے لئے مخلوق کی خدمت کر دیاکرو۔ ورنہ میں اس طرح گمنامی کی زندگی گذارتا کہ مجھے لوگ پہچان بھی نہ سکتے۔ مجبوری سب کرالیتی ہے۔

ایک بات تحریر کرتاہوں پسند آئے قبول کر لیجئے ایک دوکان میں ہر طرح کاسامان ہے' خریدار جو سامان دوکاندار سے طلب کرے گا دوکاندار وہ سامان دے گا یا دوسرا سامان جس کو وہ نہیں لیناچاہتا وہ دے دے گا؟ نمک والے کو نمک دے گا شکر والے کو شکر دے گا۔

صدیق احمد

تعویذ کی اجازت

ایک صاحب نے لکھا کہ یہاں پر لوگ میرے پاس آتے ہیں مجھ سے تعویذ مانگتے ہیں میں ان کو تعویذ اس وجہ سے دے دیتا ہوں کہ کہیں باطل جگہ جا کر نہ پھنس جائیں لیکن ایک کتاب میں لکھا دیکھا کہ تعویذ کے لئے شیخ مرشد اور کسی بزرگ کی اجازت ضروری ہے اس لئے حضرت کے پاس خط لکھ رہا ہوں کہ مجھے اس کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

لفافہ ملا۔ ثواب کی نیت سے لکھ دیا کیجئے۔ اس میں کوئی معاوضہ نہ لیجئے۔ اللہ پاک اس کا اجر عطا فرمائے گا۔ میری صحت اچھی نہیں دعاء کیجئے گا۔

صدیق احمد

اعمال قرآنی سے عمل کرنے کی اجازت

ایک حکیم صاحب نے لکھا کہ میں حکمت کے ساتھ تجارت بھی کرنا چاہتا ہوں آپ کا کیا مشورہ ہے۔

دوسری بات آپ مجھے تعویذ لکھنے کی اجازت دے دیجئے بہت سے مریض ایسے بھی آجاتے ہیں، عملیات و تعویذات کی کوئی کتاب بھی بتائیں اس کو دیکھ کر لوگوں کو تعویذ دے دیا کروں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تجارت میں کوئی حرج نہیں۔ آپ کیجئے۔ اعمال قرآنی میں تعویذات لکھی ہیں ان کی طرف سے اجازت بھی سب کو ہے۔ آپ دیکھ کر لکھ دیا کیجئے۔

صدیق احمد

تعویذ سے آمدنی حاصل نہ کیجئے

مدرسہ کے ایک ذمہ دار صاحب نے مدرسہ کے حالات لکھے اور یہ بھی تحریر کیا کہ لوگ آکر مجھ سے تعویذ مانگتے ہیں اگر آپ اجازت دیں تو دے دیا کروں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

تعویذ لکھ دیا کیجئے مگر اس سے آمدنی حاصل نہ کیجئے۔

صدیق احمد

تعویذ لکھ کر پیسے نہ لیجئے کمائی کا ذریعہ نہ بنایئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں آپ دم کر دیا کریں۔ تعویذ دے دیا کریں۔ لیکن اس میں پیسے نہ لیجئے۔

صدیق احمد

ایک صاحب کو تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

آپ تعویذ لکھ دیا کیجئے لیکن اس کو کمائی کا ذریعہ نہ بنایئے۔ اللہ پاک اس کا بہتر اجر عطا فرمائے گا۔

صدیق احمد

ضرورت ہو اور دینی کام کا حرج نہ ہو تو تعویذ لکھ دیا کیجئے

ایک عالم صاحب نے تحریر فرمایا کہ آپ نے فرمایا تھا کہ تعویذ لکھنے اور جھاڑ پھونک کا سلسلہ کم کر دو چنانچہ میں نے کم کر دیا اب اس کا اثر یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ لوگ مزاروں میں جا کر قبروں کی پرستش کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

اگر آپ کے پاس وقت ہو تو کرتے رہیے۔ اگر دین کے دوسرے کاموں کا حرج ہوتا ہو اس سلسلے میں عرض کیا تھا کہ کم کردیجئے۔ وہاں کے حالات سے آپ زیادہ واقف ہیں جیسا مناسب ہو اس پر عمل کریں۔

صدیق احمد

تعویذ لکھنے کی مشروط اجازت

ایک صاحب نے درخواست کی کہ مجھے تعویذ لکھنے کی اجازت دے دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم! تعویذ دے دیا کیجئے لیکن پیسے نہ لیجئے۔

صدیق احمد

تعویذ لکھئے لیکن اجرت نہ لیجئے

ایک صاحب علم نے تحریر فرمایا کہ فلاں صاحب نے مجھے چند تعویذات بتلائے تھے میں لکھ کر دیتا ہوں مگر مطمئن نہیں ہوں اس لئے کہ مجھے کسی سے اجازت حاصل نہیں حضرت والا سے درخواست ہے کہ اجازت عنایت فرمائیں۔ جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں۔ تعویذ دے دیا کیجئے لیکن اس میں کسی قسم کا معاوضہ نہ لیا کیجئے۔

صدیق احمد

وظیفہ پڑھنے کی اجازت

ایک صاحب نے بڑا طویل وظیفہ اور دعاء لکھی اور لکھا کہ اس وظیفہ کو مشکلات کے لئے

پڑھنے کی اجازت دے دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

اجازت ہے وظیفہ پڑھ لیا کیجئے۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

تعویذ کے لئے سفر کرنے کی ضرورت نہیں

ایک صاحب نے پریشانیاں لکھیں اور تعویذ کے لئے حاضر ہونے کی اجازت چاہی اور غیر جوابی خط تحریر کیا حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

تعویذ کے لئے آنے کی ضرورت نہیں۔ آپ حالات لکھ دیں جواب بھیج دوں گا۔ جوابی خط لکھا کیجئے۔

صدیق احمد

تعویذ کے لئے لفافہ ہونا چاہیئے

ایک صاحب نے انتر دیسی خط لکھا اور تعویذ کی فرمائش کی حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شادی ہوگئی خوشی ہوئی اس میں تعویذ کس طرح بھیجوں دعاء کر رہا ہوں۔ صدیق احمد

تعویذ تقسیم نہیں کی جاتی

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ حضرت میں نے آپ سے تعویذ لیا تھا فائدہ ہوا۔ اگر اجازت

نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

تعویذ تقسیم نہیں کی جاتی۔ جس کو لینا ہو خط لکھے۔

صدیق احمد

تعویذ کے ساتھ علاج بھی کیجئے

ایک صاحب نے تحریر کیا کہ آپ کے پاس حصول اولاد کے لئے دعاء تعویذ کی غرض سے حاضر ہوا تھا آپ نے پڑھنے کے لئے وظیفہ اور پینے کے لئے تعویذ دیئے تھے' وظیفہ بھی برابر پڑھتا ہوں۔ تعویذ بھی سب نے پئے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کاروبار کے سلسلہ میں آپ نے جو کچھ پڑھنے کو بتلایا تھا اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

حالات کا علم ہوا۔ اتنی جلدی سب کچھ ہو جائے۔ برابر پڑھتے رہئے۔ تعویذ کے ساتھ علاج بھی کیجئے۔ ہر نماز کے بعد جو وظیفہ بتایا ہے پڑھ کر دعاء کرتے رہئے۔ آدمی کے اختیار میں تدبیر ہے۔ ہوتا وہی ہے جو مقدر ہے۔ دعاء کا بدلہ دنیا و آخرت میں ضرور ملتا ہے خواہ جو مانگے وہی یا اس کے عوض کوئی اور چیز ہو۔

صدیق احمد

رمضان میں اتنے تعویذ نہ لکھ سکوں گا

رمضان المبارک میں حضرت تعویذ والوں کو آنے سے منع فرماتے ہیں جو لوگ آجاتے ہیں ان کو لکھ بھی دیتے ہیں۔

ڈاک کے ذریعہ بہت سے لوگ تعویذ منگاتے ہیں ایک صاحب نے بذریعہ ڈاک بہت سے تعویذ کی فرمائش کی حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کررہا ہوں

آپ کے لئے ایک تعویذ بھیج رہا ہوں۔ دیگر مقاصد کے لئے گھر میں سورہ بقرہ پڑھ دیجئے۔ ماہ رمضان میں بہت مشغول رہتا ہوں۔ اتنی تعویذ نہ لکھ سکوں گا۔ معوذ تین پڑھ کر سب پر دم کردیا کیجئے۔

صدیق احمد

اسم اعظم

ایک صاحب نے اپنی پریشانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا کہ حضرت آپ نے جو وظیفہ یا فتاح پڑھنے کا بتلایا ہے کیا اس سے میری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ قرض ادا ہو جائے گا؟ میں اس کو برابر پڑھ رہا ہوں۔ حضرت سے گذارش ہے کہ جائز حاجتوں کو پورا کرنے کے لئے اسم اعظم کو تحریر فرمائیں کرم ہوگا۔ حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا ہر نام اسم اعظم ہے۔ اللہ کا نام لے کر دعاء کریں دعاء قبول ہوگی اور یہ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

جو بتایا گیا ہے اس کو کرتے رہئے یقین کے ساتھ پڑھئے۔ یہی اسم اعظم ہے مگر جب آپ کو اعتقاد نہیں تو پڑھنے سے کیا فائدہ ہوگا۔

صدیق احمد

صلوٰۃ الحاجہ

ہر مسئلہ اور ہر مشکل حل کرنے والی نماز

ایک صاحب نے پوچھا کہ دو رکعت نماز پڑھ کر مسئلہ حل کرنے والی نماز کیسے بنتی ہے اس کا طریقہ بتلائیے۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دو رکعت نفل پڑھ کر قبلہ رو ہو کر اسی مجلس میں پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کی جائے یہ بزرگوں کا مجرب عمل ہے مجھے یہی معلوم ہے۔ دعاء کر رہا ہوں۔ صدیق احمد

دعاء گنج العرش کا بدل

ایک صاحب نے لکھا کہ اس وقت مدرسہ میں ایک پریشانی آگئی ہے۔ سرکاری قانونی پیچیدگی ہے۔ اللہ سے دعاء فرمائیں اور کوئی وظیفہ تحریر فرمائیں اس وقت دعاء گنج العرش پڑھ کر دعاء ہوتی ہے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

دعاء گنج العرش کے بجائے روزانہ سورۂ یٰس پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

ایک مجرب اور مؤثر عمل

ایک عامل صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہر جگہ جہاں دیکھو لوگ یہی کہتے ہیں کہ کسی نے کچھ کر دیا ہے آسیبی چکر ہے گھر میں اثر ہے لوگوں کے عقائد خراب ہو رہے ہیں لوگ شرک و بدعات میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ میں جو جانتا ہوں تعویذ وغیرہ لکھتا ہوں لیکن فائدہ کم ہوتا ہے آپ کوئی عمل عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سورۂ بقرہ گھر میں پڑھ دی جائے۔ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ سب کو پانی پلایا جائے۔

صدیق احمد

ایک صاحب نے لکھا کہ جب سوتا ہوں تو شیطان میرے اوپر سوار ہو جاتا ہے مجھے دباتا ہے۔ نیند اچاٹ ہو جاتی ہے اس کا حل نکالیں۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سوتے وقت معوذتین پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ داہنی کروٹ پر لیٹیں۔ صدیق احمد

وظیفہ یافتاح کی تاثیر

ایک صاحب نے یافتاح کے متعلق دریافت کیا کہ یہ وظیفہ کس مقصد کے لئے ہے اس کے پڑھنے سے کیا فائدہ ہے۔ جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں۔ یافتاح ہر شخص پڑھ سکتا ہے جو بھی حاجت مند ہو اس کے لئے پڑھنا مفید ہے۔

صدیق احمد

عام حالات میں مختلف پریشانیوں کے لئے

سب سے بہتر وظیفہ

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں یہ وظیفہ پڑھتا ہوں اگر یہ ٹھیک ہو تو لکھا ورنہ دوسرا کوئی وظیفہ تحریر فرمادیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

یہ وظیفہ بہتر ہے۔ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

جملہ مشکلات کے لئے

کسی وقت یا سبوح یا قدوس پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ اس کی کوئی تعداد نہیں اس سے مشکلات دور ہوتی ہیں۔ صدیق احمد

باب ۴

حفاظت کے عملیات

برے گندے ڈراونے خواب سے حفاظت کے لئے مجرب عمل

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ رات میں سونے میں بہت گندے برے برے ڈراونے خواب نظر آتے ہیں، دل گھبراتا ہے اکثر غیر مسلموں کی شکلیں نظر آتی ہیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

سوتے وقت سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر سویا کریں درود شریف ایک سو بار پڑھا کریں۔

صدیق احمد

رات میں حفاظت کے لئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

سوتے وقت معوذتین پڑھ کر ہاتھ میں دم کر کے اپنے جسم پر ہاتھ پھیر لیا کیجئے۔ صدیق احمد

جناتوں کے شر سے حفاظت کے لئے

ایک مدرسہ کے ذمہ دار نے تحریر فرمایا کہ یہاں مدرسہ میں جناتوں نے لڑکوں کو بہت پریشان کر رکھا ہے۔ ایک لڑکے کو پاخانہ میں گرادیا وہ ڈر گیا اور کئی واقعات ہو چکے ہیں اس کا کچھ بندوبست فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

سورۂ بقرہ روزانہ پڑھی جائے۔ کئی طالب علم مل کر پڑھ دیا کریں۔ انشاء اللہ اثر ختم ہو جائے گا۔

نیند میں ڈرنے اور برے گندے ڈراونے خواب سے بچنے کے لئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

معوذتین پڑھ کر دم کر کے سویا کیجئے۔ دائیں کروٹ پر لیٹا کیجئے جب تک نیند نہ آئے درود شریف پڑھتے رہئے۔

صدیق احمد

دشمنوں سے حفاظت کی اہم دعاء

ایک صاحب نے لکھا کہ اس وقت ایک نئی بڑی پریشانی کھڑی ہو گئی ہے۔ پڑوس کے بدمعاشوں نے پریشان کرنا شروع کر دیا۔ بڑے بھائی کو گھیر لیا بڑی مشکل سے اس وقت چھٹکارا ہوا۔ ہم لوگ سب خطرہ میں ہیں خدارا اس کے لئے کچھ بتلایئے ہم کیا کریں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک ہر طرح حفاظت فرمائے۔ آپ سب حضرات کسی نماز کے بعد سات بار یہ دعاء پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

صدیق احمد

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ اس وقت بہت پریشان ہوں ایک دشمن پیچھے پڑا ہوا ہے۔ دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے کوئی نسخہ عنایت فرمایئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

روزانہ یَا لَطِیْفُ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں اول آخر درود شریف ملالیا کریں اللہ پاک آپ کی پریشانی دور فرمائے۔

جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

بھائیوں کے شر وظلم سے حفاظت کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے بڑے بھائی مجھے بہت پریشان کرتے ہیں چاہتے ہیں کہ میں چلا جاؤں زمین مکان پر وہ قابض ہو جائیں۔ بھابھی بھائی دونوں مل کر مجھے تنگ کرتے ہیں۔ میرے مہمانوں سے برا سلوک کرتے ہیں ان کو راستہ غلط بتلادیتے ہیں۔ آپ نے دعاء بتلائی تھی اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ اس کو پڑھ کر دعاء بھی کرتا ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

آپ صبر کیجئے۔ ان کے ساتھ نرمی سے پیش آیئے۔ یَا لَطِیْفُ ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کیجئے۔

صدیق احمد

خطرناک دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ دشمنوں کی شرارت سے پریشان ہوں۔ ایک صاحب نے دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ ۳۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے کے لئے بتلایا ہے اگر یہ بہتر ہے تو اسی کو پڑھتا رہوں ورنہ دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے جو بہتر وظیفہ ہو تحریر فرمادیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں میں بھی دعاء کررہا ہوں۔ صدیق احمد

حملہ اور اچانک مصیبت کے وقت کا وظیفہ

حضرت کے متعلقین ومحبین میں سے ایک صاحب کا خط آیا کہ اچانک فلاں صاحب پر کسی نے حملہ کیا اور اس وقت سے گھر کے سب ہی لوگ پریشان ہیں کوئی وظیفہ اور دعاء پڑھنے کے لئے تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کررہا ہوں حملہ کس نے کیا اللہ پاک حفاظت فرمائے۔

آپ سب لوگ درود شریف کی کثرت رکھیں اور یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ پڑھتے رہیں۔ صدیق احمد

شرور وفتن سے حفاظت کا عمل

ایک صاحب نے بہت سے شرور فتن اور مصائب کا ذکر کیا اور دعاء کی درخواست کرنے

کے بعد کوئی تدبیر اور وظیفہ دریافت کیا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔ سورہ یسٓ شریف کا ختم روزانہ کرائیے اور دعاء کیجئے۔ اللہ پاک ہر قسم کے شر سے حفاظت فرمائے۔

ہر شخص اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ آئندہ کے لئے عہد کرے کہ اپنے پروردگار کی نافرمانی نہ کروں گا۔ اس سے اللہ پاک کی رحمت کا نزول ہوگا اور مصائب دور ہوں گے۔

صدیق احمد

دشمن اور ہر قسم کے شر و رو فتن سے حفاظت کے لئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک ہر قسم کے شرور و فتن سے محفوظ رکھے۔ روزانہ اول آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعاء سات بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

اللہ پاک ہر طرح عافیت نصیب فرمائے۔ صدیق احمد

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ محلّہ میں ایک شخص چور ڈاکو اور بڑا ظالم ہے محلّہ کے ایک شخص کو قتل کر ڈالا۔ عشاء کے قبل بندہ کے پاس غلط ارادہ سے آیا آپ کی دعاؤں سے صرف ایک دو سخت بات کہہ کر چلا گیا ہمارے گھر کے سارے لوگ خوف زدہ ہیں۔ عشاء کی نماز بھی گھر ادا کرنی پڑتی ہے۔ دشمن پیچھے لگے ہیں حضرت والا سے دعاء کی درخواست ہے دشمن کے شر سے

حفاظت کے لئے کوئی وظیفہ دعاء تحریر فرمادیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

سات بار پڑھ لیا کیجئے۔ یَا فَتَّاحُ ۱۲۵ بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کیجئے۔ صدیق احمد

علاقائی شر و رو فتن سے حفاظت کے لئے

مدرسہ کے ذمہ دار نے تحریر فرمایا کہ یہاں علاقہ میں شر و فساد کا غلبہ ہے۔ حالات خراب سے خراب تر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ کسی وقت بھی کوئی فتنہ ہو سکتا ہے حفاظت کی دعاء فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک مدرسہ کو ہر قسم کے شر سے محفوظ فرمائے۔ ہر جگہ کے حالات خراب ہیں۔ روزانہ مدرسہ میں دعاء کرائیے یسٓ شریف کا ختم کرائیے۔ صدیق احمد

حکومت کے مظالم اور فسادات سے بچنے کے لئے

ایک صاحب نے علاقہ میں مسلمانوں کی بدحالی، حکومت کے مظالم اور فسادات کا تذکرہ کر کے دعاء کی درخواست کی اور ایسے موقع پر کچھ پڑھنے کے لئے دریافت کیا، حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

کبھی کبھی سورۂ یسٓ کا ختم کرا سرا یا جائے کم از کم ہفتہ میں ایک بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل تین ہزار بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ سب لڑکے مل کر پڑھیں تو چند منٹ میں یہ تعداد پوری ہو جائے گی۔

صدیق احمد

باب ۵

آسیب بھوت پریت جنات وشیاطین کا علاج

مریض کے مرض میں آسیب وسحر کی تشخیص کا طریقہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرا لڑکا حافظ قرآن تھا کچھ عرصہ سے نامعلوم اس کو کیا ہو گیا ہے۔ اس کا دماغ سا خراب ہو گیا ہے۔ حضور والا سے درخواست ہے کہ اس کا علاج تحریر فرمائیں معلوم نہیں سحر ہے یا آسیبی اثر ہے یا کوئی بیماری ہے۔ اگر اجازت ہو تو اس کو لے کر حاضر ہوں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہاں لانے سے پریشانی ہوگی پانچ سالم لونگ لے کر ایک لونگ پر معوذتین ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے سر پر اچھی طرح پھیر کر پانی میں ڈال دیجئے۔ اگر لونگ نیچے چلی جائیں تو آسیب ہے چوڑائی میں پانی پر رہے تو سحر ہے۔ کھڑی رہے تو بیماری ہے۔ ان میں سے جو علامات ہوں اس کو میرے پاس لکھ کر بھیج دیں۔ صدیق احمد

کسی بزرگ کی بددعاء سے پوری نسل اور خاندان برباد ہو جانے کا حل اور اس کا علاج

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہمارے علاقہ میں ایک بزرگ رہا کرتے تھے۔ ان کی ایک بھیڑ تھی ہمارے خاندان والوں نے ان بزرگ کو پریشان کیا اور ان کی بھیڑ چوری کر کے ذبح

کر کے کھا گئے۔ ان بزرگ نے ہمارے خاندان والوں کے حق میں بددعا، فرمادی چنانچہ اس وقت سے ہمارے خاندان میں بڑی بے برکتی اور طرح طرح کی پریشانیاں ہیں۔ محنت کرتے ہیں کماتے ہیں لیکن برکت نہیں ہوتی اور آئے دن کوئی نہ کوئی مصیبت کھڑی ہو جاتی ہے۔

حضرت والا سے گذارش ہے کہ اگر اس کا کوئی حل ہو تو تحریر فرمائیں تاکہ ہم لوگوں کو پریشانیوں سے نجات ملے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعا، کر رہا ہوں۔ سورۂ بقرہ گھر میں پڑھ دی جائے۔ ان بزرگ کے نام کچھ ایصال ثواب کر دیا جائے۔ توبہ واستغفار سب لوگ کرلیں انشاء اللہ اثر ختم ہو جائے گا۔ صدیق احمد

مشرکانہ رسم ختم کرنے پر شیطانی خرافات اور اس کا علاج

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہمارے خاندان میں ایک پرانی رسم رائج تھی کہ کوئی بھی خوشی کا موقع ہوتا تو ایک بکرا لے کر اس کو غسل دیتے اس کو ہار وغیرہ پہنا کر خوب سجا کر مدار صاحب کے نام پر اس کو ذبح کرتے۔ مدار صاحب کے نام پر اس کی فاتحہ ہوتی اور پھر سب مل کر اس کو کھاتے۔ جب مجھ کو اس رسم کا غلط ہونا معلوم ہوا تو میں نے اس پر پابندی لگادی الحمد للہ اب پچیس سال سے یہ رسم موقوف ہے لیکن اس وقت شیطان مدار ایک شخص پر سوار ہو کر آیا اور کہا کہ زندگی بھر تک میں تم کو چین سے نہیں رہنے دوں گا۔ پریشان کروں گا۔ اس کے بعد سے آج تک ہمارے گھر میں پریشانی ہی پریشانی ہے۔ جسمانی بھی مالی بھی' آئے دن کوئی نہ کوئی مصیبت کھڑی ہو جاتی ہے۔ کہیں کوئی چھت سے گر گیا' کسی کا انتقال ہو گیا کوئی بیماری میں مبتلا ہے۔ میں پریشان ہو کر تنگ آگیا ہوں۔ میرے حال پر رحم فرمائیں اور کوئی اس کا حل بتلائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ
یہ سب شیطانی خرافات ہیں۔ آپ گھر میں سورۂ بقرہ پڑھا کریں۔ چالیس روز تک پڑھنے سے انشاء اللہ سب اثرات ختم ہو جائیں گے۔ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یَافَتَّاحُ ۱۲۵بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

جب سے درخت کٹوایا تعزیہ داری ختم کی پریشان ہوں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ایک درخت جس میں لوگ غلط رسومات کرتے تھے اس کو میں نے کٹوادیا لوگ تعزیہ داری کرتے تھے اس کو بھی ختم کرادیا' اس کے بعد سے میں بہت سخت پریشان ہوں طرح طرح کی مصیبتوں اور بیماریوں میں گھرا ہوا ہوں لوگ کہتے ہیں کہ تم نے درخت اور تعزیہ کو ختم کیا ہے اسی وجہ سے یہ سب ہو رہا ہے حضرت والا تحریر فرمائیں کیا ہمارے اس طرح کرنے کی وجہ سے پریشانیاں آرہی ہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی السلام علیکم
اس قسم کا وہم نہ کیجئے شریعت کے مطابق کام کرنے میں آدمی کا نقصان نہیں ہوتا۔ آپ شرک کو ختم کرنے کی کوشش کریں اور اللہ آپ کو پریشان کرے گا۔
آپ کی فلاح اور ترقی کے لئے یہ آزمائش ہے۔ روزانہ دو رکعت نفل پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ ہر نماز کے بعد یا فتاح ۱۲۵دفعہ پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

جس گلی میں بھوت اور جناتوں کا تسلط ہو اس کا علاج

ایک صاحب نے لکھا کہ حضرت ہمارے یہاں ایک محلہ میں ایسی گلی ہے کہ جو بھی اس راستہ سے گذرتا ہے اس کا حال خراب ہو جاتا ہے اور چند ہی روز میں اس کا دماغ خراب ہو جاتا ہے۔

مخلوق بڑی پریشان ہے۔ حضرت سے درخواست ہے کہ کچھ مدد فرمائیں اور اس کا حل تجویز فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم
تین تعویذ بھیج رہا ہوں جس گلی کا حال آپ نے لکھا ہے اس میں تین جگہ یہ تعویذیں لٹکادی جائیں اور یہ تعویذ تحریر فرمایا:

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

اللھم احفظنا جمیع من عبر فی ھذہ الطریق

گھر میں قبر ہے کیا کریں؟

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ احقر نے ایک مکان لیا ہے مکان کچا تھا اب پختہ کرالیا ہے میرے گھر کے اندر ایک بہت پرانی قبر بتاتے ہیں۔ میرے والد صاحب اور والدہ کا اتنا عقیدہ پختہ نہیں ہے اور آئے دن کوئی نہ کوئی بیمار رہتا ہے۔ کچھ لوگوں نے والدہ کو مشورہ دیا کہ قبر کی جگہ محفوظ کردی جائے لیکن میں نے منع کیا کہ پہلے حضرت سے مشورہ کرلیا جائے۔ والدہ صاحبہ کے بہت الجھن اور دھڑکن رہتی ہے۔ جیسا حضرت والا مشورہ دیں اس کے مطابق انشاء اللہ عمل کروں گا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اگر قبر واقعی ہے تو اس کو گھیر دیجئے اور اگر یوں ہی کسی نے کہہ دیا ہے تو اس کا کچھ اعتبار نہیں وہم نہ کریں۔

گھر میں نماز پڑھی جائے قرآن پڑھیں انشاء اللہ حالات ٹھیک ہو جائیں گے جب اچھا عمل نہ ہوگا تو شیاطین کا اثر ہو جاتا ہے۔

صدیق احمد

دفع آسیب و جنات کے لئے مجرب عمل

ایک مدرسہ کے ناظم اور ایک شیخ کے خلیفہ نے تحریر فرمایا کہ مدرسہ میں جنات بہت پریشان کر رہے ہیں ادھر جلدی جلدی کئی مرتبہ لڑکوں پر سوار ہو چکے ہیں لڑکوں کو پریشان کرتے ہیں۔ خطرہ اس بات کا ہے کہ طلبہ گھر چلے جائیں اور آئندہ داخلہ لینے والے لوگ بھی کم آئیں مدرسہ خالی ہو جائے گا۔ جلد ہی اس کا کوئی انتظام فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے خیریت ہو! سورۂ بقرہ مدرسہ میں پڑھی جائے

رب انی اعوذبك من همزات الشياطين و اعوذ بك رب ان يحضرون. فالله خير حافظا و هو ارحم الراحمين. لکھ کر ہر کمرہ میں لٹکا دیا جائے۔

میری صحت کے لئے دعاء کیجئے۔

صدیق احمد

مکان وغیرہ سے بالکلیہ آسیبی اثرات ختم کرنے کا منصوص عمل

ایک صاحب نے لکھا کہ گھر میں سخت قسم کا آسیبی اثر ہے بڑی سخت پریشانی ہے مختلف طریقے سے اس کے اثرات ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ حضرت سے درخواست ہے اس کا کوئی حل تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سورۂ بقرہ پوری چالیس یوم تک (اگر پابندی سے) پڑھ دی جائے تو انشاء اللہ اس قسم کا اثر ختم ہو جائے گا۔

صدیق احمد

جامع عرض کرتا ہے کہ ابن تیمیہؒ وغیرہ نے اپنی تصانیف میں حدیث کے حوالہ سے یہ عمل نقل کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

گھر میں آسیبی اثر ہے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا گھر میں آسیبی اثر ہے جسم میں بھی الجھن اور پریشانی رہتی ہے گھر میں سکون نہیں ایسا کوئی عمل اور تدبیر ارشاد فرمائیں کہ مکان سے آسیبی اثرات ختم ہو جائیں اور سکون نصیب ہو۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔ معوذتین (سورۂ فلق و سورۂ ناس) پڑھ کر دم کر لیا کریں۔

مکان میں سورۂ بقرہ پڑھ دیجئے انشاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔

سوتے وقت معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کیجئے۔ درود شریف پڑھتے پڑھتے سویا کیجئے۔

صدیق احمد

گھر سے آسیب وغیرہ کے اثرات ختم کرنے کے لیے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہم لوگوں نے اپنا آبائی مکان چھوڑ کر دوسرا مکان خرید کر اس میں رہائش اختیار کی۔ اس میں ایک مرتبہ میرا لڑکا ڈر گیا۔ حافظہ اس کا یاد نہیں ہوتا۔ مستقل بیمار رہتا ہے۔ علاج سے فائدہ نہیں۔ بعض احباب نے مشورہ دیا کہ اس مکان میں کچھ اثرات ہیں اس مکان کو بدل دو۔ میرے پاس اب اتنی گنجائش نہیں کہ دوسرا انتظام کر سکوں حضرت والا مشورہ عنایت فرمائیں کیا کروں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مکان تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سورۂ بقرہ اس مکان میں پڑھ دی جائے۔ نماز اور تلاوت کا اہتمام ہو۔ انشاء اللہ یہ سب اثرات ختم ہو جائیں گے۔

صدیق احمد

چھت پر دھم دھم کی آواز آتی ہے

ایک مدرسہ کے ذمہ دار نے خط لکھا کہ مدرسہ کی چھتوں پر کئی سالوں سے رات کے سناٹے میں دھم دھم یا چلنے پھرنے کی آواز آتی رہتی ہے جس کی وجہ سے طلبہ اور مقیم حضرات خوف کرتے ہیں اگرچہ کسی کو نقصان نہیں پہنچا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

سورۂ یٰس کا ختم کرائیے۔ حالات سے مطلع فرمائیے۔

صدیق احمد

آسیب دور کرنے کا بہترین عمل

ایک صاحب نے لکھا کہ فلاں شخص پر آسیبی اثر ہے۔ اور بہت سخت قسم کا اثر ہے کوئی عمل ہو تو اس کا علاج تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دونوں کانوں میں اذان دے دیا کیجئے۔

معوذتین (سورۂ فلق وسورۂ ناس) پڑھ کر دم کر دیا کیجئے۔

کھیت اور باغ سے آسیبی اثرات ختم کرنے کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ ہمارے یہاں ایک زمین ہے کئی لوگوں نے اس میں کاشت کاری کی

لیکن ہر ایک کو نقصان ہوا لوگ کہتے ہیں کہ اس زمین پر آسیبی اثر ہے۔. آپ مجھے مشورہ عنایت فرمائیں کہ زمین خریدوں یا نہیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس زمین پر سورۂ بقرہ پڑھ دی جائے آپ کو فائدہ نظر آتا ہو تو آپ اس کو خرید لیجئے۔ اس کام کے واقف سے مشورہ لیجئے۔

صدیق احمد

دفع آسیب وشیاطین اور خبیث اثرات کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ گھر میں کچھ آسیبی اثرات معلوم ہوتے ہیں گھر کے سارے ہی افراد پریشان اور بیمار رہتے ہیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔ گھر میں سورۂ بقرہ پڑھ دیجئے۔ سب لوگ نماز اور تلاوت کا اہتمام کریں۔

صدیق احمد

مکان اور افراد سے آسیب دور کرنے کا مجرب عمل

اسماء اصحاب کہف لکھ کر گلے میں ڈال دے اور اگر مکان پر اثر ہو تو دیواروں پر رکھ دے (اصحاب کہف کے نام یہ ہیں) مکسلمینا' تملیخا' مرطونس' سنونس' سارینوتس' ذونواس' کعسططیونس' وکلبھم قطمیر۔ (حیوۃ الحیوان)(ماخوذ از بیاض صدیقی)

گھر اور گھر کے تمام افراد پر آسیبی اثر

ایک عالم صاحب نے تحریر فرمایا کہ مکان میں آسیبی اثر ہے۔ کچھ افراد بھی اس میں مبتلا ہیں

خواب میں اکثر خنزیر وغیرہ کی شکل میں بری طرح ڈراتے ہیں۔ کوئی علاج وتدبیر ارشاد فرمائیں۔
جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
مکان پر سورۂ بقرہ پڑھ دیجئے۔
معوذ تین پڑھ کرپانی پردم کر کے سب کو پلایا کیجئے۔ اس کے بعد مطلع کیجئے۔ صدیق احمد
مکرمی السلام علیکم
معوذ تین پڑھ کردم کردیا کیجئے انشاءاللہ آسیبی اثر نہ ہوگا۔ یہ نقش لکھ کر ہر بچے کے گلے میں
ڈال دیجئے۔ اعوذ بکلمات الله التامة من شر كل هامة و عين لامة. صدیق احمد
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم
سب لوگ درود شریف کی کثرت کریں۔ کھانا کھاتے وقت معوذ تین پڑھ کردم کرلیا کریں۔
صدیق احمد

جنات کی پریشانی سے خلاصی حاصل کرنے کا عمل

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ جب سے سفر حج سے واپسی ہوئی تہجد کی نماز پابندی سے ادا کرتا تھا ایک روز نامعلوم کون سی شکل سامنے آئی اور مجھے گھیر لیا۔ دوسرے دن بیوی کی شکل میں ظاہر ہوئی اور ایسا لگا جیسے کوئی پیچھے سے آرہا ہو۔ تیسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔ اب مجھے بہت ڈر لگنے لگا ہے۔ ہر وقت دہشت سوار رہتی ہے۔ تہجد کے وقت آنکھ کھل جاتی ہے لیکن اٹھنے کی ہمت نہیں پڑتی ایسے ہی چپ چاپ لیٹا رہتا ہوں تہجد بھی چھوٹ گئی۔ اب حضرت والا جو کچھ تجویز فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ
معوذ تین پڑھ کرپانی پردم کر کے پی لیا کیجئے اور اپنے اوپر دم کرلیا کیجئے۔ صدیق احمد

آسیبی اثر جڑ سے ختم کرنے کے لئے

ایک صاحب نے زبردست آسیبی اثر کی شکایت کر کے حضرت سے اس کا علاج دریافت کیا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم
روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار معوذ تین ایک ایک بار سورۂ اخلاص تین بار آیۃ الکرسی ایک بار پڑھ کرپانی پردم کر کے آپ پلاتے رہیں آسیبی اثر اس سے چلا جائے گا۔ بیماری کا علاج کراتے رہیں۔ صدیق احمد

مکان کے اندر سخت آسیبی اور جنات کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے

ایک صاحب نے حالات لکھے کہ نئے مکان میں سخت جناتوں کا حملہ ہے۔ سوتے سے بچوں کو جگادیتے ہیں پھر لڑکوں کو بخار آجاتا ہے کبھی نالی میں خون نظر آتا ہے۔
مکرمی السلام علیکم
دعاء کر رہا ہوں۔ آپ سورۂ بقرہ گھر میں پڑھ دیجئے اگر چالیس روز تک عمل کرلیا جائے تو انشاءاللہ اثر بالکل ختم ہو جائے گا۔ صدیق احمد

جن بھوت نظر آتا ہے

ایک صاحب نے بمبئی سے خط لکھا کہ مجھے جنات کی بھیانک ڈراؤنی تصویر نظر آتی تھی حضرت نے تعویذ دیا اس سے ایک ہفتہ افاقہ رہا۔ اب پھر ڈراؤنی شکل نظر آتی ہے۔ حضرت والا کرم فرمائیں جلد ہی کوئی تعویذ بھیج دیں اور جن کی تصویر بھی بنا کر بھیجی تھی۔ جو واقعی بڑی

ڈراؤنی شکل تھی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں تعویذ بھیج رہا ہوں بازو میں باندھ لیجئے۔ معوذتین پڑھ کر دم کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

وہ تعویذ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین
لاحول ولاقوۃ الا باللہ لاملجا ولا منجا
من اللہ الا الیہ اللھم اصلح لی شانی کلہ۔

باب ٦

سحر جادو اور سفلی عمل کی کاٹ

دفع سحر و آسیب اور خطرناک حالات کے لئے

ایک محترمہ نے کئی صفحات میں اپنی داستان لکھی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ

ایک مولوی صاحب کے ہمارے گھرانہ سے تعلقات تھے گھر میں آنا جانا تھا میں ان کے اور ان کے بچوں کے کپڑے سی دیا کرتی تھی۔ بازار کا سامان ہمارے گھر کے لوگ ان کو دے دیا کرتے تھے ایک مرتبہ میں ان کے گھر میں تھی۔ ان کے گھر کے سب لوگ بازار گئے ہوئے تھے صرف میں اور ان کے چھوٹے بچے موجود تھے۔ مجھ کو انہوں نے پانچ روپے دیئے اور کہا کہ مجھ سے پیار کر لو میں نے انکار کیا وہ مجھ سے بہت غصہ ہو گئے میں بھی غصہ ہو گئی۔ اس کے بعد سے میرے گھر کے حالات خراب سے خراب تر ہوتے چلے گئے ایک مولوی صاحب نے بتلایا کہ تمہارے گھر میں جادو اور آسیب کا اثر ہے پورا گھر تباہ ہے۔ سخت پریشانی ہے اس وجہ سے آپ کے پاس خط لکھ رہی ہوں خدا کے واسطے میری پریشانی دور فرمایئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ زیدہ مجدہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حالات کا علم ہوا۔ شریعت نے پردہ کا حکم انہیں آفات سے بچنے کے لئے کیا ہے۔ اس پر عمل نہ کرنے سے طرح طرح کی مصیبتیں کھڑی ہو جاتی ہیں گھر میں سورۂ بقرہ چالیس یوم تک پڑھی جائے۔ انشاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔ معوذتین (سورۂ فلق و سورۂ ناس) پڑھ کر پانی پر دم کر کے سب کو پلایا جائے۔ یہ نقش لکھ رہا ہوں اس کو آپ کاغذ پر یا کسی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر سب

کو پلائیں۔ دعاء کر رہا ہوں اللہ تعالیٰ ہر طرح فضل فرمائے۔ صدیق احمد

نقش یہ ہے

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

دفع سحر اور شفایابی کے لئے مجرب تعویذ

تعویذ نمبر ۱

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم
و اذقتلتم نفسافادارأتم فیھا و اللہ
مخرج ما کنتم تکتمون. قلنا یانار
کونی بر داو سلاماً علی ابر اھیم.

تعویذ نمبر ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم
انما صنعوا کید ساحر و لا یفلح الساحر
حیث اتیٰ. قلنا یا نار کونی بر داً و سلاماً
علی ابراھیم فیہ شفاء للناس و اذا مرضت
فھو یشفین. اللھم رب الناس اذھب البأس
اشف انت الشافی

نوٹ: (۱) تعویذ باندھا جائے۔
(۲) تعویذ پانچ عدد لکھے جائیں ایک تعویذ ایک کلو پانی میں گھول کر پانچ یوم تک وہ پانی
پیا جائے بقیہ بھی اسی طرح۔ صدیق احمد

سحر و آسیب سے حفاظت اور اس کے اثرات کو ختم کرنے کا عمل اور تعویذ

ایک صاحب نے لکھا کہ اللہ کا شکر ہے کہ ہم کو مالی اعتبار سے کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں۔ کھاتے پیتے لوگ ہیں لیکن کچھ دنوں سے پورا گھر عجیب طرح کی بے چینی گھبراہٹ اور سخت الجھن کا شکار ہے۔ سب لوگ بیمار ہیں کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی آسیب و سحر کا قوی خطرہ ہے۔ حضرت والا سے گزارش ہے کہ توجہ فرمائیں اور اس کا علاج نیز آئندہ کی حفاظت کا سامان فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعویذ بھیج رہا ہوں گھر کے چاروں کونوں میں لٹکا دیا جائے سورۂ بقرہ بھی پڑھ دی جائے۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔ صدیق احمد

تعویذ کی نقل یہ ہے۔

۲۱۵۱۷	۲۱۵۱۲	۲۱۵۱۹
۲۱۵۱۸	۲۱۵۱۱	۲۱۵۱۴
۲۱۵۱۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم فاللہ خیراً
حافظاً وھو ارحم الرّاحمین

دفع سحر اور بیماری سے صحت کے لئے مجرب مکمل علاج

ایک صاحب نے لکھا کہ آپ نے جو تعویذ دیا تھا وہ گم ہو گیا اس وقت سے پھر طبیعت خراب رہنے لگی۔ سحر کا اثر ہے۔ اور مختلف بیماریاں ہیں گذارش ہے کہ دوبارہ تعویذ عنایت فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

معوذتین اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ تعویذ بھیج رہا ہوں۔ سورۃ فاتحہ لکھ کر اور یہ نقش اس میں درج کر کے تعویذ باندھ لیں۔

نقش یہ ہے

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

صدیق احمد

گھر میں سحر کا اثر ہے

ایک صاحب نے تحریر کیا کہ گھر میں سخت قسم کا سحر ہے جس کی وجہ سے رحمت کے فرشتے آنا بند ہو گئے اس کی کاٹ کر دیجئے تا کہ فرشتے آنے لگیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

گھر میں قرآن پاک پڑھا کیجئے۔ معوذتین پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ صدیق احمد

برائے رد سحر

ومن یخرج من بیتہ مھاجراً الی اللہ ورسولہ ۔ تشتری پر مشک اور زعفران وگلاب سے لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہو گی۔ (مقبول از بیاض صدیقی)

دفع سحر کے لئے تعویذ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے بھائی سخت بیمار ہیں۔ علاج سے فائدہ نہیں مرض کی تشخیص نہیں ہو پا رہی۔ ایکسرے میں کچھ نہیں نکلتا۔ کبھی خون کی قے ہو جاتی ہے۔ سسرال میں کسی نے سر کے بال کاٹے تھے اس کے بعد سے یہ حال ہے۔ خدارا برائے صحت آپ ایک تعویذ عنایت فرما دیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔ بھائی کے لئے تعویذ بھیج رہا ہوں۔ وہاں بھیج دیجئے۔ باندھنے کے بعد جو اثر ہو مطلع کیجئے۔ صدیق احمد

وہ تعویذ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
انما صنعوا کید ساحر ولا یفلح
الساحر حیث اتیٰ رب انی اعوذبك
من ھمزات الشیاطین و اعوذ بك رب
ان یحضرون. فاللہ خیر حافظا
وھو ارحم الراحمین.

دکان مکان سے سحر وغیرہ ختم کرنے کا عمل

ایک صاحب نے لکھا کہ میری دکان پر کسی نے کچھ کر دیا ہے۔ دکان کی بندش کر دی بالکل ترقی نہیں ہوتی۔ آپ نے تعویذ دیا تھا اس سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ برابر نقصان ہی ہوتا چلا جارہا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سورۂ بقرہ دکان میں پڑھ دیجئے۔ ہر نماز کے بعد **یا لطیف** ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

دفع سحر کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میں ایک عرصہ سے مستقل بیمار رہتا ہوں۔ علاج سے بھی فائدہ نہیں ہوا۔ ایک عامل کی طرف رجوع کیا اس نے بتایا کہ تم پر سخت قسم کا سحر ہے اور اس کا علاج کرنے میں ۴۲۱روپیہ لگے گا۔ مجھے مشورہ دیجئے میں کیا کروں۔ جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

سورۂ فاتحہ اور معوذ تین (سورۂ فلق و سورۂ ناس) پڑھ کر روزانہ دم کر لیا کیجئے۔ اور پانی پر پڑھ کر پانی پی لیا کیجئے۔ اس کے بعد مطلع کیجئے۔ آپ پریشان نہ ہوں۔ سحر ہے تو جاتا رہے گا۔

صدیق احمد

دفع سحر کے لئے

ایک عالم صاحب نے لکھا کہ میں پڑھاتا ہوں میری زبان پہلے صاف تھی اب میری زبان بھی نہیں چلتی۔ نماز میں امام صاحب سلام پھیرنے کے قریب ہوتے ہیں اور میری التحیات نہیں ختم ہوتی۔ مجھ پر کسی نے سحر کر دیا ہے۔ اس کا علاج تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

آپ معوذ تین پڑھ کر دم کر لیا کریں۔

وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفساً فَادَّارَأتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّاکُنْتُمْ تَکْتُمُوْن. نمک پر ایک ہزار بار پڑھ کر نمک رکھ لیں۔ اور اس کو استعمال کریں انشاء اللہ سحر ختم ہو جائے گا۔ صدیق احمد

دفع سحر کے لئے یعنی سحر جادو کی کاٹ کا مجرب علاج

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے لئے دعاء کر رہا ہوں۔ معوذ تین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔

وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفساً فَادَّارَأتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّاکُنْتُمْ تَکْتُمُوْن تک یہ پوری آیت ایک ہزار بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے نمک رکھ لیجئے اور روزانہ اس نمک کو کسی چیز میں ڈال کر استعمال کیجئے۔ کئی لوگ مل کر پڑھ لیں تب بھی کوئی حرج نہیں۔ صدیق احمد

سحر کا زبردست اثر

ایک قاری صاحب نے لکھا کہ تقریباً دو سال سے سحر کا اثر ہے جس کی وجہ سے انتہائی کمزوری ہے۔ بدن اور پٹھوں میں کھنچاؤ ہے۔ دماغ گردن اور شانوں میں ہر وقت بوجھ کا احساس

رہتا ہے۔ صحت گرتی جارہی ہے۔ اس کا کوئی علاج وردو غیرہ تحریر فرمائیں بہتر سمجھیں تو تعویذ بھی ارسال فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرم بندہ زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

معوذ تین پڑھ کر دم کرلیا کریں۔

وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفْساً فَادّٰارَأتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّاكُنْتُمْ تَكْتُمُوْن یہ پوری آیت پڑھ کر نمک پر دم کر کے وہ نمک استعمال کیا جائے۔ کم از کم ایک کلو نمک ہو۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔ آج کل یہ شکایات بہت ہو رہی ہے۔ آپ پریشان نہ ہوں انشاءاللہ اثر زائل ہو جائے گا۔

صدیق احمد

دفع سحر کے لئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں روزانہ سورۂ فاتحہ اور معوذ تین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ اور اپنے اوپر دم کرلیا کیجئے۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَايُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ایک ہزار بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے وہ نمک استعمال کیجئے۔

صدیق احمد

دفع سحر کے لئے

معوذ تین پڑھ کر روزانہ دم کرلیا کیجئے۔

وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفْساً فَادّٰارَأتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّاكُنْتُمْ تَكْتُمُوْن یہ آیت آپ ایک ہزار بار پڑھ کر نمک میں دم کر کے اس نمک کو استعمال کریں۔ چند طلبہ مل کر پڑھ دیں۔ نمک زیادہ مقدار میں لیجئے تاکہ زیادہ دن چل جائے۔

صدیق احمد

سفلی عمل کی کاٹ

ایک عالم صاحب نے تحریر فرمایا کہ مجھ پر سفلی عمل کا اثر ہے جب آنکھیں بند کرتا ہوں تو ڈراؤنی تصویریں سامنے آتی ہیں۔ آیۃ الکرسی اور سورۂ یٰس وغیرہ پڑھنے کے بعد بھی تصویریں نظر آتی ہیں۔ عاملین کا کہنا ہے کہ تم پر سحر کا اثر ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں تعویذ بھیج رہا ہوں اس کو بازو میں باندھ لیجئے۔ معوذ تین پڑھ کر دم کرلیا کیجئے۔

وَاِذْقَتَلْتُمْ نَفْساً فَادّٰارَأتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّاكُنْتُمْ تَكْتُمُوْن نمک میں ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں اور اس نمک کا استعمال کریں۔

صدیق احمد

(تعویذ یہ تحریر فرمایا)

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم
انما صنعوا کید ساحر ولایفلح الساحر
حیث اتی رب انی اعوذ بك من همزات
الشیاطین واعوذ بك رب ان یحضرون.

بیوی پر کچھ اثر ہے بیٹھے بیٹھے سر ہلایا کرتی ہے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میری بیوی پر کچھ اثر معلوم ہوتا ہے گم صم بیٹھے بیٹھے سر ہلایا

کرتی ہے۔ جھوما کرتی ہے۔ اس کا علاج فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں معوذتین (سورۂ فلق و سورۂ ناس) اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کیجئے۔ تعویذ بھیج رہا ہوں۔ گلے میں ڈال دیجئے۔

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵
بسم الله الرحمن الرحيم رب الناس اذهب البأس اشف انت الشافي		

باب ۷

مختلف بیماریوں اور عوارض کے علاج

دماغی توازن ٹھیک نہیں

ایک صاحب نے بیرون ملک سے تعویذ کے لئے لفافہ ارسال کیا جس میں انہوں نے لکھا تھا کہ آپ کے دیئے ہوئے تعویذ سے مجھے فائدہ ہوا تھا۔ اب پھر شکایت شروع ہو گئی ہے۔ کنپٹیوں میں اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ میں ڈاکٹر پیشہ ملازم ہوں سخت الجھن ہونے لگتی ہے۔ مریضوں سے جھگڑا کرنے لگتا ہوں۔ سروس پر بھی اثر آتا ہے کہیں برخاست نہ ہو جاؤں۔ گذارش ہے کہ دماغی توازن کی صحت اور الجھن کی دوری کا تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعویذ بھیج رہا ہوں۔ ایک تعویذ بازو میں باندھ لیجئے۔ باقی تعویذ پینے کے لئے ہیں حسب سابق (ایک کلو پانی میں گھول کر وہ پانی ۶ یوم تک) پیا کریں۔ یہ تعویذ دوسرے قسم کی ہیں۔ استعمال وہی ہے۔ جیسے پہلے کیا تھا۔ دعاء کر رہا ہوں۔ صدیق احمد

ایک تعویذ یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم رب انی اعوذ بك من همزات الشياطين واعوذبك رب ان يحضرون فالله خير حافظا وهو ارحم الراحين. انما صنعوا كيد ساحر ولا يفلح الساحر حيث اتى قلنا يا نار كونى بردا وسلاما على ابراهيم.

پینے والے تعویذ

بسم الله الرحمن الرحيم
واذ قتلتم نفساً فادارأتم فيها والله
مخرج ماكنتم تكتمون. رب الناس
اذهب البأس اشف انت الشافى لاشفاء
الا شفاؤك لايغادر سقما

سات تعویذ پینے کے لئے تھے بعض تعویذ بعینہٖ وہی تھے جو باندھنے والا اور بعض میں یہ عبارت بھی لکھی تھی۔ اَللّٰھُمَّ اَنِیْ اَسْئلُكَ مِنْ فَضْلِكَ. اس کے علاوہ بعض تعویذ میں سورۂ فلق اور بعض میں سورۂ ناس اور بعض میں سورۂ فاتحہ لکھی تھی جو سب پینے کی تھیں۔

حفاظت حمل اور قوت مردانگی واستادگی کے لئے

ایک صاحب نے افریقہ سے خط لکھا کہ حفاظت حمل کا تعویذ چاہئے اس سے پہلے آپریشن کے ذریعہ ولادت ہوئی تھی۔ براہ کرم ایک تعویذ عنایت فرمائیں دوسرا تعویذ ایک صاحب کے لئے چاہئے جن کی شادی کا مسئلہ ہے ان کو استادگی نہیں ہوتی پورے طور پر شہوت نہیں ہوتی بہت علاج بھی کرا چکے ہیں اس کے لئے بھی کوئی تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حالات کا علم ہوا تعویذ بھیج رہا ہوں۔

۱۔ تعویذ حمل کی حفاظت کے لئے ہے اگر حمل ہو تو کمر میں باندھ دیا جائے ناف پر یہ تعویذ رہے۔

۲۔ جس کو استادگی نہیں ہوتی یہ بازو میں باندھ لیں۔

سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ صدیق احمد

۱۔ تعویذ برابر حفاظت حمل

بسم الله الرحمن الرحيم
فالله خير حافظا وهو ارحم الراحمين
رب انى اعوذبك من همزات الشياطين
واعوذبك رب ان يحضرون فالله خيرحافظا
وهو ارحم الراحمين الله يعلم ماتحمل كل
انثى وما تغيض الارحام وماتزداد وكل شى
عنده بمقدار فالله خير حافظا وهو ارحم الراحمين.
فسهل يا الهى كل صعب بحرمة سيد الابرار ﷺ
اللهم سهل لا سهل الا ما جعلته سهلا
وانت تجعل الحزن سهلا.

۲۔ تعویذ برائے استادگی یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم
قلنا يا ناركونى برداً وسلاما على ابراهيم
زب انى اعوذ بك من همزات الشياطين واعوذبك
رب ان يحضرون فالله خير حافظا وهو ارحم
الراحمين فسهل يا الهى كل صعب بحرمة
سيد الابرار ﷺ اللهم سهل لاسهل الا ما جعلته
سهلا وانت تجعل الحزن سهلا اللهم سهل
لى امرى على اصلح لى شانى كله. اللهم انى
اعوذبك من الخبث والخبائث اللهم سهل
لى امرى اصلح لى شانى كله.

سوتے میں پیشاب نہ ہونے کا عمل

ایک طالب علم نے لکھا کہ میں دورۂ حدیث شریف پڑھتا ہوں بچپن ہی سے مجھے یہ بیماری ہے کہ نیند میں بستر پر پیشاب ہو جاتا ہے۔ بہت علاج کیا فائدہ نہیں ہوتا۔ حضرت والا سے درخواست ہے کوئی عمل تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

سوتے وقت والسماء والطارق (پوری سورۃ) پڑھ کر سویا کیجئے۔ صدیق احمد

پیشاب کے قطرات آنے کا علاج

ایک صاحب نے پیشاب کے قطرات کی شکایت کی لکھا کہ بہت پریشان ہوں ہر دس پندرہ منٹ میں پیشاب کا قطرہ آجاتا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک شفا عطا فرمائے۔

سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر دم کر لیا کیجئے۔ درود شریف اور استغفار کی کثرت کیجئے۔

صدیق احمد

احتلام اور ضعف دماغ کے لئے

ایک طالب علم نے لکھا کہ (۱) مردانی قوت میں کمی ہے سونے کے بعد احتلام ہو جاتا ہے سخت پریشانی ہے۔

(۲) دماغ بہت کمزور ہو چکا ہے تھوڑی دیر مطالعہ کرتا ہوں تو سر میں درد ہونے لگتا ہے

کوئی عمل تحریر فرمائیں۔ دوا علاج سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

۱۔ سوتے وقت سورۂ طارق پڑھ لیا کریں۔

۲۔ نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر یاقوی ۱۱بار پڑھ لیا کریں۔

دوا کرنی چاہئے۔ دعاء کر رہا ہوں۔ محنت سے پڑھئے مطالعہ کی پابندی کیجئے۔ نماز باجماعت تلاوت کا اہتمام کیجئے۔ اساتذہ کا احترام کیجئے۔ صدیق احمد

احتلام کی شکایت

ایک صاحب نے تحریر فرمایا مجھے احتلام کی شکایت ہے بہت پریشان ہوں سورۂ والسماء والطارق پڑھ کر سوتا تھا تب بھی شکایت ہو جاتی تھی۔ آپ نے لکھا تھا کہ ناف کے نیچے انگلی سے "عمر" لکھ کر سو جایا کرو، اس سے بھی فائدہ نہیں ہوا۔ سخت پریشان ہوں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

آپ کے لئے دعاء کر رہا ہوں۔ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ حضرت حکیم صاحب کی خدمت میں جا کر اپنا حال ان سے بیان کر کے علاج کرائیے۔ صدیق احمد

بیماری سمجھ میں نہیں آتی بے چینی ہے کیا کروں؟

ایک صاحب نے مختلف طبعی پریشانیاں تحریر فرمائیں اور لکھا کہ دل کا عجیب حال ہو گیا ہے کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہاں جاؤں کیا کروں۔ بڑی بے چینی ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں۔ آپ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔ صدیق احمد

اضطرابی کیفیت وذہنی الجھن دور کرنے اور قلبی سکون کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے میرا کاروبار خوب چل رہا ہے مالی اعتبار سے کوئی پریشانی نہیں لیکن ہر وقت ایک اضطرابی کیفیت رہتی ہے۔ ذہنی الجھن کا شکار ہوں۔ دماغی اور قلبی پریشانی میں مبتلا ہوں جی چاہتا ہے کہ کسی کو پکڑ کر خوب رووں۔ قلب کو سکون نہیں۔ علاج سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔ سورۂ فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر دم کر لیا کیجئے اور پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔

قرآن پاک کی تلاوت اور درود شریف کا اہتمام کیجئے۔ انشاءاللہ سکون حاصل ہو جائے گا۔

صدیق احمد

طبعی الجھن کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میں بہت زیادہ الجھن میں رہتا ہوں ایسا کوئی وظیفہ تحریر فرمائیں کہ الجھن ختم ہو جائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

الجھن کے لئے روزانہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ صدیق احمد

اسی طرح ایک صاحب نے اور قلبی الجھن اور پریشانیاں لکھ کر سکون قلب کے لئے

دریافت کیا حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

خدا کرے سب پریشانی دور ہو جائے۔ سکون قلب کے لئے روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ درود شریف کی کثرت رکھیں۔ صدیق احمد

بغیر تعویذ کے شفایابی کا عمل

ایک صاحب نے اپنے گھر کی پریشانیاں لکھیں اور لکھا کہ کوئی فرد ایسا نہیں جو پریشان نہ ہو۔ میں خود بھی بیمار ہوں۔ اہلیہ تو مستقل بیمار رہتی ہیں۔ بڑی لڑکی کو آسیبی خلل معلوم ہوتا ہے۔ بڑے لڑکے کو نسیان کا مرض ہے۔ قرض کے بوجھ میں دبا ہوں۔

آج تک میں نے تعویذ کا استعمال نہیں کیا اور نہ میں تعویذ استعمال کرنا چاہتا ہوں اس لئے تعویذ کی ضرورت نہیں بغیر تعویذ کے علاج کا خواستگار ہوں میری مدد فرمائیں اور میرے حق میں دعاء فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں

جن لوگوں کو شکایات ہیں ان سب پر معوذتین، سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یَا فَتَّاحُ ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

پڑھا ہوا پانی کب تک پلائیں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ بیمار کو سورۂ فاتحہ پانی پر دم کر کے پلانے کے لئے آپ نے فرمایا تھا اللہ کا شکر ہے اس سے بہت فائدہ ہوا۔ پوچھنا یہ ہے کہ پانی کب تک پلانا ہے۔ اس بیماری

کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں جس کی وجہ سے عبادت میں جی بالکل نہیں لگتا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

آپ پلاتے رہیں۔ اس میں کچھ دیر تو لگتی نہیں۔

عبادت خدا کا حکم سمجھ کر کیجئے۔ جی لگے یا نہ لگے میری صحت کے لئے دعاء کیجئے۔

صدیق احمد

شدید بیماری اور سحر سے خلاصی کے لئے

ایک صاحب نے شدید بیماری اور سحر کی شکایت لکھ کر علاج دریافت کیا۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سورۂ فاتحہ سات بار اور معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔

نمک پر دم کر کے وہ نمک استعمال کیا کریں۔ صدیق احمد

(ایضاً)

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ایک مریض ہر دم بیمار رہتا ہے سحر کا اثر ہے علاج کے لئے لانا چاہتا ہوں۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

اس کام کے لئے اتنا کیوں خرچ کریں۔ معوذتین پڑھ کر روزانہ پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔

ایک ہزار بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے وہ نمک رکھ لیجئے اور اس کا استعمال کیجئے۔ صدیق احمد

بواسیر کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ عرصہ سے بواسیر کی شکایت ہے اگر آنجناب کو کوئی تدبیر و علاج معلوم ہو تو تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

میں خود کئی سال سے اس مرض کا شکار ہوں سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔

صدیق احمد

ایضاً

ایک صاحب نے لکھا کہ بواسیر کی شکایت کی وجہ سے بہت پریشان ہوں ڈاکٹر کہتے ہیں کہ آپریشن کرالو چھٹی مل جائے۔ آپریشن کی ہمت نہیں پڑتی اب آپ سے مشورہ کرتا ہوں جیسا آپ مشورہ دیں گے ویسا ہی کروں گا۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

بواسیر کی عام شکایت ہو رہی ہے۔ آپ آپریشن کرالیں۔ بار بار کی پریشانی دور ہو۔

صدیق احمد

تعویذ برائے بواسیر

یاشافع	یاشافع	یاشافع
یاشافع	یاشافع	یاشافع
یاشافع	یاشافع	یاشافع

لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں۔ (منقول از بیاض صدیقی)

یہ آیت بھی لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا

ہر مرض سے شفاء کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ اہلیہ مختلف امراض کا شکار ہیں علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ آسیبی اثر معلوم ہوتا ہے، کچھ لوگوں نے جھاڑ پھونک کی اس سے بھی فائدہ نہیں ہوا۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم

سورۂ فاتحہ اور معوذتین (سورۂ فلق و سورۂ ناس) پڑھ کر پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ پلایئے اس کے بعد جو حال ہو مطلع فرمائیں۔

صدیق احمد

سخت اور تیز بخار کے لئے

لا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلاَّ هُوَ

پیپل کے پتے پر لکھ کر مریض کے روبرو لکھ کر دے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

(منقول از بیاض صدیقی)

سخت بیماری سے شفا کے لئے

بسم الله الرحمن الرحیم
قلنا یا نار کونی برداً وسلاماً علی
ابراهیم رب الناس اذهب البأس اشف
انت الشافی لا شفاء الا شفائك شفاء
لا یغادر سقما سهل لی امری وعافنی.

ایک صاحب نے لکھا کہ

اہلیہ بہت بیمار ہیں صحت کی دعاء فرمائیں۔ جواب تحریر فرمایا:۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

بیماری کا علاج کیجئے۔ اللہ پاک شفاء عطا فرمائے۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادیا کیجئے۔

صدیق احمد

کینسر اور ہر قسم کی خطرناک بیماری کے لئے

حضرت کے متعلقین میں سے ایک صاحب کو کینسر ہو گیا بمبئی میں زیر علاج تھے دعاء کی درخواست کی ان کے لڑکے ماشاءاللہ حافظ عالم ہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی جناب حاجی صاحب السلام علیکم

بہت دن کے بعد بیماری کا علم ہوا۔ ہم سب دعاء کر رہے ہیں اللہ پاک آپ کو شفا عاجل کامل مستمر عطا فرمائے۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر آپ دم کر لیا کریں۔

متین اور نور اللہ سلمہ بھی اس کا اہتمام کریں۔ پانی پر دم کر کے وہ پانی پلایا کریں۔ بڑے بڑے امراض اس عمل سے ٹھیک ہو گئے۔

حضرت مولانا ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے یہ دعاء پڑھنے کو ایک مریض کے لئے کہا تھا۔

یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ ۱۲۴ بار روزانہ پڑھ کر دم کر لیا کریں اور دعاء بھی کر لیا کریں۔

صدیق احمد

مرگی کا تعویذ

ایک عالم صاحب نے لکھا کہ سنا ہے کہ آپ کے یہاں عثمان صاحب مرگی کا بہت اچھا علاج کرتے ہیں لوگوں کو ان کے عمل و تعویذ سے بہت شفا ہوتی ہے کیا یہ صحیح ہے۔ صرف تحقیق مطلوب ہے ہمارے ایک عزیز بہت بیمار ہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

خدا کرے مزاج بعافیت ہو۔ وہ میرے بھائی ہیں تعویذ لکھتے ہیں۔ مرگی کا کوئی مریض تو میرے خیال میں اچھا نہیں ہوا۔ اللہ کو ہر چیز پر قدرت ہے دعاء کرتے رہئے۔ کالے ہرن کی جھلی مل جائے تو اس میں سورۂ واللیل لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال دیں۔ معوذ تین پڑھ کر دم کرتے رہیں اللہ پاک فضل فرمائے۔ صدیق احمد

سفید داغ (برص) کا علاج

۔ ایک صاحب کو۔ سفید داغ (جو بدن میں پڑ جایا کرتے ہیں اس) کا علاج تحریر فرمایا:

مور کی ہڈی کو پیس کر سرکہ میں ملا کر لگایا جائے۔ سفید داغ ختم ہو جائے گا۔

صدیق احمد

سفید داغ کا نسخہ

کلونجی کو جامن کے سرکہ کے ساتھ پیس کر مرہم بنالیا جائے۔ داغ کی جگہ لگایا جائے اور صبح کے وقت پانچ گرام شہد کے ساتھ ملا کر چاٹ لیا جائے۔ صدیق احمد

سر کے بال گرتے ہیں کیا کروں

ایک لڑکی نے حضرت کی خدمت میں تحریر کیا میرے سر کے بال گرتے ہیں کیا کروں۔ دعاء کیجئے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

السلام علیکم

ہر نماز کے بعد سات بار فاتحہ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ صدیق احمد

پیٹ میں شدید نا قابل برداشت درد

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ پیٹ میں شدید نا قابل برداشت درد ہوتا ہے بے ہوشی تک ہو جاتی ہے علاج سے کوئی افاقہ نہیں۔ حضرت والا کوئی علاج تحریر فرمائیں اور صحت کا تعویذ ارسال فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

تعویذ بھیج رہا ہوں بازو میں باندھ دیں۔

روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ صدیق احمد

یہ تعویذ تحریر فرمایا:

بسم الله الرحمن الرحيم قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراهیم رب الناس اذهب البأس اشف انت الشافی لاشفاء الا شفائك شفاء لایغادر سقما

علاج کے لئے گدھی کے دودھ کا استعمال

ایک صاحب نے لکھا کہ ہمارے یہاں ایک مریض کو دمہ سانس کی شکایت ہے اور بڑی تکلیف ہے لوگوں کا کہنا ہے کہ گدھی کا دودھ استعمال کرنے سے فائدہ ہو جائے گا مجھے آپ سے پوچھنا ہے کہ گدھی کا دودھ استعمال کراؤں یا نہیں اور اس سے فائدہ ہوگا یا نہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک شفاء عاجل کامل مستمر عطا فرمائے۔

گدھی کا دودھ نہ استعمال کریں۔

روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کیجئے۔ صدیق احمد

صحت کے لئے تعویذ نہیں اب یہ عمل کیجئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ احقر نے اپنی اہلیہ کی بیماری کا تذکرہ کیا تھا۔ آپ نے کچھ تعویذ دیئے تھے بحمد اللہ اس سے فائدہ ہوا لیکن مکمل فائدہ نہیں ہوا اس کے مسلسل خون آتا ہے۔ خدا کا شکر ہے میری بیوی نماز، تلاوت وغیرہ کی بڑی پابند ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ شفاء کامل کا کوئی راستہ بتائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

سورۂ فاتحہ اور معوذتین گیارہ گیارہ بار پڑھ کر نمک میں دم کر دیجئے اور وہ نمک استعمال کرائیے۔

صدیق احمد

مستقل بیماری اور لاعلاج مرض کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ ہم اور ہماری اہلیہ مستقل بیمار رہتے ہیں۔ بہت پریشانی ہے۔ علاج سے کوئی فائدہ نہیں بجائے فائدہ کے اور مرض بڑھ جاتا ہے۔ تعویذ وغیرہ سے اور صحت خراب ہونے لگتی ہے بتلایئے میں کیا کروں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سب لوگ نماز کی پابندی کریں۔ روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ صدیق احمد

لاعلاج مرض اور شدید درد سے خلاصی کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ تقریباً ڈھائی سال سے مسلسل بیمار چل رہا ہوں سخت پریشان ہوں پیشاب پاخانہ بھی بیٹھ کر نہیں کر سکتا۔ ایلو پیتھک آیورویدک، ہومیو پیتھک کوئی علاج باقی نہیں جو نہ کیا ہو لیکن کسی دوا سے فائدہ نہیں ہوا۔ درد اس قدر شدید اٹھتا ہے کہ پوری رات روتے اور چیختے گذرتی ہے۔ دیکھنے والوں کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ درد کو روکنے کے لئے انگریزی گولی کھالیتا ہوں کچھ دیر کو فائدہ ہوتا ہے پھر اس سے زائد تیز درد ہوتا ہے۔ آپ کا نام بہت سے لوگوں سے سنا ہے خدارا کوئی علاج فرمائیں اور کوئی نقش تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے مندرجہ ذیل جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں۔ تعویذ بھیج رہا ہوں۔ اس کا جو بھی اثر ہو مطلع فرمایئے۔ روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار اور معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کیجئے۔

تعویذ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم
قلنا یانار کونی بردا و سلاما علی
ابراهیم رب الناس اذهب البأس اشف
انت الشافی لا شفاء الا شفائك.

صدیق احمد

ہر طرح کے مرض سے شفاء کے لئے
جس کے علاج سے اطباء عاجز ہو چکے ہوں

ایک صاحب نے اپنی ہمشیرہ کی بیماری کی تفصیل لکھی اور لکھا کہ علاج کرتے کرتے تھک گیا کسی علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں۔ حضرت کوئی دعاء تعویذ بتلائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کردیا کیجئے اس سورۃ کو سورۂ شفاء کہتے ہیں۔ اس کو پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ صدیق احمد

لڑکی بیمار ہے علاج سے فائدہ نہیں

ایک صاحب نے لکھا کہ میری لڑکی پاکستان سے آئی ہے۔ بیمار ہے۔ علاج سے فائدہ نہیں دعاء فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

صاحب زادی کو کیا بیماری ہے۔ روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اس سے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ صدیق احمد

شفاء امراض و بدحالی کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میری لڑکی بالکل گم صم پاگلوں کی طرح رہتی ہے نہ بولتی ہے۔ آنکھیں بالکل لال رہتی ہیں۔ عجیب حال ہے کسی قسم کے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا تعویذ عنایت فرمائیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں تعویذ بھیج رہا ہوں۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر دم کردیا کیجئے۔ صدیق احمد

تعویذ یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم
قلنا یانار کونی بردا وسلاما علی
ابراهیم. رب الناس اذهب البأس
اشف انت الشافی.

برائے درد ناف

١١١١	ع
ح	

اس تعویذ کو کالے کپڑے میں لکھ کر ناف پر باندھیں۔ (ماخوذ از بیاض صدیقی)

آنکھ کی تکلیف کے لئے

ایک صاحب نے آنکھوں کی دکھن اور تکلیف کی شکایت کی حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

درود شریف پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھ میں انگلی پھیر لیا کیجئے۔ اللہ پاک صحت کے ساتھ قائم رکھے۔ صدیق احمد۔

آنکھ کے جملہ امراض کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میری آنکھوں میں کئی سال سے بیاری ہے۔ مسلسل علاج کرا رہا ہوں بہت پیسہ خرچ ہو گیا فائدہ بھی نہیں ہوا۔ حضور والا سے صحت کی دعاء کی درخواست ہے کوئی تدبیر بھی ارشاد فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالی

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں روزانہ درود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں میں پھیر لیا کریں۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ صدیق احمد

قوت بینائی کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میری نگاہ بہت کمزور ہے۔ قوت بینائی کے لئے کوئی وظیفہ یا دعاء تحریر فرمائیں۔ جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالی

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

درود شریف پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے آنکھوں میں پھیر لیا کیجئے۔ صدیق احمد

ایک صاحب نے عرض کیا کہ آنکھوں کی روشنی جاتی رہی کوئی علاج بتائیں۔ حضرت نے ارشاد فرمایا۔ اٹھارویں پارہ کی آیت الله نور السموات والارض مثل نوره۔ بغير حساب تک (پارۂ ۱۸ سورۂ نور) پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے آنکھوں میں پھیر لیا کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ ان صاحب نے عرض کیا کہ اس آیت کو پرچہ میں لکھ دیں حضرت نے پرچہ میں لکھ کر دے دی۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا عرصہ سے بیمار چل رہا ہوں۔ آنکھوں میں سخت تکلیف ہے روشنی ختم ہوتی جارہی ہے ڈاکٹروں نے آپریشن تجویز کیا ہے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

آپ درود شریف پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں میں پھیر لیا کریں۔ سورۂ فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ میری صحت اچھی نہیں رہتی دعاء کی درخواست ہے۔ صدیق احمد

شفاء اور آسیبی خلل کے لئے تعویذ

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ایک مریض بہت بیمار ہے دوا سے شفاء نہیں ہوتی آسیبی خلل معلوم ہوتا ہے کوئی تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ایک نقش تحریر کر رہا ہوں اس کو لکھ کر روزانہ پلادیا کریں۔

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

صدیق احمد

گھر میں دیمک بہت لگتے ہیں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ گھر میں دیمک بہت پریشان کر رہے ہیں کھانے کی کوئی چیز نہیں باقی رہ پا رہی کہ جس میں دیمک نہ لگتے ہوں۔ کاغذ کتاب سب میں دیمک لگ جاتے ہیں کوئی تدبیر کام نہیں کر رہی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

گھر میں سورۂ بقرہ پڑھ دی جائے

صدیق احمد

باب ۸

قوت حافظہ کے لئے اور زبان کی لکنت دور کرنے کے عملیات

ذہن کھل جانے کا وظیفہ

ایک طالب علم نے تحریر کیا میں حفظ کرتا ہوں سبق یاد کرتا ہوں تو یاد نہیں ہوتا۔ آموختہ بھول جاتا ہوں کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے ذہن کھل جائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

سورۂ فاتحہ اور معوذ تین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ اور اپنے اوپر دم کر لیا کیجئے۔

خاصیت، بہار معدہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا اللہ لکھ کر کند ذہن بچہ کو کھلا دے صدیق احمد

۷ دن ۱۱ دن ۲۱ دن ضرورت کے مطابق

قوت حفظ کے لئے

ایک طالب علم نے لکھا کہ میرا حافظہ بہت کمزور ہے جو یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں کچھ تدبیر بتلایئے اور نصیحت بھی کیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

عزیزم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ سر پر ہاتھ رکھ کر یا قوی گیارہ بار پڑھ لیا کریں۔

طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ اپنے علم پر عمل کرے۔ اساتذہ کا احترام کرے۔ کوشش کریئے کہ اپنے سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

صدیق احمد

زبان میں لکنت ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ زبان میں لکنت ہے قرآن شریف پڑھ نہیں پاتا زبان رک جاتی ہے اور بڑی الجھن ہوتی ہے۔ کوئی حل تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ صدیق احمد

ذہن کمزور ہے قرآن بھول جاتا ہے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا مجھے قرآن یاد نہیں ہوتا۔ جو یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہے۔ اس سے پہلے بھی آپ سے عرض کیا تھا آپ نے فرمایا تھا کہ اوّابین میں قرآن شریف پڑھا کرو اب ماشاءاللہ یاد ہونے لگا ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جو عمل بتایا ہے اس کو کرتے رہئے۔ ہر نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر یا قوِیّ ۱۱ بار پڑھ لیا کیجئے۔ اوّابین میں قرآن پاک ضرور پڑھا کریں۔ میری صحت کے لئے دعاء کیجئے۔ صدیق احمد

آموختہ یاد ہونے کے لئے وظیفہ

ایک طالب علم نے لکھا کہ میں بہت محنت کرتا ہوں جو یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں۔ آموختہ سب بھول جاتا ہوں پریشان ہوں حضرت والا کوئی ایسی دعاء اور وظیفہ بتلادیں تاکہ مجھے یاد ہوجایا کرے اور پھر بھولے نہیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

درود شریف پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔ معوذتین پڑھ کر دم کرلیا کیجئے۔ صدیق احمد

قوت ذہن کے لئے

ایک مدرس صاحب نے تحریر فرمایا کہ پہلے میرا ذہن بہت اچھا تھا اب نہ معلوم کیا ہوگیا نسیان کا مرض ہوگیا ہے۔ اور بھی طرح طرح کے امراض لاحق ہوگئے ہیں۔ حضرت والا سے دعاء کی درخواست ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کررہا ہوں اللہ پاک ہر طرح عافیت نصیب فرمائے۔ روزانہ سورۂ فاتحہ کسی چیز پر دم کر کے کھالیا کیجئے۔ ہر فرض نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر یا قوی ۱۱ بار پڑھ لیا کیجئے درود شریف کی کثرت کیجئے۔ انشاءاللہ نفع ہوگا۔ صدیق احمد

قوت حافظہ کے لئے

ایک طالب علم نے ذہن کی کمزوری اور یادداشت کی کمی کی شکایت کی اور لکھا کہ میں جو بھی یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

دعاء کررہا ہوں۔ درود شریف کی کثرت کیجئے یا قوی پڑھ کر دعاء کرلیا کیجئے۔ صدیق احمد

ذہن کمزور ہے پڑھنے میں جی نہیں لگتا

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ مجھے پڑھنے کا بہت شوق ہے۔ بہت جی چاہتا ہے کہ پڑھوں لیکن ذہن میرا ساتھ نہیں دیتا جس کی وجہ سے پریشان ہوں کس طرح علم حاصل کروں اس کی وجہ سے پڑھنے میں میرا دل نہیں لگتا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک کامیاب فرمائے۔ کوشش کرتے رہئے۔ جی لگائیے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

سہو ونسیان دور کرنے کا وظیفہ

ایک طالب علم نے لکھا کہ حضرت میرے ۲۷ پارے ہو چکے ہیں جو کچھ یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں دعاء فرما دیجئے اور کچھ پڑھنے کو بتلا دیجئے۔ حضرت نے مندرجہ ذیل جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم دعاء کر رہا ہوں

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

زبان کی لکنت اور دفع الجھن کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ نماز پڑھتے میں زبان لڑکھڑاتی ہے' الجھن ہوتی ہے جی چاہتا ہے سب کچھ چھوڑ دوں۔ اس کے لئے کوئی وظیفہ تحریر فرما دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے۔ نماز پڑھتے رہئے۔

صدیق احمد

زبان کی لکنت دور کرنے کا بہترین علاج

ایک طالب علم نے لکھا کہ زبان میں کافی لکنت ہے۔ پڑھنے میں بڑی پریشانی ہوتی ہے علاج بھی کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سات دانہ کشمش پر روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے کھا لیا کیجئے۔ دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک ہر طرح فضل فرمائے۔

صدیق احمد

زبان میں لکنت

ایک طالب علم نے تحریر کیا کہ زبان میں لکنت ہے جس کی وجہ سے پڑھنا بھی دشوار ہے پریشان ہو جاتا ہوں کیا کروں کوئی عمل تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

کشمش کے سات دانے لے کر ہر دانے پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیجئے اور روزانہ کھا لیا کیجئے۔ چالیس روز تک یہ عمل کیجئے۔

صدیق احمد

صحت اور حفظ کے لئے عمل

ایک طالب علم نے لکھا کہ والدہ بہت بیمار ہیں صحت کے لئے دعاء فرمائیں اور ان کے لئے

کوئی عمل تحریر فرمائیں۔ اور میں آج کل حفظ کرتا ہوں لیکن جو کچھ یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں میرے لئے بھی کچھ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے والدہ کو پلا دیا کریں۔ اپنے لئے یا فتاح ۱۲۵ بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

غصہ کی کمی اور قوت حافظہ کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ مجھے غصہ بہت جلد آتا ہے۔ معمولی سی بات اور مزاج کے خلاف کام ہونے پر غصہ کا شکار ہو جاتا ہوں۔ امید ہے کہ علاج تحریر فرمائیں گے۔ دوسری بات کہ میں جو مطالعہ کرتا ہوں سب بھول جاتا ہوں یاد نہیں رہتا اس کا بھی علاج تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعاء سات بار پڑھ لیا کریں۔ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ۔ صدیق احمد

باب ۹

لڑکیوں کے رشتہ کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میری لڑکیوں کی ۲۸، ۳۲ برس کی عمر ہو گئی اب تک شادی نہ ہو سکی نہ کوئی رشتہ طے ہو رہا ہے میں مقروض آدمی پریشان ہوں لڑکیاں ایم اے بی اے۔ ہیں دعاء کیجئے اللہ تعالیٰ اس فرض سے خلاصی نصیب فرمائے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

شادی کس خاندان میں چاہتے ہیں۔ کس معیار کا لڑکا ہو مطلع فرمائیں۔ یہاں باندہ میں کچھ لڑکے اور لڑکیاں گریجویٹ ہیں آپ کو موقع ہو تو تشریف لا کر دیکھ لیں۔ دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک آپ کو جلد ان فرائض سے سبکدوش فرمائے۔ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

لڑکیوں کے رشتہ کے لئے اہم دعاء

ایک صاحب نے تحریر فرمایا میری کئی بیٹیاں اور بیٹے ہیں ان کی شادی کی فکر ہے دعاء فرمائیں اللہ پاک مناسب رشتوں کا انتظام فرمائے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعاء سات بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

فسهّل يا إلهي كل صعب بحرمة سيد الأبرار ﷺ اللهم لا سهل إلا ما جعلته سهلاً وأنت تجعل الحزن إذا شئت سهلاً۔
صدیق احمد

اچھے رشتہ کے لئے لڑکا لڑکی خود یہ دعاء پڑھیں

ایک صاحب نے لکھا کہ ہمارے ایک عزیز کا انتقال ہو گیا ہے ان کی اولاد شادی کے قابل ہے بیاہ شادی ان کے لئے اہم مسئلہ ہے۔ مختلف قسم کی پریشانیاں ہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی بندہ زید کرمکم السلام علیکم

عزیز کے انتقال کا صدمہ ہے اللہ پاک غریق رحمت فرمائے جن بچوں کا حال آپ نے لکھا ہے ان سے فرما دیں کہ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا (پ۱۹) پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

لڑکی کے رشتہ کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے اپنی لڑکیوں کے رشتہ کے لئے بڑی پریشانی کا اظہار کیا اور دعاء کی درخواست کی۔ اور کوئی وظیفہ دریافت کیا حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

رشتے کے لئے آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

لڑکیوں کے رشتہ اور کامیابی کا وظیفہ

ایک صاحب نے لڑکیوں کے رشتہ اور کامیابی کا وظیفہ اور دعاء پوچھی اور دعاء کی درخواست

کی حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک کامیاب فرمائے ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

لڑکی کے لئے مناسب رشتہ مل جائے

ایک صاحب نے اپنی بیٹی کے رشتہ کی وجہ سے پریشانی کا اظہار کیا اور لکھا کہ لڑکے کی تلاش ہے اور وظیفہ کی درخواست ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر سب لوگ دعاء کر لیا کریں۔ کس معیار کا لڑکا چاہئے۔ کس خاندان کا ہو۔ مطلع فرمائیں۔ صدیق احمد

جس لڑکی سے رشتہ چاہتے ہیں اس سے ہو جائے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ دعاء کیجئے جس لڑکی سے میں شادی کرنا چاہتا ہوں اسی سے ہو جائے۔ وہ میری خالہ زاد بہن ہے گھر کے سارے افراد راضی ہیں لیکن وہ راضی نہیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

ایک لڑکے سے عشق ہو گیا

ایک مسلمان لڑکی نے لکھا کہ مجھے فلاں لڑکے سے گہرا تعلق ہو گیا ہے وہ بھی مجھ سے محبت کرتا ہے میں اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ اگر میری شادی اس لڑکے سے نہ ہوئی تو میں جان دے دوں گی آپ ایسا کچھ کر دیجئے کہ میری شادی اسی سے ہو جائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

شادی کے مسئلہ میں پریشانی اور اس کا وظیفہ

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ بیٹی کی شادی کرنا ہے' تاریخ طے ہو چکی ہے۔ وقت بہت قریب ہے انتظام کچھ نہیں۔ پریشانیوں میں گھرا ہوں۔ ایسی دعاء یا وظیفہ بتلائیں جس سے ہر طرح کی آسانی ہو۔ کوئی پریشانی نہ ہو۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

باب ۱۰

میاں بیوی میں الفت و محبت کے عملیات

حب زوجین کا تعویذ

ایک صاحب نے خط لکھا کہ شوہر بیوی کو بہت تنگ کرتا ہے' ہر طرح سے پریشان کرتا ہے۔ مارتا پیٹتا ہے اس کے لئے کچھ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔

ایک تعویذ کا نقش بھیج رہا ہوں۔ آپ کاغذ پر لکھ کر لڑکے کی بیوی کے گلے میں باندھ دیجئے۔ نقش یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم يحبونهم كحب الله و الذين آمنوا اشد حبا لله فسيكفيكهم الله وهو السميع العليم

صدیق احمد

نوٹ: اس تعویذ کو لکھنے اور چھونے و باندھنے کے لئے شرط ہے کہ باوضو ہو کیونکہ اس میں قرآنی آیات ہیں۔ (مرتب)

حب زوجین کے لئے تعویذ

ایک صاحب نے لکھا کہ میں اپنے داماد سے پریشان ہوں۔ لڑکی پر کوئی توجہ نہیں کرتے۔ اس کی طرف ان کا رجحان ہی نہیں ہے بہت لاپرواہ ہے۔ لڑکی کے لئے کوئی تعویذ تحریر فرمادیں تاکہ لڑکی کی طرف شوہر کا میلان ہو۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

تعویذ بھیج رہا ہوں بازو میں باندھ دیا جائے اور اول آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

اور یہ تعویذ تحریر فرمایا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یحبونھم کحب اللہ و الذین
آمنوا اشد حباللہ فسیکفیکھم
اللہ وھو السمیع العلیم. حسبنا
اللہ و نعم الوکیل. فسھل یا الٰھی کل
صعب بحرمة سید الابرار ﷺ

میاں بیوی میں باہم الفت و محبت کے لئے

نہایت مجرب و مؤثر عمل

منقول از بیاض صدیقی

یَاأَیُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاکُمْ مِنْ ذَکَرٍ وَّأُنْثٰی وَجَعَلْنَاکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا إِنَّ

اکرمکم عند اللہ اتقاکم ان اللہ علیم خبیر الف بین فلان بن فلان و فلانة بنت فلانة کما الفت بین موسیٰ و ھارون مثلا کلمة طیبة کشجرة طیبة اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء تؤتی اکلھا کل حین باذن ربھا ویضرب اللہ الامثال للناس لعلھم یتذکرون.

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے اور الفت و محبت پیدا کرنے کے لئے یہ آیات لکھ کر دے یا دم کرکے کھلائے پلائے انشاء اللہ فوراً محبت ہوگی مجرب ہے۔ (منقول از بیاض صدیقی)

ناقل عرض کرتا ہے اس مجرب عمل کو حضرت تھانوی نے بھی اپنی بیاض خاص میں ذکر فرمایا ہے۔ حضرت اقدس نے زوجین کے مابین سخت کشیدگی دور کرنے اور الفت و محبت پیدا کرنے کے لئے اس عمل کو کیا تھا۔

نوٹ:۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ پر شوہر اور اسکے باپ کا نام لکھا جائے اور فلانۃ بنت فلانۃ کی جگہ پر بیوی اور اسکی ماں کا نام لکھا جائے۔

حب زوجین کے لئے

ایک صاحب نے میاں بیوی میں آپس سخت کشیدگی اور نفرت کے حالات تحریر کیے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

یہ تعویذ بھیج رہا ہوں اس پر روئی لپیٹ کر ڈبیہ میں بند کرکے جس چولہے میں لکڑی جلتی ہو چار انگل کھود کر گاڑ دی جائے۔

تعویذ کی نقل یہ ہے

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

الٰهی بحرمة ایں تعویذ ....

مائل فریفتہ شود بزوجہ خود.......

برائے ادائے حقوق زوجیت

نوٹ: خالی جگہ شوہر کا نام باپ کے نام کے ساتھ اور بیوی کا نام ماں کے نام کے ساتھ لکھا جائے۔ مثلاً خالد بن عمر، عائشہ بنت فاطمہ، میاں بیوی میں جس کے دل میں محبت نہ ہو اور جس کے دل میں محبت کرنا مقصود ہو پہلے اس کا نام لکھا جائے۔ صدیق احمد

شوہر بیوی میں اتحاد کے لئے وظیفہ اور تعویذ

ایک صاحب نے لکھا کہ حضرت میں بہت پریشان ہوں انتہائی پریشانی میں یہ خط لکھ رہا ہوں۔ شادی کے چند مہینے بعد شوہر بیوی میں ایسی نااتفاقی پیدا ہو گئی ہے کہ ایک دوسرے سے بات تک نہیں کرتے۔ حضرت کوئی حل فرمائیں نقش یا کوئی عمل جو بھی تجویز فرمائیں۔ بندہ اس کی تعمیل کرے گا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

تعویذ بھیج رہا ہوں۔ آپ باندھ لیں نماز کے بعد یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

تعویذ یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم
رب الناس اللهم الف بيني وبين
زوجي اللهم اصلح لي شاني كله

دل میں اللہ اور رسول کی اور شوہر کی بھی محبت پیدا ہو جائے

ایک عورت نے لکھا کہ دعاء کیجئے کہ اللہ پاک اپنی اور رسول کی محبت نصیب فرمائے۔ اور اس کے بعد اپنے شوہر کی محبت نصیب کرے اور ایک بیوی کو جس طرح بن کر رہنا چاہئے اس طرح رہنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

السلام علیکم

ہر نماز کے بعد یہ دعاء تین بار پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ عَنْ غَيْرِكَ وَ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ صدیق احمد

دل میں ماں باپ اور بیٹوں کی محبت پیدا ہونے کے لئے

ایک صاحب نے تحریر کیا کہ میرے دل میں میرے والدین اور بیٹوں کی محبت نہیں دعاء فرمائیے اور کوئی وظیفہ عنایت کیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے اور اپنی مرضیات پر چلائے۔ آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

رشتہ ہو گیا اب لڑکی جانے کو تیار نہیں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ لڑکی کا عقد نابالغی میں کر دیا تھا اب وہ بالغ ہو گئی ہے لیکن جب لڑکا اس کو لینے آتا ہے تو کسی قیمت پر جانے کو تیار نہیں ہوتی۔ کچھ آسیبی چکر معلوم ہوتا ہے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

روزانہ سورۂ فاتحہ اور معوذ تین پڑھ کر پانی پر دم کر کے لڑکی کو پلادیا کیجئے۔ صدیق احمد

شوہر سے ڈر لگتا ہے گھبراہٹ ہوتی ہے

ایک صاحب نے اپنی بیٹی کے واسطے خط لکھا اور وہی مضمون خود لڑکی نے بھی لکھا کہ میں جب پہلی مرتبہ اپنے شوہر کے پاس گئی تو شوہر سے ڈر گئی' ان کے ساتھ رہنے کا جی نہیں چاہتا۔ اندر سے جی گھبراتا ہے اور تنہا غسل کرتے ہوئے مجھے بہت ڈر لگتا ہے۔ براہ کرم تعویذ دے دیجئے ورنہ وہ مجھے طلاق دے دیں گے' تعویذ جلدی روانہ فرمائیں مجھے امریکہ جانا ہے' حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

تعویذ بھیج رہا ہوں بازو میں باندھ دی جائے۔ ہر نماز کے بعد یا لطیف ۱۱۱ دفعہ پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

جو تعویذ حضرت نے لکھ کر ارسال فرمایا تھا وہ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم يحبونهم كحب الله والذين آمنوا اشد حبا لله. فسهل يا الٰهی كل صعب بحرمة سيد الابرار ﷺ اللهم لا سهل الا ماجعلته سهلا وانت تجعل الحزن سهلا.

شوہر مہربان ہو جائے

ایک عورت نے اپنے شوہر کے ظلم و زیادتی کی شکایت کی اور لکھا کہ میں نے آپ کا تعویذ باندھا۔ نماز پڑھ کر برابر دعاء کرتی ہوں۔ دو رکعت پڑھ کر ۵۰۰ بار درود شریف پڑھ کر بھی دعاء مانگی لیکن فائدہ نہیں ہوا۔ ان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ اللہ کے واسطے آپ دعاء کر دیجئے میرے شوہر مجھ پر مہربان ہو جائیں' نماز روزہ جو کچھ آپ بتلائیں سب کرنے کو تیار ہوں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں۔ مایوس نہ ہونا چاہئے کسی نماز کے بعد اول آخر درود شریف پڑھ کر یا فتّاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ میں بیمار ہوں دعاء کیجئے۔ صدیق احمد

شوہر محبت کرنے لگے

مکرم زید کرمکم السلام علیکم

آپ یا فتّاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں شوہر کے کھانے میں سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کر کے کھلایا جائے۔ صدیق احمد

شوہر ظالم ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ میں نے اپنی بیٹی کی فلاں لڑکے سے شادی کی لڑکی دو تین بار ہی گئی حالات نازک سے نازک تر ہوتے چلے گئے' شوہر بہت ظالم ثابت ہوا۔ لوگوں نے غلط مشورہ دیا۔ لڑکی دیندار صوم و صلوٰۃ کی پابند پردہ والی ہے قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہے اور وہ کہتا ہے کہ سنیما

دیکھو ٹی وی دیکھو اسکوٹر پر بیٹھ کر فوٹو کھچواؤ میرے ساتھیوں سے ہنسی مذاق کرو' یہ سب نہ کرنے پر مارتا ہے محلہ کی کئی لڑکیوں سے اس کے ناجائز تعلقات ہیں۔ بچی سے محبت بالکل نہیں کرتا۔ بار بار کہتا ہے کہ میں تم کو نہیں رکھوں گا۔ طلاق بھی نہیں دیتا۔ گذارے کی کوئی شکل سمجھ میں نہیں آتی۔ والد صاحب کو صدمہ ہوا دو ماہ سے بیمار چل رہے ہیں حضرت والا دعا فرمائیں کسی طرح چھٹکارا حاصل ہو جائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعا کر رہا ہوں اللہ پاک ہر طرح عافیت نصیب فرمائے

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ ایک تعویذ بھیج رہا ہوں لڑکی کے بازو میں باندھ دیا جائے۔

صدیق احمد

تعویذ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم
فسهل يا الهى كل صعب بحرمة
سيد الابرار ﷺ اللهم اصلح لى
شانى كله اللهم حببنى الىٰ زوجى.

ظالم شوہر کا دل نرم کرنے کے لئے

ایک بڑے عالم نے اپنے گھرانہ کی ایک لڑکی کا تفصیلی حال لکھا کہ شادی کے بعد کچھ دن تو میاں بیوی اچھی طرح رہتے رہے لیکن ادھر کچھ دنوں سے ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ لڑکا لڑکی کو تنگ کرتا ہے' ہر طرح پریشان کرتا ہے تکلیف پہنچانے میں کسر نہ اٹھا رکھی اور اب لے جانے کو بھی تیار نہیں حضرت اقدس سے دعا تعویذ تدبیر کی درخواست ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

خط ملا ایک تعویذ بھیج رہا ہوں اس پر روئی لپیٹ کر چھوٹی ڈبہ میں بند کر کے جس چولہے میں روزانہ کھانا پکتا ہو اور لکڑی جلتی ہو چار انگل کھود کر گاڑ دیجئے۔ یہ عمل آپ اپنے یہاں کرلیں۔ اگر ایسا چولہا نہ ہو تو اینٹیں رکھ کر دس یوم کے لئے چولہا بنا لیا جائے اور ڈبہ گاڑ کر اس کے اوپر لکڑی برابر جلائی جائے۔ دس یوم تک اس ڈبہ میں آنچ لگتی رہے۔

لڑکی کے والدین کو خط لکھ دیں کہ وہ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔

صدیق احمد

تعویذ یہ ہے

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

الٰہی بحرمۃ ایں تعویذ............

مائل فریفتہ شود بزوجہ خود........

برائے ادائے حقوق زوجیت

(نوٹ: خالی جگہ شوہر کا نام مع والد اور بیوی کا نام مع والدہ لکھا جائے۔)

اتحاد و اتفاق اور محبت پیدا کرنے کے لئے چند اہم عملیات

منقول از بیاض صدیقی

۱ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ۷۸۶ مرتبہ کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلایا جائے۔

۲ سو اا کھ مرتبہ سرمہ پر یا بدوح اا پڑھ کر دم کرے اور آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے۔

۳ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ
بروز چہار شنبہ بعد عصر مطلوب کے پیر کے نیچے کی خاک لا کر اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پھر اس خاک کو اپنے پاس رکھے۔

۴ یا باری ۲۱۳ مرتبہ پھول پر پڑھ کر مطلوب کو سنگھائے۔

۵ سورۂ مزمل گیارہ بار شیرینی پر پڑھ کر دم کر کے کھلایا جائے۔

۶ بسم اللہ الرحمن الرحیم ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیه جسدا ثم اناب۔ اس آیت کو ۱۶۵ بار تیل یا عطر وغیرہ میں پڑھ کر دم کرے اور وہ مطلوب کو سنگھائے۔ پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرے وہ یہ کہ بعد نماز مغرب سات روز تک اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے انشاء اللہ عامل ہو جائے گا۔ (منقول از بیاض صدیقی)

نوٹ: محبت یا عداوت کے عملیات ناجائز موقع پر کرنے کی اجازت نہیں۔ اور اگر کوئی ناجائز موقع پر کرے گا تو گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

ایسا وظیفہ کہ طلاق رجعی کے بعد شوہر کا دل راغب ہو جائے

ایک عورت نے تحریر کیا کہ میرے شوہر نے مجھے طلاق رجعی دے دی ہے ابھی عدت باقی ہے آپ ایسا کوئی وظیفہ بتا دیجئے کہ وہ خود میری طرف راغب ہوں اور مجھ کو رکھنے پر تیار ہو جائیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ زید مجدہا

آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا وَدُوْدُ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔

صدیق احمد

ناجائز تعلقات کو ختم کرانے کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میرا لڑکا ایک غلط لڑکی کے چکر میں پڑ گیا ہے اور اسی سے شادی کرنا چاہتا ہے وہ لڑکی نیچی خاندان کی ہے بڑی ذلت و رسوائی کی بات ہوگی حضرت مولانا صاحب ایسی کوئی تدبیر کر دیجئے کہ وہ لڑکا باز آ جائے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کیجئے ایک تعویذ بھیج رہا ہوں جہاں سے گذرتا ہے وہاں ڈبہ میں بند کر کے گاڑ دیجئے۔

صدیق احمد

وہ تعویذ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم الق العداوۃ بین ......
وبین من یحبھا الی یوم
القیامۃ اصلح لہ شانہ کلہ.

نوٹ:- خالی جگہ پر لڑکے کا نام لکھا جائے۔

غلط تعلقات کو ختم کرنے کے لئے

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

تعویذ بھیج رہاہوں جہاں سے لڑکا نکلتا ہے اس جگہ ڈبیہ میں بند کر کے گاڑ دیا جائے۔

صدیق احمد

تعویذ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

و القینا بینھم العداوۃ و البغضاء الی

یوم القیامۃ اللھم الق العداوۃ بین......

و بین من یحبھا سریعا سریعا العجل العجل

نوٹ:-خالی جگہ پر لڑکے کا نام لکھا جائے۔

بغض وعداوت کے لئے

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمَا الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ کو ایک سو اکیس مرتبہ کسی ترش چیز سرکہ وغیرہ پر دم کر کے کھلا دے انشاءاللہ عداوت قلبی ہو جائے گی۔ (منقول از بیاض صدیقی)

ایضاً

مذکورہ آیت لکھنے کے بعد اس نقش کو لکھے اور اس کے نیچے یہ عبارت لکھے کہ فلاں فلاں کے درمیان تفریق واقع ہو۔

فلاں کی جگہ دونوں کا نام لکھے اور تعویذ بنا کر دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ مگر ناحق کے لئے نہ کرے۔

تعویذ یہ ہے

نوٹ:-خالی جگہ پر لڑکے اور لڑکی کا نام لکھا جائے۔

لڑکا بیوی کو لے کر علیحدہ رہنے لگا

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ان کا لڑکا اپنی بیوی کو لے کر علیحدہ رہنے لگا ہے جس کی وجہ سے ان کی بیوی یعنی لڑکے کی ماں بہت پریشان ہے آسانی کی کوئی دعاء اور وظیفہ تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ان کی بیوی یا رحیم ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

باب ۱۱

استقرار حمل اور حصول اولاد و اصلاح اولاد کے لئے

حصول اولاد کے لئے

مکرمی السلام علیکم

حالات کا علم ہوا آپ دونوں میاں بیوی دعاء زکریا علیہ السلام پڑھا کریں۔ اور ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یاسبوح یا قدوس ۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

حصول اولاد کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ شادی ہوئے کئی سال ہو چکے ہیں اور اب تک کوئی اولاد نہیں ہوئی کوئی وظیفہ اور دعاء ارشاد فرمائیں جس سے اللہ پاک نیک صالح اولاد نصیب فرمائے

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ میاں بیوی یہ دعاء پڑھا کریں۔ (یہی دعاء زکریا ہے)

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ

صدیق احمد

لاولد کے صاحب اولاد ہونے کی دعاء

ایک صاحب نے لکھا کہ میری کوئی اولاد نہیں لاولد ہوں۔ ایسی کوئی دعاء بتا دیجئے کہ صاحب اولاد ہو جاؤں جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی السلام علیکم

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ

پڑھ کر اولاد کے لئے دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

حصول اولاد کی دعاء

ایک صاحب نے لکھا کہ میری شادی ہوئے مدت ہوئی اب تک کوئی اولاد نہیں ہوئی کوئی دعاء بتا دیجئے جس سے اولاد ہو۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء زکریا علیہ السلام پڑھا کیجئے۔

تیسرے پارے میں ہے کسی عالم سے دریافت کر لیجئے۔ نماز کے بعد یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

حصول اولاد کے لئے وظیفہ

اب اہل علم میں دینی کام کا جذبہ نہیں رہا

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہمارے یہاں مدرسہ بن کر تیار ہو چکا ہے۔ عمارت بن چکی ہے کسی کام کرنے والے آدمی کو بھیج دیجئے جو مدرسہ چلائے۔

ایک صاحب کی شادی ہوئے کئی سال ہو گئے اب تک اولاد نہیں ہوئی کوئی تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

خط ملا۔ آدمی کام کے ملتے نہیں۔ آج کل علماء کے اندر بھی دینی خدمت کا رجحان نہیں رہا۔ آپ بھی کوشش کرتے رہیں میں بھی کر رہا ہوں اللہ پاک غیب سے انتظام فرمائے۔

اولاد کے لئے تعویذ بھیج رہا ہوں عورت باندھ لے۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

اور ایک صاحب کو یا مَنّانُ ۱۲۵ دفعہ پڑھنے کے لئے تحریر فرمایا۔ صدیق احمد

حصول اولاد کے لئے

ایک صاحب کے اولاد نہیں ہوتی تھی اس کے لئے حضرت سے کوئی وظیفہ دریافت کیا حضرت نے تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

میاں بیوی ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا وَهَّابُ ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کریں۔ صدیق احمد

لڑکا ہونے کا تعویذ اور دعاء

ایک عالم صاحب نے لکھا کہ ایک خادمہ نوکرانی ہے اس کے سات لڑکیاں ہیں کوئی لڑکا نہیں آپ ایسا کوئی تعویذ دے دیجئے کہ بیچاری کے لڑکا ہو جائے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں تعویذ بھیج رہا ہوں

دعاء زکریا علیہ السلام میاں بیوی پڑھا کریں۔

(دعاء زکریا یہ ہے۔ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاء ہر نماز کے بعد کم از کم تین بار۔) جو تعویذ تحریر فرمایا وہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاء رب هب لی من لدنك ولیا یرثنی فسهل یا الٰهی کل صعب بحرمة سید الابرار ﷺ اللهم اصلحنی شانی کله.

استقرار حمل و حفاظت حمل کے لئے

بسم الله الرحمن الرحیم رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاء رب هب لی من لدنك ولیا یرثنی. الله یعلم ماتحمل کل انثی وما تغیض الارحام وماتزداد وکل شی عنده بمقدار. فالله خیر حافظا وهو ارحم الراحمین.

(یہ تعویذ عورت کے گلے میں باندھ دیا جائے) صدیق احمد

حصول اولاد اور حفاظت حمل کے لئے

مکرمی السلام علیکم
دعاء کر رہا ہوں۔ تعویذ بھیج رہا ہوں بچہ کی ماں کے بازو میں باندھ دیجئے جب حمل ہو اس وقت کمر میں باندھ دیجئے۔
صدیق احمد

وہ تعویذ یہ ہے:

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

بسم الله الرحمن الرحيم
رب هب لی ولدا صالحا اللهم
اصلح لی شانی کله.

لڑکا پیدا ہونے کی دعاء

ایک صاحب نے لکھا کہ میری کئی لڑکیاں ہیں۔ دلی خواہش اور تمنا ہے کہ اب لڑکا پیدا ہو دعاء فرمایئے اللہ تعالیٰ میری آرزو کو پورا فرمادے اور اس مقصد کے لئے کوئی دعاء تحریر فرمائیں۔
حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم
دعاء کر رہا ہوں۔ اولاد نرینہ کے لئے
رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاء (ہر نماز کے بعد) پڑھا کریں۔
صدیق احمد

لڑکے کی ہدایت اور اس کی اصلاح کا وظیفہ

ایک بیوہ عورت نے خط لکھا کہ میرا لڑکا بہت شریر ہے میرا کہنا نہیں مانتا۔ ایسا کوئی وظیفہ بتلا دیجئے کہ اس کو پڑھ کر دم کر دیا کریں اور اس کی اصلاح ہو جائے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
محترمہ السلام علیکم
دعاء کر رہا ہوں۔ اللہ پاک اولاد کو صالح بنائے۔
آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتّاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

نافرمان اولاد کے لئے دعاء

ایک صاحب نے عرض کیا کہ اولاد بہت نافرمان ہے ناک میں دم کر رکھا ہے اس قدر عاجز و پریشان کر دیا ہے کہ میں تنگ آچکا ہوں سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں حضرت نے ارشاد فرمایا:
دعاء کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں۔ ہر نماز کے بعد یہ دعاء تین مرتبہ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ دعاء یہ ہے:
رَبَّنَاهَبْ لَنَامِنْ اَزْوَاجِنَاوَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (پ۱۹)

لڑکا آوارہ ہے شادی کرنے کو تیار نہیں

ایک عورت نے لکھا کہ میرے بڑے لڑکے کے حالات بہت زیادہ خراب ہیں اودھر اودھر غلط دوستوں میں گھومتا پھرتا رہتا ہے۔ اگر اس کی شادی ہو جائے تو شاید درست ہو جائے لیکن وہ کسی طرح شادی کرنے کو تیار نہیں۔ اس کے لئے کوئی تدبیر ارشاد فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا۔

ادائیگی قرض کے لئے اہم دعاء

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرے اوپر قرض بہت زیادہ ہے دعاء کیجئے اللہ تعالیٰ قرض سے خلاصی نصیب فرمائے اور کوئی دعاء بتلادیں جس کو پڑھا کروں' جس کے پڑھنے سے قرض سے نجات ہو جائے' جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں۔ادائیگی قرض کے لئے نماز کے بعد سات بار یہ دعاء پڑھ لیا کیجئے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

صدیق احمد

مال کی تنگی اور اقتصادی پریشانی

ایک صاحب نے مال کی تنگی' اقتصادی پریشانی' خرچ کی زیادتی اور آمدنی کی کمی کی شکایت کی اور اس کے لئے دعاء اور وظیفہ کی درخواست کی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یامُغنی ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ میں بھی آپ کے لئے دعاء کر رہا ہوں۔

صدیق احمد

صحت و برکت کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میری اور گھر میں لوگوں کی صحت ٹھیک نہیں رہتی حالانکہ اللہ تعالیٰ نے خوب کھانے پینے کو دیا ہے کسی چیز کی کمی نہیں۔

دوسرے گھر میں برکت نہیں۔ برکت کے لئے دعاء فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

صحت کے لئے سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

برکت کے لئے یا کافی ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کریں۔

صدیق احمد

تجارت میں برکت اور ادائیگی قرض کے لئے

ایک عورت نے لکھا کہ میرے شوہر تجارت کرتے ہیں لیکن برکت نہیں ہوتی قرضہ بھی کافی ہے۔ برکت کی اور ادائیگی قرض کی دعاء فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

یہ دعاء ہر نماز کے بعد پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

صدیق احمد

کاروبار کی ترقی کے لئے

کاروبار کی ترقی کے لئے ایک صاحب کو تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ہر نماز کے بعد یالطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کریں۔

صدیق احمد

قرض سے خلاصی کے لئے

ایک صاحب کو قرض سے خلاصی اور وسعت رزق کے لئے تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

بعد نماز فجر یہ دعاء سات بار اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

صدیق احمد

کارخانہ فیکٹری، دوکان اور کاروبار کی ترقی کے لئے تعویذ

بسم الله الرحمن الرحيم

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. فسهل يا الٰهى كل صعب بحرمة سيد الابرار ﷺ يا لطيف الطف بى

دوکان یا کارخانہ اور فیکٹری میں باندھ دیا جائے۔

صدیق احمد

ادائیگی قرض کی دعاء

قرض کی ادائیگی کی وجہ سے مکان نہ فروخت کریں تو بہتر ہے

ایک صاحب نے لکھا کہ قرض کی وجہ سے بہت پریشان ہوں آپ نے یا فتاح وظیفہ پڑھنے کے لئے فرمایا تھا برابر پڑھ رہا ہوں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ادائیگی قرض کے لئے کوئی اور دعاء تحریر فرمائیں ارادہ یہ ہے کہ اپنا نصف مکان فروخت کر کے قرض ادا کر دوں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں مکان نہ فروخت کریں تو بہتر ہو۔ اور کوئی صورت ادائیگی قرض کے لئے نکالیئے۔

یہ دعاء سات بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

صدیق احمد

قرض سے خلاصی اور پریشانیوں کے دور ہونے کی دعاء اور وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میں بہت زیادہ پریشان ہوں کئی لڑکیوں کی شادی کرنا ہے اور میں بہت مقروض ہوں۔ ذاتی مکان نہیں ہے اور جو کرایہ کا مکان ہے مالک مکان اس کو خالی کرانے پر آمادہ ہے اور رشتہ کے لئے لڑکے والے لڑکیوں کو دیکھنے کی غرض سے آنے والے ہیں۔ ایسے حال میں کیا کروں۔ مکان کا تو ٹھکانا نہیں قرض کے بوجھ سے دبا ہوں سخت پریشانی ہے۔ میرے لئے دعاء فرمایئے اور جو بہتر ہو وہ ہمارے لئے تحریر فرمایئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔ آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کریں۔

بعد نماز فجر سات بار یہ دعاء پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

لڑکی دیکھنے کے لئے جو صاحب آرہے ہیں آنے دیجئے۔ اللہ پاک مدد فرمائے۔

صدیق احمد

پیسوں میں برکت اور پریشانی دور ہونے کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میں لکڑی کا کام کرتا ہوں بہت محنت کرتا ہوں مگر پھر بھی ایک پیسہ نہیں بچتا اور برابر قرض بڑھتا ہی جارہا ہے۔ سخت پریشانی ہے میرے لئے کوئی وظیفہ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

روزانہ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتّاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔ میں بھی دعاء کرتا ہوں۔

صدیق احمد

دوکان میں برکت کے لئے

مکرمی السلام علیکم

دعاء کررہاہوں اللہ پاک کامیاب فرمائے دوکان میں روزانہ ایک سو بار درود شریف پڑھ لیا کیجئے۔ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یا فتّاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

مکان میں خیر و برکت کا مجرّب عمل

ایک صاحب نے لکھا کہ میں نے مکان بنوایا ہے مکان مکمل بن گیا ہے اس کی خیر و برکت اور کامیابی کے لئے دعاء فرمائیں اور کچھ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کررہاہوں اللہ پاک کامیاب فرمائے اس مکان میں دو رکعت نفل پڑھ کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کرلیں۔

صدیق احمد

برکت کے لئے طغریٰ لگانا

ایک سیاسی بڑے لیڈر نے حضرت کی خدمت میں لکھا کہ میں اپنے آفس دفتر میں برکت کے لئے کوئی چیز لگانا چاہتا ہوں قرآن پاک کی کوئی آیت لگاؤں یا کوئی حدیث شریف یا اور کوئی طغریٰ آپ کچھ لکھ کر عنایت فرمادیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

میں بھی دعا کررہاہوں آپ بھی دعا کریں۔

آفس میں قرآن کی آیات کا طغریٰ مناسب ہے۔

وہ لکھا ہوا فریم شدہ ملتا ہے۔

صدیق احمد

دکان و مکان کی حفاظت و خیر ٭ برکت کے لئے حضرت اقدس کا تحریر کردہ طغریٰ

دکان کی حفاظت و خیر برکت کے لیئے حضرت اقدس نے بڑے کاغذ پر جلی رسم الخط میں مندرجہ ذیل آیات و دعائیں تحریر فرمائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم
فا اللہ خیر حا فظا و ھوا رحم الراحمین
ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین ان اللہ یر زق
من یشاء بغیر حساب ان اللہ علی کل شئی قدیر
ولہ الملك ولہ الحمد اللھم اکفنی بحلا لك
عن حرامك و اغننی بفضلك عمن سواك فسھل
یا الٰھی کل صعب بحرمۃ سید الا برار ﷺ سھل

فقر وفاقہ اور غربت وتنگدستی کا علاج

ایک صاحب نے تحریر فرمایا احقر غریب آدمی ہے ملازمت کرتا ہے کچھ کھیتی ہے پیداوار بہت کم ہوتی ہے کسی چیز میں خیر وبرکت نہیں۔ کافی پریشان رہتا ہوں بیوی بچے اکثر بیمار رہتے ہیں حضور والا سے دعاء کی درخواست ہے۔ کوئی علاج تحریر فرمائیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سورۂ واقعہ (جو ۲۷ویں پارہ میں ہے) بعد مغرب پڑھ لیا کیجئے۔ دعاء کررہا ہوں اللہ پاک مقاصد حسنہ میں کامیاب فرمائے۔

صدیق احمد

کارخانہ وکاروبار میں برابر گھاٹا ہو رہا ہے

ایک معزز تاجر نے لکھا کہ میرا کارخانہ ہے لیکن کئی سال سے برابر کاروبار خسارہ میں ہے کامیابی کی دعاء فرمائیں اور ترقی وکامیابی کا کوئی وظیفہ بتلائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرم بندہ زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کررہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے اور کاززززروبار میں ترقی عطا فرمائے ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کرلیا کیجئے۔ کانپور آنا ہو تو ملاقات کرلیجئے۔

پیسے وصول کرنے کا عمل

ایک صاحب کے پاس میرے کچھ روپے باقی ہیں اور وہ ادا کرنے میں کچھ ٹال مٹول کررہے

ہیں کوئی دعاء ارشاد فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم:- یا عزیز یا لطیف پڑھتے ہوئے اس سے بات کی جائے۔ صدیق احمد۔

چوری شدہ مال واپس مل جائے

یہاں مدرسہ میں بعض طلبہ چوری کرتے ہیں ایک قیمتی سامان چوری ہوگیا ہے کوئی دعاء یا عمل ارشاد فرمائیں تاکہ وہ سامان مل جائے۔ اور چور کو سزا ہو جائے تاکہ آئندہ ایسی حرکت نہ ہو حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ اِلٰی مَعَادٍ۔

لکھ کر سامان جس جگہ سے گیا ہے وہاں رکھ دیں۔

صدیق احمد

باب ۱۴

مختلف پریشانیوں کودور کرنے کے عملیات

گھریلو پریشانیوں سے نجات کا عمل

ایک صاحب کے گھر کے حالات بڑے خراب تھے اور برابر حضرت کی خدمت میں اپنے حالات لکھ کر دعاء کی درخواست کرتے رہتے اور بسااوقات دوسروں کے خط میں بھی اپنی پریشانیاں لکھتے اور کوئی حل چاہتے۔ حضرت نے ان کے لئے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

آپ ان سے تاکید کردیں کہ نماز کی پابندی کریں اور کسی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یارحیم ۱۲۵بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں اللہ پاک فضل فرمائے۔ صدیق احمد

ایک صاحب نے لکھا کہ گھر کے سارے ہی افراد بیمار ہیں علاج سے بھی فائدہ نہیں ہوتا۔ دعاء فرمائیں اور کچھ تجویز فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کررہاہوں ۔

سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کرپانی پردم کر کے مریضوں کوپلادیا کیجئے۔ صدیق احمد

دوکان مکان فروخت ہونے کا تعویذ

ایک صاحبہ نے لکھاکہ میرامکان کرایہ کا ہے اس کے خالی ہونے کی برابر کوشش ہورہی ہے سخت پریشانی ہے۔ میری دوکان فروخت نہیں ہوتی اگر وہ فروخت ہو جائے تو میں مکان

خریدلوں، گاہک آتے ہیں اور لوٹ جاتے ہیں آپ سے دعاء کی گذارش ہے اور اس سلسلہ میں کوئی تعویذ عنایت فرمادیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ زید مجدہا السلام علیکم

برابر دعاء کررہاہوں۔ تعویذ بھیج رہاہوں۔

تعویذ ۱ اس کوجہاں آپ رہتی ہیں وہاں رکھ دیں۔

تعویذ ۲ .دکان میں رکھ دی جائے۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

۱۔ تعویذ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم فالله خير حافظا وهو ارحم الراحمين اللهم انا نعوذبك من الخبث والخبائث اللهم بارك لنا فيمارزقتنا نصيبا اللهم اكفنى بحلالك عن حرامك واغننى بفضلك عمن سواك.

۲۔ تعویذ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم فسهل يا الٰهى كل صعب بحرمة سيد الابرار ﷺ اللهم لاسهل الا ما جعلته سهلا وانت تجعل الحزن سهلا. اللهم ابعث من يكترى هٰذه الدكان.

مختلف قسم کی پریشانیوں اور مرادوں کے لئے

ایک صاحب نے مختلف قسم کی تمام پریشانیاں لکھیں اور بڑی مایوسی ظاہر کی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے اور تمام پریشانیاں دور فرمائے۔ ایک مجرب عمل مشائخ کا تحریر کر رہا ہوں۔ جس دن فرصت ہو دو رکعت نفل پڑھ کر اسی جگہ قبلہ رو بیٹھ کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر اپنے تمام حالات کے لئے دعاء کر لیا کیجئے۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

خادم جامعہ عربیہ ہتھورا۔ باندہ۔

جملہ پریشانیوں کے لئے

ایک مدرسہ کے ذمہ دار نے مدرسہ سے متعلق بڑی پریشانیاں لکھیں یہ بھی لکھا کہ مدرسہ کافی مقروض ہے۔ زمین بھی مدرسہ کے لئے لینا ہے کوئی نظم نہیں۔ اس کے علاوہ بھی شخصی اور مدرسہ کی پریشانیاں لکھی تھیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک تمام مقاصد حسنہ میں کامیاب فرمائے۔

روزانہ سورۂ یٰس شریف کا ختم کرایا جائے اور دعاء کی جائے انشاء اللہ غیب سے سامان ہو گا۔

صدیق احمد

پریشانیوں کے دور کرنے اور حاجات کو پورا کرنے اور کامیابی کے لئے نہایت مجرب عمل

ایک صاحب نے اپنی سخت ضرورت اور حاجت کا ذکر کیا اور کچھ پریشانیاں لکھیں حاجات کے پورا ہونے اور پریشانیوں کے دور ہونے اور کامیابی کے لئے کوئی عمل دریافت کیا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرم بندہ زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مجرب عمل لکھا ہے کہ دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں قبلہ رو ہو کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کر لی جائے۔ احقر نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے اس درود شریف کی زیادہ فضیلت لکھی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

احقر انشاء اللہ روزانہ دعاء کرتا رہے گا۔ مدرسہ میں بھی ختم خواجگان کے بعد دعاء ہو گی۔

صدیق احمد

پریشانیوں کے دور ہونے کا وظیفہ

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک تمام پریشانیاں دور فرمائے ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

ایک صاحب نے لکھا کہ وظیفہ پڑھ رہا ہوں کب تک پڑھتا رہوں؟ جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

وظیفہ سے فائدہ ہی ہے پڑھتے رہیے۔

صدیق احمد

بڑی سے بڑی پریشانی کا علاج

ایک صاحب نے بہت ہی زیادہ پریشانیوں کا اظہار کیا اور لکھا کہ حضرت اب آپ ہی بتلایئے کہ میں کیا کروں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

پریشانی کا علاج خدا سے دعاء ہے، جس دن فرصت ہو دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں قبلہ رو ہو کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کریں۔ یا عزیز یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھا کریں۔

انشاء اللہ پریشانی دور ہو گی۔

صدیق احمد

مکان میں زبردستی قابض ہیں خالی نہیں کر رہے کیا کروں

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرا ذاتی مکان تھا میں نے اپنے ایک عزیز کو رہنے کے لئے اجازت دے دی تھی ۴۰ سال تک وہ بلا کرایہ رہتے رہے، ان کے انتقال کے بعد ان کے ورثاء اب زبردستی رہنا چاہتے ہیں، کہنے کے بعد بھی مکان خالی نہیں کر رہے میں بوڑھا آدمی کیا کر سکتا ہوں تخلیہ مکان کے لئے حضرت اقدس کوئی دعاء وظیفہ ارشاد فرمائیں تا کہ وہ مکان خالی کر دیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعاء سات بار پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ يَا رَفِيْقُ يَاشَفِيْقُ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ شِدَّةٍ وَضِيْقٍ

صدیق احمد

کرایہ دار مکان نہیں خالی کر رہا

ایک صاحب نے لکھا کہ میرا کرایہ دار مکان نہیں خالی کر رہا اور مجھے مکان کی ضرورت ہے کوئی دعاء تحریر فرما دیں حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں۔ نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

باب ۱۴

مقدمہ وامتحان اور الیکشن میں کامیابی کے لئے

مقدمہ کی وجہ سے پریشانی اور حضرت کا جواب

ایک صاحب جو حضرت کے خاص متعلقین میں سے تھے ایک مقدمہ کی وجہ سے بہت پریشان تھے۔ حافظ قاری عالم تھے۔ حضرت نے ان کے خط کا جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مقدمہ کا حال معلوم ہوا۔ اللہ پاک فضل فرمائے آپ کو اس میں بڑی پریشانی اٹھانی پڑ رہی ہے۔ بندہ اپنے پروردگار سے دعاء ہی کر سکتا ہے۔ یہی اس کو پسند ہے۔ آپ لوگ روزانہ ہر نماز کے بعد یالطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کرتے رہیں۔

صدیق احمد

انٹرویو اور امتحان میں ترقی وکامیابی کے لئے

ایک عورت نے لکھا کہ میرے بیٹے کا امتحان ہونے والا ہے۔ انٹرویو بھی ہوگا اس کے لئے خاص طور پر دعاء فرمائیں۔ اور کوئی دعاء تحریر فرمادیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ زید مجدہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک تمام مقاصد میں کامیاب فرمائے۔

صاحب زادے سے کہہ دیجئے کہ نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

ہر مشکل کے لئے

ایک صاحب کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

ہر مشکل کے وقت اس کو پڑھ لیا کریں۔

یالطیف ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ۔

صدیق احمد

الیکشن میں کامیابی کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ الیکشن میں کھڑا ہوں۔ سخت پارٹی سے مقابلہ ہے۔ دعاء فرمائیں اور کامیابی کا کوئی وظیفہ تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے خیریت ہو۔ دعاء کر رہا ہوں۔ اللہ پاک کامیاب فرمائیں۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔

صدیق احمد

الیکشن میں کامیابی کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ پارلیمنٹ کے الیکشن میں کھڑا ہو رہا ہوں درخواست بھی دے دی ہے کامیابی کی دعاء فرمائیں اور کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک مقاصد میں کامیاب فرمائے۔
ہر نماز کے بعد یالطیف ۱۱۱بار اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

سخت ترین حالات اور بڑی پریشانی کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ اس وقت سخت ترین حالات سے گذر رہا ہوں۔ اس قدر پریشان ہوں کہ اپنی حالت آپ سے بتلا نہیں سکتا کیا کروں۔ سمجھ میں نہیں آتا۔
حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی السلام علیکم
دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
صدیق احمد

ہر قسم کی کامیابی کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ بہت سے کام کئے لیکن ہر کام میں ناکامی ہی رہی۔ بڑی پریشانی رہتی ہے۔ میرے لئے دعاء فرمائیں اور ایسی کوئی دعاء اور وظیفہ بتلائیں کہ میں جس کام میں لگوں اللہ پاک اس میں کامیابی نصیب فرمائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک کامیاب فرمائے
ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

مقدمہ سے خلاصی اور چیرمین کے ظلم وزیادتی سے حفاظت کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرا اینٹوں کا بھٹہ ہے جس زمین پر ہے چیرمین کی اس پر نیت خراب ہو گئی ہے' اس نے میرے خلاف مقدمہ دائر کر دیا ہے مجھے پریشان کر رہا ہے' آپ سے دعاء کی گذارش ہے اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رکھے اس مقصد کے لئے تعویذ بھی دے دیجئے اور کچھ پڑھنے کو بھی بتا دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:
مکرمی السلام علیکم
دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے تعویذ بھیج رہا ہوں بازو میں باندھ لیجئے۔
ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔
(تعویذ یہ ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین فسھل
یا الٰھی کل صعب بحرمة سید الابرار ﷺ
اللھم لا سھل الا ماجعلته سھلا وانت تجعل
الحزن سھلا اذا شئت.

مقدمہ میں کامیابی اور ہر مقصد کی بر آری کا مجرب عمل

ایک صاحب نے متعدد پریشانیاں لکھیں اور لکھا کہ اس سال کارخانہ میں صرف ۴ ہزار کی بچت ہوئی ہے جب کہ ہر سال چالیس ہزار بچتے تھے۔ مقدمہ بھی چل رہا ہے۔ کامیابی کی دعاء فرمائیں۔ اور کوئی وظیفہ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کررہاہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔اور آپ کے موافق فیصلہ فرمائے۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مجرب عمل مشائخ کا تحریر فرمایا ہے دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں قبلہ رو ہو کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر حصول مقصد کے لئے دعاء کی جائے وہ دعاء رد نہیں ہوتی۔ اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔ صدیق احمد

مقصد میں کامیابی کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ایک صاحب مسلمان ہیں بہت بڑے مالدار ہیں تمام ہندو دوسری قومیں ان سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ جی میں آجائے پچاس کروڑ خرچ کر ڈالیں میں بالکل بے روزگار ہوں اگر ان سے ملاقات ہو جائے تو کام بن جائے اس مقصد کے لئے تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

یا عزیز یا لطیف پڑھتے ہوئے ان سے ملاقات کیجئے۔اور بات کیجئے۔ نماز کے بعد یا لطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ صدیق احمد

دوکان پر ناجائز قبضہ سے خلاصی کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرے باپ اور چچا دونوں مل کر ساتھ کاروبار کرتے تھے' چچا بھی دوکان میں بیٹھتے تھے اور والد صاحب بھی لیکن اب میرے چچا کے لڑکوں کی نیت خراب ہو رہی ہے وہ پوری دوکان چچا کے نام کرا رہے ہیں اور میرے والد صاحب کو محروم کر رہے ہیں آپ سے دعاء کی درخواست ہے کہ میرے باپ کا بھی حصہ رہے اور ایمانداری کے ساتھ کام

ہو۔ دعاء تعویذ جو کچھ عطا فرمائیں اس کے مطابق عمل کروں گا۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کررہاہوں تعویذ بھیج رہاہوں۔اس کو جیب میں رکھ کر بات کیجئے۔ چند دیندار آدمیوں کو ساتھ لے کر بات کیجئے ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔ صدیق احمد

(حضرت نے یہ تعویذ تحریر فرمایا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم فسیکفیھم اللہ وھو السمیع العلیم حسبنا اللہ و نعم الوکیل فسھل یا الٰھی کل صعب بحرمۃ سید الابرار ﷺ اللھم لاسھل الا ما جعلتہ سھلا وانت تجعل الحزن اذا شئت سھلا.

ضمانت اور مقدمہ سے خلاصی کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ اس وقت گھر بھر پریشان ہے۔ گھر کے سارے افراد بیمار ہیں۔اور ایک مقدمہ بھی قائم ہو گیا ہے جس کی ضمانت بھی نہیں ہو رہی ہے کوئی دعاء وظیفہ پڑھنے کو تحریر فرمائیں یا تعویذ عنایت فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی جناب بھائی .... صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک ہر طرح عافیت نصیب فرمائے۔ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا رَفِیْقُ یا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ شِدَّۃٍ وَضِیْقٍ پڑھ لیا کریں۔

صدیق احمد

جیل خانہ سے خلاصی کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرا بھائی ناجائز طریقہ سے گرفتار کر کے قید کر لیا گیا ہے رہائی اور خلاصی کی کوئی شکل تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا لطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ بھائی سے کہہ دیجئے کہ پچھلے گناہوں سے استغفار کریں اور نماز کا اہتمام کریں۔

صدیق احمد

باب ۱۵

گم شدہ سامان کی واپسی اور بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لئے

گمشدہ سامان کے لئے

ایک صاحب کے قیمتی سامان گھر سے غائب ہو گئے ان کے خط کے جواب میں حضرت نے تحریر فرمایا۔

مکرمی السلام علیکم

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ پوری سورت ۲۵ بار دروازہ پر کھڑے ہو کر پڑھ دیجئے۔ ہر نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ یا لطیف یا ایک سو گیارہ بار اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ سات بار پڑھ لیا کریں۔

صدیق احمد

گمشدہ سامان مل جائے

ایک صاحب کا کوئی قیمتی سامان گم ہو گیا وہ بڑے پریشان تھے۔ حضرت سے دعاء کی درخواست کی اور کوئی تدبیر دریافت کی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

مسروقہ اور گمشدہ سامان کے لئے

ایک صاحب کی بندوق غائب ہو گئی اس کے لئے حضرت کے پاس خط لکھا کہ کچھ پڑھنے کو بتلایئے تاکہ بندوق مل جائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

جہاں سے بندوق گئی ہے اس کے دروازہ پر کھڑے ہو کر والسماء والطارق پوری سورہ ۲۵ بار پڑھ کر دعا کریں۔ اور ہر نماز کے بعد یا معید ۱۱۱ بار پڑھ کر دعا کریں۔ صدیق احمد

زیور کی واپسی کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ ایک شخص گھر سے زیور لے کر بھاگ گیا اس کے لئے کوئی وظیفہ عمل بتلادیں جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

جو شخص زیور لے گیا ہے اس کے نام کے اعداد نکال کر اتنی ہی تعداد میں یا معید پڑھ کر دعا کرلیں۔

صدیق احمد

واپسی گریختہ کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ ہمارا اپوتا غائب ہو گیا ہے طبیعت بہت بے چین رہتی ہے گذارش ہے کہ اس کی واپسی کی کوئی تدبیر 'تعویذ' وظیفہ تحریر فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

تعویذ بھیج رہا ہوں دو پتھروں کے درمیان دبا دیجئے۔ ان کے نام کے عدد نکال کر اتنی ہی تعداد میں یا معید پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ صدیق احمد

تعویذ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم یبنی انھا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السماوات او فی الارض یات بھا اللہ ان اللہ لطیف خبیر.

گمشدہ لڑکے کی واپسی کا عمل

ایک شخص نے لکھا کہ میرا لڑکا گم ہو گیا ہے ایسا کوئی عمل تحریر فرمائیں کہ وہ واپس آجائے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

جو لڑکا چلا گیا ہے اس کے نام کے عدد نکال کر اسی تعداد کے مطابق یا معید پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

واپسی گریختہ کے لئے

ایک صاحبہ نے لکھا کہ میرا لڑکا گم ہو گیا واپس نہیں آرہا کوئی وظیفہ تحریر فرمایئے اور میں آپ کے لئے ۱۰۰ روپیہ بھیجوں گا آپ ضرور کوئی دعا بتلا دیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

محترمہ السلام علیکم

آپ ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا معید ۱۲۵ بار پڑھ کر دعا کرلیا کیجئے۔ روپئے ہرگز نہ بھیجئے اس قسم کے کام روپئے لے کر نہیں کئے جاتے۔ صدیق احمد

لڑکا غائب ہے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ میرا لڑکا ایک ماہ سے غائب ہے وہ کہا کرتا تھا کہ میں بھورا

پڑھنے جاؤں گا اس کا نام...... ہے۔ آپ کے یہاں تو نہیں ہے بڑی بے چینی ہے دعاء فرمادیجئے کہ واپس آجائے اس کی ماں بہت پریشان ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس نام کا کوئی لڑکا نہیں آیا۔ دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک اس کو جلد گھر واپس لائے۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

بھاگے ہوئے لڑکے کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہے کوئی تدبیر تحریر فرمائیں جواب تحریر فرمایا

مکرمی السلام علیکم

لڑکے کے نام کے اعداد نکال کر اتنی ہی تعداد میں یا معید پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ انشاء اللہ آجائے گا۔ اگر نہ آئے بیس یوم کے بعد پھر مطلع کریں۔

صدیق احمد

بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لئے

یبنی انها ان تك مثقال حبة من خردل فتكن فی صخرة او فی السماوات او فی الارض یات بها الله ان الله لطیف خبیر اللهم اردد علی ابنی.......

فائدہ: اس تعویذ کو لکھ کر کاغذ میں لپیٹ کر گھر کے اندر پاک دو پتھروں کے بیچ میں دبا دیا جائے۔ تعویذ کے آخر میں غائب کا نام لکھ دیا جائے نام سے پہلے اگر وہ بیٹا ہے تو ابنی اور اگر بھائی ہے تو اخی یا اور اسی کے مناسب الفاظ لکھے جائیں۔ اور اس کے بعد اس کا نام لکھا جائے۔

لڑکی گم ہو گئی

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ لڑکی غائب ہو گئی اب تک واپس نہیں آئی۔ آپ نے تعویذ بھی دیا تھا اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

لڑکی کے نام کے اعداد نکال کر اتنی تعداد میں یا معید پڑھ کر روزانہ دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

لڑکی کا اغواء کر لیا اب کیا کروں

ایک صاحب نے سخت پریشانی کے عالم میں لکھا کہ میری چودہ سالہ لڑکی چور بدمعاشوں غنڈوں نے اغوا کر لیا، ایک ہفتہ ہو چکا لڑکی اب تک لاپتہ ہے میں سخت پریشان ہوں، سکون غارت ہو گیا حضرت بتلایئے میں کیا کروں۔ دعاء بھی کیجئے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حادثہ کا علم ہوا بہت رنج ہے۔ یہ دعاء سات بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

فَسَهِّلْ یا اِلٰهِیْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ.

لڑکی کے نام کے اعداد نکال کر اتنی مقدار میں یا مُعِیْدُ پڑھ کر دعاء کریں۔

صدیق احمد

کسی کا بچہ اگر گم ہو گیا ہو تو نقش کو لکھ کر درخت پر لٹکاؤ

یا مُحْصِی · یا مُحْصِی

بچہ کا نام · ماں کا نام

یا مُحْصِی · یا مُحْصِی

باب ۱٦

متفرق عملیات

۱۔ کسی شخص یاسامان کی واپسی کے لئے تحریر فرمایا:

ہر نماز کے بعد یامعید ۱۱۱بار پڑھ کر دعاء کریں۔

۲۔ مقدمہ سے خلاصی اور کامیابی کے لئے تحریر فرمایا:

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۲۵بار پڑھ کر دعاء کریں۔

۳۔ مہلک امراض سے شفایابی کے لئے تحریر فرمایا:

روزانہ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کرپانی پردم کر کے پلادیا کیجئے۔

۴۔ پریشانیوں سے نجات کے لئے ایک صاحب کو تحریر فرمایا:

پریشانی کے ازالہ کے لئے یافتاح کسی نماز کے بعد ۱۲۵بار پڑھ لیا کریں۔

۵۔ اولاد کی حفاظت کے لئے تحریر فرمایا: معوذ تین پڑھ کردم کردیا کیجئے۔

٦۔ گھر سے آسیبی اثرات ختم کرنے کے لئے تحریر فرمایا گھر میں سورۂ بقرہ پڑھ دی جائے انشاءاللہ اثرات ختم ہو جائیں گے۔

۷۔ فاقہ سے حفاظت اور برکت کے لئے تحریر فرمایا سورہ واقعہ بعد مغرب پڑھا کریں۔

آپ کا لفافہ بیرنگ ہے اس طرح نہ کیا کیجئے۔

(تعویذ کے لئے جوابی لفافہ پتہ لکھ کر بھیجنا چاہئے)

صدیق احمد

کنواں کھدوانے کی آسانی وکامیابی اور شیریں پانی نکلنے کا عمل

ایک صاحب نے لکھا کہ حضرت میں نے کنواں کھدوایا ہے بڑی کوشش جاری ہے دعا فرمایئے کہ کامیابی نصیب ہو جائے اور اس کا پانی خوب اور شیریں ہو اس کے لئے کوئی وظیفہ او عمل و تعویذ ہو تو عطا فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یافتاح ۱۲۵بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں ایک تعویذ بھیجتا ہوں قریب ہی ڈبیہ میں بند کر کے گاڑ دیجئے۔

دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں قبلہ رو ہو کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعاء کرلیں

صدیق احمد

تعویذ یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم فسهل يا الٰهى كل ضعب بحرمة سيد الابرار ﷺ اللهم سهل لا سهل الا ما جعلته سهلا وانت تجعل الحزن سهلا.

علاقہ کی آب وہوا موافق وسازگار نہیں

ایک طالب علم ایک مدرسہ میں تعلیم حاصل کرنے گئے وہاں کی آب وہوا ان کے موافق ہوئی۔ صحت خراب ہونے لگی بہت پریشان رہتے تھے حضرت اقدس سے مشورہ کیا حضرت۔ جواب تحریر فرمایا:

برادرم السلام علیکم

اب داخلہ لینے کے بعد دوسری جگہ جانا مناسب نہیں، سورۂ فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجئے میں بھی دعاء کر رہا ہوں۔

صدیق احمد

مرحوم کو خواب میں دیکھنے کا عمل

دیوبند سے ایک طالب علم نے لکھا کہ میں محنت سے پڑھتا تھا اچانک اطلاع آئی کہ میرے والد کا انتقال ہو گیا اب میری پڑھائی میں کوتاہی ہونے لگی جی ہی نہیں لگتا۔ معلوم نہیں والد صاحب کس حال میں ہوں ایسا کوئی عمل تحریر فرمادیں کہ میں اپنے والد صاحب کو خواب میں دیکھ لوں کہ کس حال میں ہیں۔ اور دعاء فرمائیں کہ تعلیم میں میرا جی لگ جائے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

عزیزم السلام علیکم

حالات کا علم ہوا۔ دعاء کر رہا ہوں۔ اللہ پاک مرحوم کو غریق رحمت فرمائے۔ ان کے لئے ایصال ثواب قرآن پاک پڑھ کر روزانہ کیا جائے انشاء اللہ خواب میں زیارت ہو گی۔ صدیق احمد

خواب میں رسول پاک ﷺ کی زیارت کا عمل

ایک صاحب نے دریافت فرمایا کہ ایسی کوئی دعاء بتا دیجئے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہو جائے۔ جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا۔ دعاء کر رہا ہوں سوتے وقت درود شریف کی کثرت کیجئے۔ سنت کی پیروی کیجئے۔ انشاء اللہ زیارت نصیب ہو گی۔

صدیق احمد

خواب میں رسول پاک ﷺ کی زیارت کا عمل

ایک صاحب نے عملیات اور وظائف دریافت کئے اور لکھا کہ عرصہ سے اس میں مشغول ہوں لیکن کامیابی نہیں ہوتی۔ اب آپ کچھ عملیات بتائیں اس کے مطابق کوشش کروں۔ اور ایسا کوئی عمل بتائیں جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

آپ اس میں نہ پڑیں اس میں خطرہ ہے۔ درود شریف کثرت سے پڑھا کریں انشاء اللہ زیارت حاصل ہو گی۔

صدیق احمد

دفینہ

ایک صاحب نے لکھا کہ ایک عامل نے بتلایا ہے کہ میرے گھر میں دفینہ ہے جس پر جناتوں کا قبضہ ہے اس سلسلہ میں آپ کی کیا رائے اور مشورہ ہے۔

مکرمی السلام علیکم

اس سلسلہ میں مجھے کوئی دخل نہیں کسی عامل سے رجوع کیجئے۔

صدیق احمد

دفینہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے گھر میں دفینہ ہے اگر وہ دفینہ ہاتھ آجائے تو مکتب مدرسہ چلانے کا کام بہت آسان ہو جائے اس کے لئے کوشش فرمائیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

کسی عامل سے مشورہ کیجئے۔ دعاء کر رہا ہوں۔

صدیق احمد

دفینہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے مکان میں دفینہ ہے کسی زمانہ کے بادشاہ کی تلواریں بر آمد ہوئی ہیں اور خزانہ بھی ہے۔ حضرت والا رہنمائی فرمائیں کسی عامل کا پتہ دیں جس کی مدد سے ہم اس پر قابض ہو سکیں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں۔

مجھے تو ایسا کوئی عامل نہیں معلوم اللہ پاک آپ کو کامیاب فرمائے۔ صدیق احمد

دفینہ سے متعلق

ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ ہمارے پرانے مکان میں دفینہ ہے کئی لوگوں کو اس کی بشارت ملی میں نے متواتر تقریباً ایک ماہ تک استخارہ کیا اس میں بھی یہی نکلا کہ دفینہ ہے اس کو نکالو۔ حضرت شیخ نے لکھا ہے کہ استخارہ کے بعد جو بات دل میں آئے وہ صحیح ہوتی ہے لہٰذا آپ سے مشورہ درکار ہے کہ ہم لوگ کیا عمل کریں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔ مجھے آج تک تو ایسا کوئی عامل نہیں ملا جس نے دفینہ نکال کر دیا ہو۔ یہ سب پریشان کرنے کی باتیں ہیں مجھے اس معاملہ میں کوئی دخل نہیں کوئی دیندار عامل ہو اس سے تذکرہ کیجئے۔ صدیق احمد

غصہ کی زیادتی ختم کرنے کے لئے

ایک صاحب نے تحریر فرمایا میرے اندر غصہ کی بہت زیادتی ہے گھر میں سب لوگ پریشان رہتے ہیں۔ سب لوگ بیزار ہیں۔ جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک شریعت کا پابند بنائے غصہ کے وقت درود شریف پڑھا کیجئے۔ سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے سب کو پلادیا کیجئے۔ سب کے لئے دعاء کر رہا ہوں۔

صدیق احمد

نافرمان لڑکے کے لئے اور رزق کی برکت کے لئے

ایک صاحب نے لکھا کہ میرا لڑکا انتہائی بدمعاش ہے گھر سے فرار ہو جاتا ہے ایسی حرکتیں کرتا ہے کہ خاندان میں کسی نے نہیں کی۔ رزق کی تنگی سے بھی پریشان ہوں، فاقہ کی نوبت ہے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

معوذتین (یعنی سورۂ فلق وسورۂ ناس) پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادیا کریں۔

صدیق احمد

باب ۱۷

حکومت کے مظالم اور اس کا علاج

انفرادی پریشانیاں، مصائب، اور ان کا علاج

ایک صاحب نے اپنی بہت سی پریشانیوں کا اظہار کیا اور یہاں تک لکھا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ اب میں خودکشی کرلوں۔ قرض کے بار میں دبا ہوا ہوں مجھے مشورہ دیجئے کہ میں کیا کروں۔

حضرت نے جواب دیا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حالات کا علم ہوا دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔ آپ ناامید نہ ہوں۔ حالات پیش آتے ہیں انشاء اللہ دور ہو جائیں گے۔ دعاء کرتے رہئے۔ دعاء مؤمن کا ہتھیار ہے۔ دعاء رد نہیں ہوگی۔

ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ یا سُبُّوحُ یا قُدُّوسُ ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کیجئے۔

صدیق احمد

آسمانی آفت سیلاب سے سب پریشان ہیں کیا کریں

ایک صاحب نے اپنے علاقہ کی عمومی پریشانی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا کہ سیلاب کا تیسرا حملہ ہو چکا ہے' تباہی بیان سے باہر ہے' ہم لوگوں کے مکانات بالکل منہدم ہو گئے' گھر سے بے گھر ہو گئے' سخت پریشانی میں ابتلاء ہے کیا کریں۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

آپ وہاں لوگوں سے کہہ دیں کہ سورۂ یس روزانہ پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

صدیق احمد

ہندو مسلم مندر و مسجد کے اختلافات سے بچنے کے لئے وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ جس مسجد میں پڑھاتا ہوں مسجد کے سامنے ایک مندر ہندوؤں نے راتوں رات بنا ڈالا۔ مقدمہ بازی ہوئی فیصلہ مسلمانوں کے حق میں ہوا اور مندر کو گرا دینے کا فیصلہ کر دیا گیا لیکن اب بن جانے کے بعد اس کا گرانا بہت مشکل ہے فتنہ کا اندیشہ ہے۔ عوام سے خطرہ زیادہ ہے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا اور جواب سے قبل فرمایا کہ یہ سب ان کی سازش ہوتی ہے کہ میں فیصلہ اسی طرح کر دوں گا لیکن تم بنالینا بننے کے بعد کون گرا سکتا ہے۔ ورنہ جب مندر بن رہا تھا تو کیا ان کو اس کا علم نہ تھا اس وقت بھی تو منع کر سکتے تھے اور حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائیں ہماری بداعمالیاں ہیں جن کی وجہ سے آئے دن مصائب کا شکار ہو رہے ہیں۔

سب لوگ بعد نماز عشاء سورۂ یس پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

فتنہ وفساد اور ظالم ومتعصب شخص کے شر سے بچنے کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ ہمارے علاقہ میں ایک ہندو شخص بڑا پہلوان متعصب اور بڑا شری قسم کا ہے۔ اس نے بڑا ادھم مچار کھا ہے۔ مسلمان اس کے شر سے پریشان ہیں۔ مسلمانوں کی دوکانیں اس نے لٹوائیں۔ گھروں کے اندر گھس گھس کر گرفتاریاں کروائیں۔ بڑا ہی ظالم شخص ہے۔ اس ظالم کے لئے بددعاء کر دیجئے اللہ اس کو ہلاک کر دے اور مسلمانوں کو اس کے شر سے محفوظ رکھے اور اس کے شر سے حفاظت کے لئے کوئی تدبیر عمل 'وظیفہ 'دعاء وغیرہ تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی السلام علیکم

سب لوگ سورۂ یٰسٓ پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔

ہر نماز کے بعد یا سَلَامُ ۱۱۱ بار پڑھ کر دعاء کی جائے۔ صدیق احمد

کشیدہ حالات میں کیا کریں

کشمیر سے ایک صاحب نے تحریر فرمایا کہ یہاں کشمیر میں حالات بہت کشیدہ ہیں ہمیشہ ڈر خوف رہتا ہے نہ معلوم کیا سے کیا ہو جائے۔

لہٰذا برائے کرم مدرسہ کے طلبہ کے لئے کوئی مختصر سا وظیفہ عنایت فرمائیں جو اجتماعی طور پر پڑھا جائے تاکہ مدرسہ ہمیشہ خطرات سے محفوظ رہے حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعاء کر رہا ہوں اللہ پاک فضل فرمائے۔ سورۂ بقرہ مدرسہ میں پڑھ دی جائے۔ روزانہ سورۂ یٰسٓ پڑھ کر دعاء کی جائے اللہ پاک ہر طرح فضل فرمائے۔ صدیق احمد

حکومت کے ظلم سے خلاصی کا وظیفہ

ایک صاحب نے لکھا کہ میرے بیٹے کو مدرسہ سے پولیس نے گرفتار کر لیا اور دہشت گردوں کو پناہ دینے کے الزام باطل میں گرفتار کر کے ٹاڈا جیسے کالے قانون میں میرٹھ جیل بھیج دیا۔ کوششیں جاری ہیں۔ ہم سب آپ کی دعاؤں کے شدید محتاج ہیں۔

حضرت اقدس نے جواب تحریر فرمایا:

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

واقعہ کا علم ہوا۔ بہت صدمہ ہے اللہ پاک نجات عطا فرمائے۔ یہاں انشاء اللہ روزانہ دعاء ہو گی۔ وہاں بھی اس کا اہتمام رہے روزانہ سورۂ یٰسٓ پڑھ کر دعاء کی جائے اور یَاسُبُّوحُ یَا قُدُّوسُ ۱۲۵ بار پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ صدیق احمد

ایسے سنگین حالات میں کیا کیا جائے

ایک صاحب نے اپنے علاقے کے حالات تحریر فرمائے کہ فتنہ وفساد کا بازار گرم ہے مسلمانوں کا جانی ومالی کافی نقصان ہو رہا ہے راستہ چلتے بسوں کو روک کر مسلمان مسافرین کو نقصان پہنچایا جاتا ہے بڑے سنگین حالات ہیں حضرت اقدس سے دعاء کی درخواست ہے۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

مکرم بندہ زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط ملا پڑھ کر بہت صدمہ ہوا اللہ پاک فضل فرمائے اور ہم سب کی جان ومال ایمان عزت وآبرو کی حفاظت فرمائے۔ روزانہ سورۂ یٰسٓ کا ختم کر لیا جائے۔ قنوت نازلہ فجر کی نماز میں پڑھی جائے گناہوں سے توبہ کی جائے یہی اسباب ہیں خدا کی رحمت متوجہ کرنے کے لئے۔ صدیق احمد

ہندوستان کے موجودہ حالات اور اس کا شرعی حل

بابری مسجد شہید ہو جانے کے بعد مختلف شہروں میں زبردست ہندو مسلم فسادات کے واقعات وجود میں آئے۔ اور بکثرت مسلمانوں ہی کا جانی و مالی نقصان ہوا۔ کتنے گھر منہدم ہوئے کتنی مسجدیں مسمار ہوئیں۔ دوکانیں جلائی گئیں۔ جان گئی مال لٹا عزت خاک میں ملی۔ چاروں طرف سے مسلمانوں کی مظلومیت اور بے کسی کے خطوط آرہے تھے اس سلسلہ میں خطوط کے جوابات میں حضرت نے جو کچھ تحریر فرمایا وہ مندرجہ ذیل ہے۔

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم

حالات کا علم ہوا اللہ پاک ہم سب پر اپنا فضل فرمائے اور سب کی جان و مال عزت و آبرو کی حفاظت فرمائے۔ حالات سب جگہ کے خراب ہیں کثرت سے دعاء کی جائے۔ سب لوگ روزانہ سورۂ یٰسٓ شریف پڑھ کر دعاء کر لیا کریں۔ یہاں بھی حالات اچھے نہیں ہر وقت خطرہ ہے۔

صدیق احمد

مکرمی السلام علیکم

دعاء کیجئے اپنے بس میں دعاء ہے اللہ پاک فضل فرمائے۔ مسلمان خدا کی طرف جھک جائیں۔ روئیں توبہ کریں۔ تو انشاء اللہ حالات بدلیں گے۔

صدیق احمد

مکرمی زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

کثرت سے دعاء ہو مسجدوں کو آباد کیا جائے گھروں میں نماز تلاوت کا اہتمام ہو ہر نافرمانی سے باز آجائیں انشاء اللہ ظالموں کو جلد ہی عبرت ناک سزا مل جائے گی مگر مسلمان ایسا نہیں کر رہے۔

صدیق احمد

Scanned by CamScanner